مختصراً، پچھلے گیارہ سالوں میں بھارت نے بنگلہ دیش کو اپنی کالونی بنانے کے منصوبے میں بہت زیادہ پیش قدمی کی ہے۔ ریاستی مشینری پر اپنا قبضہ مستحکم کرنے کے بعد، بنگلہ دیش پر ہندوؤں کا حملہ ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ بنگلہ دیش میں ہندوتوا قوتوں نے اب اپنی وفادار اور آزمودہ عوامی لیگ کو بھی نظر انداز کرنا شروع کر دیا ہے۔ سالوں کی تیاری کے بعد، ہندو اب اتنے پر اعتماد ہو چکے ہیں کہ وہ کھل کر اپنے تکبر کا اظہار کرتے ہیں اور مسلمانوں کو کھلے عام چیلنج کرتے ہیں۔

ریاستی امور میں ہندوؤں کی بالادستی

شماریات کے ادارے (Bureau of Statistics) کے مطابق ہندو بنگلہ دیش کی آبادی کا 10.7 فیصد ہیں۔ وزیر خارجہ عبد المومن نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت کے کل ملازمین کا پچیس فیصد اقلیتوں پر مشتمل ہے۔ لیکن بنگلہ دیشی حکومت میں ہندوؤں کی اصل تعداد اس سے کہیں

[1] ہندوتوا، ہندو قوم پرستی پر مبنی ایک نظریہ ہے جسے 'ونایک دامودر ساورکر' نے ۱۹۲۳ء میں متعارف کروایا۔ اس نظریے کے مطابق صحیح معنوں میں ایک ہندو بلکہ ایک ہندوستانی وہ شخص ہے جو ہندو ماں باپ کے ہاں پیدا ہوا ہو اور ہندوستان کو اپنی مادر وطن اور ایک مقدس زمین تصور کرتا ہو۔ اس نظریے کے مطابق ہندومت کے علاوہ دیگر ہندوستانی مذاہب (بدھ، سکھ اور جین) ہندو قومیت میں شامل ہیں جبکہ اسلام، عیسائیت اور یہودیت باہر سے آئے ہوئے مذاہب ہیں اور ان کا ہندو قومیت سے کوئی تعلق نہیں۔ بھارتیا جنتا پارٹی (بی جے پی) نے اس نظریے کو اپنی پارٹی کا سرکاری نظریہ قرار دیا ہے۔

زیادہ ہے۔ ۲۰۱۶ء میں کابینہ کے ایک سیکریٹری نے بتایا کہ کم از کم ۲۹ فیصد حکومتی ملازمتوں پر ہندو بیٹھے ہیں۔ پچھلے تین سالوں میں اس تعداد میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اس وقت ۳۵ فیصد حکومتی ملازمتیں ہندوؤں کے پاس ہیں۔

یہ ہندو جنہوں نے حسینہ واجد کی حکومت کی مکمل مدد کے ذریعے ریاستی اداروں میں ملازمتیں حاصل کی ہیں اب پوری کوشش میں لگے ہیں کہ اپنے مزید بھائی بندوں کو حکومتی ملازمتیں دلوائیں۔ ہندو ممتحن، نگران اور بورڈ کے ارکان خاص طور پر زیادہ سے زیادہ ہندوؤں کو حکومتی اداروں میں داخل کرنے کے ہدف پر کام کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے قومی اخباروں میں متعدد واقعات شائع ہوئے ہیں۔ مزید برآں ملازمتوں میں ترقی کے معاملے میں بھی ہندوؤں کو فوقیت دی جا رہی ہے۔ کچھ سال قبل سیکریٹیریٹ میں ۱۶۵ افسروں کو نئے عہدوں پر ترقی دی گئی جن میں سے ۴۵ افسران ہندو تھے۔ اسی طرح ملک سے باہر تربیت کے لیے بھیجنے کے معاملے میں بھی ہندو افسران کو فوقیت دی جاتی ہے۔ اس طرح کے اقدامات کے ذریعے مستقبل میں بیوروکریسی کے عہدوں پر ہندوؤں کی ترقی کو بہت منظم طریقے سے یقینی بنایا جا رہا ہے، اور یہ عمل بلا روک ٹوک پچھلے دس سال سے جاری ہے۔ اس عرصے میں ہندوؤں نے ریاستی ڈھانچے میں اہم اور حسّاس عہدوں تک رسائی حاصل کر لی ہے۔ بیوروکریسی اور انتظامیہ میں کام کرنے والے یہ ہندو، ملک میں ہندوتوا منصوبے کی معاونت اور اس کی پیش رفت کو یقینی بنانے میں بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

ہندو، ریاستی اداروں میں کس حد تک نفوذ حاصل کر چکے ہیں اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ حسینہ واجد کے سیاسی مشیر کا پرائیوٹ سیکریٹری ایک ہندو ہے، اسی طرح اس کے معاشی مشیر کا پرائیوٹ سیکریٹری بھی ہندو ہے، حتیٰ کہ حسینہ واجد کا معاون خصوصی بھی ہندو ہے۔ وزیر اعظم کے تحت آنے والی تمام ہی وزارتوں کے اندر اعلیٰ عہدوں پر اب ہندو قابض ہو چکے ہیں۔

ہندوؤں کو باقاعدہ نپے تلے انداز میں ریاستی مشینری کی ہر سطح پر بٹھایا جا رہا ہے۔ راج شاہی، سلہٹ، ڈھاکہ، چٹاگانگ، کھلنا، میمن سنگھ، تقریباً تمام ضلعی کمشنروں کے دفاتر میں اعلیٰ عہدوں پر ہندو فائز ہیں۔ ہندو تعلیمی نظام پر بھی خاص توجہ دے رہے ہیں اور اس میں بھی مکمل نفوذ حاصل کر چکے ہیں۔ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کا موجودہ چیئرمین بھی ایک ہندو ہے اور اس نے نصاب کو بتدریج 'ہندوانے' میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔

ہندو تھانیدار اور ایس پی ملک کے تمام اہم تھانوں اور اضلاع میں تعینات کیے جا چکے ہیں۔ بنگلہ دیش کی آزادی کے تینتیس سالوں میں پولیس کی سپیشل برانچ میں کوئی غیر مسلم بھرتی نہیں کیا گیا لیکن ۲۰۱۴ء کے بعد سے سپیشل برانچ میں بھی ہندو بھرتی کیے جا رہے ہیں۔ حال ہی میں ایک ہندو کو ترقی دے کر پولیس کی خفیہ برانچ کا سربراہ بنا دیا گیا ہے۔ یہ ہندو افسران بالعموم اپنے ساتھ موجود نام نہاد مسلمان افسران پر اپنا غلبہ قائم کرنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں اور اگر کوئی بھی ان ہندو افسران کے خلاف کوئی قدم اٹھانے کی کوشش کرتا ہے تو وزیر اعظم کے دفتر یا بھارتی ہائی کمیشن سے براہ راست فون کال کے ذریعے سے ایسے افراد کی گوشمالی کی جاتی ہے۔

مزید برآں، اس وقت بنگلہ دیش میں قانونی اور غیر قانونی طور پر پندرہ سے بیس لاکھ بھارتی شہری کام کر رہے ہیں۔ ان ہندوؤں نے کپڑے کی صنعت اور دیگر صنعتوں میں بھی اعلیٰ سطحوں پر اپنا تسلط قائم کر رکھا ہے۔

یہاں یہ بات بھی اہم ہے کہ بنگلہ دیش میں موجود ہندوؤں کی پچاس فیصد سے زیادہ تعداد کا تعلق نچلی ذاتوں (دلت[1] یا ہریجن[2]) سے ہے۔ ان میں سے زیادہ تر ہندوؤں کا تعلق کم آمدنی والے گھرانوں سے ہے اور معاشرے میں اور نوکریوں کے حصول کے اعتبار سے بھی ان کی کوئی مضبوط حیثیت نہیں ہے۔ نام نہاد اونچی ذات کے ہندو خود کو ان نچلی ذات کے ہندوؤں سے ممتاز تصور کرتے ہیں اور خود کو ان سے جدا رکھتے ہیں۔ حکومتی ملازمتوں میں اس نچلی ذات کے ہندوؤں کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ جن ہندوؤں نے انتظامیہ کے اندر اعلیٰ عہدے حاصل کر رکھے ہیں ان کا تعلق نام نہاد اونچی ذاتوں سے ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک ایسا گروہ جو آبادی کا پانچ فیصد بھی نہیں وہ سول انتظامیہ کے ۳۵ فیصد حصے پر قابض ہے۔ یہ نام نہاد اونچی ذات کے ہندو ہمیشہ بھارت کے ایجنٹ رہے ہیں اور یہ ہمیشہ ہندو ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں کوشاں رہتے ہیں۔ سابق چیف جسٹس بھی ایک ہندو سریندر سنہا ہے۔ اس کے اثر و رسوخ اور اس عہدے تک پہنچنے کا اصل راز اس کا بھارتی ہائی کمیشن کے ساتھ تعلق ہے۔ اس کے دور میں ہائی کورٹ سے جاری ہونے والے بہت سے فیصلے براہ راست بھارتی ہائی کمیشن کی ہدایات پر جاری ہوئے۔

حال ہی میں ایک صحافی نے ایک ایسے خط کا ذکر کیا ہے جو حکومتی اداروں میں ملازم ہندوؤں کو بھیجا گیا ہے۔ اس خط کے ذریعے انہیں یہ پیشکش کی گئی ہے کہ ''اسکون'' (ISKCON) کے احکامات کے مطابق کام کرو تو تمہاری ترقی کے معاملات کو ہم دیکھ لیں گے، اس کے علاوہ ہر ماہ تمہاری سرکاری تنخواہ کے ساٹھ فیصد تک کی اضافی رقم بھی ہم دیا کریں گے۔ ('اسکون' کیا ہے اس کے بارے میں آگے آئے گا۔)

---

[1] ماضی میں انہیں شودر کہا جاتا تھا پھر یہ اصطلاح استعمال میں لائی گئی تاکہ شودر کے نام میں جو توہین موجود ہے اس کی جگہ کوئی اور نام استعمال کیا جائے، جس کے سنسکرت میں معنیٰ 'مظلوم' کے ہیں۔ لیکن اب یہ اصطلاح بھی ہندو معاشرے میں توہین آمیز بن چکی ہے۔

[2] یہ نام شودروں کو گاندھی نے دیا تھا جس کا معنیٰ تھا ''خدا کے بیٹے''۔ گاندھی نے یہ اصطلاح بھی شودر کی توہین آمیز اصطلاح تبدیل کرنے کے لیے استعمال میں لائی تھی لیکن اب یہ اصطلاح بھی معاشرے میں توہین آمیز بن چکی ہے۔

سادہ لفظوں میں ہندو نفوذ کے اسی طریقۂ کار کی پیروی کر رہے ہیں جو پہلے صہیونی استعمال کر چکے ہیں۔ اس طریقۂ کار کے ذریعے اور حسینہ واجد کی حکومت کی مدد سے، انہوں نے اب بنگلہ دیش کی بیوروکریسی اور سول انتظامیہ پر مکمل تسلط حاصل کر لیا ہے۔

متحارب ہندو

پچھلے دس سالوں میں ہندوؤں نے اپنے برابر نفوذ کے ذریعے جو طاقت اور اثر و رسوخ حاصل کیا ہے وہ اب نظر آنا شروع ہو گیا ہے۔ پچھلے عرصے میں پیش آنے والے متعدد واقعات اس چیز کی گواہی دیتے ہیں۔

شامپریتی[1] بنگلہ دیش

مئی ۲۰۱۹ء میں، تمام بڑے قومی اخباروں نے اپنے صفحۂ اوّل پر ایک بڑا اشتہار شائع کیا۔ جس کا عنوان تھا ''ممکنہ دہشت گرد کی شناخت کے لیے بنیادی نشانیاں''۔ اس کی فہرست میں بعض بنیادی اسلامی عقائد اور شعائر کو شدت پسندی اور دہشت گردی کی علامات ظاہر کیا گیا۔ جن چیزوں کو شدت پسندی کی نشانیاں قرار دیا گیا ان میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

- جمہوریت کو اسلام کے منافی تصور کرنا
- اسلامی نظام، شریعت یا خلافت کے قیام میں دلچسپی
- اسلام میں اچانک سے دلچسپی لینا شروع کرنا
- داڑھی رکھنا
- شلوار ٹخنوں سے اونچی کرنا
- شرک و بدعت کے خلاف بات کرنا
- قومی تہواروں کو شرکیہ کہنا اور ان کی مخالفت کرنا
- غزوۂ ہند، ظہورِ مہدی و دجال کے موضوعات میں دلچسپی لینا
- عالمی طور پر مسلمانوں پر ہونے والے ظلم سے متعلق آگاہ رہنا
- شیخ انور العولقی، مولانا عاصم عمر، شیخ جاسم الدین رحمانی اور استاد تمیم العدنانی کے دروس سننا
- دینی حلقے منعقد کرنا
- میلاد النبی اور شب برأت کی مخالفت کرنا
- جسمانی صحت پر توجہ دینا

یہ اشتہار شامپریتی بنگلہ دیش نامی تنظیم کی جانب سے نشر کیا گیا۔ اس تنظیم کا قیام تین سال پہلے ہوا اور اس کا سربراہ پجوش بوندوپاڈھے ایک اسلام دشمن ہندو ہے۔ اس نے نام نہاد شاہ باغ تحریک کے دوران مجمع میں اسلام مخالف نظم پڑھ کر سنائی تھی۔ ۲۰۱۶ء میں بھارت گیا اور مودی سے ملاقات کی اور بنگلہ دیش میں ''ہندوؤں پر ڈھائے جانے والے مظالم'' کی شکایت کی۔ اس کا تعلق ''اسکون'' (ISKCON) نامی تنظیم کے ساتھ بھی ہے۔ شامپریتی بنگلہ دیش کی صفوں میں اور بھی بہت سے مشہور بھارتی ایجنٹ اور نام نہاد دانشور شامل ہیں۔ بہت سے عیسائی پادری اور بدھ راہب بھی اس تنظیم کے رکن ہیں۔

اس اشتہار کو شدید ردعمل کا سامنا کرنا پڑا۔ عام مسلمانوں نے سوشل میڈیا پر بھی اس اشتہار کے خلاف احتجاج کیا۔ کچھ ہی دنوں کے بعد شامپریتی بنگلہ دیش نے اخباروں میں ایک اور اشتہار شائع کیا جس میں دعویٰ کیا گیا کہ ان کا پہلے اشتہار سے کوئی تعلق نہیں۔

'بنگلہ دیش کونسل برائے ہندو، بدھ، عیسائی اتحاد' اور پریا ساہا

۱۷ جولائی ۲۰۱۹ء کو ایک بنگلہ دیشی ہندو عورت پریا ساہا نے وائٹ ہاؤس میں عوامی ملاقات کے دوران ڈانلڈ ٹرمپ کو بنگلہ دیش میں ''ہندوؤں کے خلاف مظالم'' کی شکایت کی۔ اس عورت نے دعویٰ کیا کہ بنگلہ دیش سے تین کروڑ ستّر لاکھ ہندوؤں کو غائب کر دیا گیا ہے۔ انہیں بنگلہ دیشی حکومت کی مدد سے بنیاد پرست مسلمانوں نے ملک سے باہر دھکیل دیا ہے۔ یہ پریا ساہا ایک تنظیم 'بنگلہ دیش کونسل برائے ہندو، بدھ، عیسائی اتحاد' کی جنرل سیکریٹری ہے۔ اس کا شوہر اعلیٰ عہدے پر فائز ایک سرکاری ملازم ہے۔ اس کے بیان پر ملک میں شدید غصے کا اظہار کیا گیا۔ چونکہ ساہا کا یہ دعویٰ خود حکومت کے خلاف بھی جا رہا تھا اس لیے عوامی لیگ کے حامی اور اراکین نے بھی اس کے خلاف اپنے غصے کا اظہار کیا۔ عوامی لیگ سے تعلق رکھنے والے ایک سیاست دان، جو سوشل میڈیا پر بہت معروف ہے، نے ساہا کے خلاف ایک کیس کی درخواست بھی داخل کروانے کی کوشش کی۔ لیکن ہندوؤں کے تسلط میں چلنے والی عدالت نے نہ صرف درخواست مسترد کر دی بلکہ اس سیاست دان کے خلاف کیس داخل کر لیا۔ ساہا کے بیان کے بعد پہلے دن بہت سے وزراء نے میڈیا پر بڑے بڑے اور غصیلے بیانات دیے اور یہ دعویٰ کیا گیا کہ اسے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور اس کے خلاف بغاوت کا مقدمہ چلایا جائے گا وغیرہ۔ لیکن جلد ہی ان بیانات نے 'یوٹرن' لے لیا۔ وزراء نے کہنا شروع کیا کہ جو کچھ ساہا نے کہا وہ بغاوت کے زمرے میں نہیں آتا اس لیے اس کے خلاف کوئی مقدمہ دائر نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ اگر وہ چاہے تو اسے حکومت کی طرف سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

'بنگلہ دیش کونسل برائے ہندو، بدھ، عیسائی اتحاد' نے دعویٰ کیا کہ ساہا کا یہ بیان اس کی ذاتی رائے ہے اور اس رائے کا تنظیم سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکن اسی تنظیم کی امریکی شاخ نے ساہا کو اس کے بیان پر مبارکباد پیش کی اور مکمل طور پر بیان کی حمایت کی۔ اس تنظیم کا قیام ۱۹۸۸ء میں ہوا۔ اگرچہ اس تنظیم کے نام میں بدھ اور عیسائی بھی شامل ہے، لیکن حقیقت میں یہ ایک خالص ہندو تنظیم ہے۔ اس کے قیام سے ہی اس تنظیم کو عوامی لیگ اور بھارت دونوں کی حمایت حاصل تھی۔ (باقی صفحہ نمبر 66 پر)

[1] ہم آہنگی

ایمان ہی ایک مومن کا اصل سرمایۂ حیات ہے!

(خطوط از ارضِ رباط)

مولانا قاری عبد العزیز شہید رحمۃ اللہ علیہ

خطوط کا انسانی زندگی، زبان و ادب اور تاریخ پر گہرا اثر ہے۔ یہ سلسلہ ہائے خطوط اپنے انداز میں جدا اور نرالے ہیں۔ ان کو لکھنے والے القاعدہ برِّ صغیر کی لجنہ مالیہ کے ایک رکن، عالم و مجاہد بزرگ مولانا قاری ابو حفصہ عبد الحلیم ہیں، جنہیں میادین جہاد 'قاری عبد العزیز' کے نام سے جانتے ہیں۔ قاری صاحب سفید داڑھی کے ساتھ کبر سنی میں مصروفِ جہاد رہے اور سنہ ۲۰۱۵ء میں ایک صلیبی امریکی چھاپے کے نتیجے میں، قندھار میں مقامِ شہادت پر فائز ہو گئے، رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً۔ قاری صاحب نے میدانِ جہاد سے وقتاً فوقتاً اپنے بہت سے محبین و متعلقین (بشمول اولاد و خاندان) کو خطوط لکھے اور آپ رحمہ اللہ نے خود ہی ان کو مرتب بھی فرمایا۔ ادارہ 'نوائے غزوۂ ہند' ان خطوط کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ اللہ پاک ان خطوط کو لکھنے والے، پڑھنے والوں اور شائع کرنے والوں کے لیے توشۂ آخرت بنائے، آمین۔ (ادارہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

میں آپ کو (قید و بند کے) امتحان میں آپ کی کامیابی پر اپنی طرف سے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ رب العالمین سے دعا کرتا ہوں کہ آپ کی کامیابی پر آپ کے بچوں، گھر والوں، والدین، بھائی بہنوں اور دوست احباب کی آنکھیں ٹھنڈی کرے اور آپ کے دین و ایمان میں نکھار پیدا کرے اور سب سے بڑھ کر آپ کو حاسدین کے حسد اور شیاطین کی نظر سے محفوظ فرمائے آمین! ثم آمین!! دل بہت چاہتا ہے کہ آپ سے ایک بار ملاقات ہو اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتا ہوں کہ وہ اپنی مہربانی سے کوئی سبیل پیدا کرے۔ آپ کی طرف سے بھیجے ہوئے تمام تحفے تحائف عین عید الفطر کے دن مجھے موصول ہوئے، اگر اس کے ساتھ آپ کے حال احوال پر مشتمل خط بھی مل جاتا تو عید کی خوشیاں دوبالا ہو جاتیں۔

میرے پیارے بھائی! اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں سرخرو کرے۔ میں قرطاس ابیض پہ کیا درج کروں، دل کے نہاں خانے میں بہت ساری امیدیں اور بہت ساری باتیں چھپائی ہوئی ہیں۔ یہ ساری امیدیں اور باتیں اس معمولی پرچی میں لکھنے کے لیے الفاظ بھی نہیں، جگہ بھی نہیں اور وقت بھی نہیں!

یہ بات قابلِ غور ہے کہ وہی لوگ دنیا و آخرت میں کامیاب ہیں جو دنیا میں زندگی گزارتے ہوئے ہر معاملے میں اعلیٰ و ارفع مقاصد پیشِ نظر رکھتے ہیں اور انہی مقاصد کے حصول کے لیے تگ و دو کرتے ہیں۔ انہی دو طرح کے لوگوں سے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَکّٰىهَاۖ وَقَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰىهَا[1] کہ "جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا اس نے کامیابی حاصل کی۔ اور جس نے اُسے (دنیاوی حقیر چیزوں کے حصول میں) اُلجھا دیا وہ ناکام ہو گیا"۔ میری دعا ہے کہ آپ کا یہ امتحان آخری امتحان (آزمائش) ثابت ہو اور آپ کے پیشِ نظر زندگی کے بلند مقاصد ہوں۔

میرے پیارے بھائی! امتحان کے بعد اب آپ نے کیا سوچا ہے؟ کیا دنیاوی دھندے میں لگنا ہے یا زندگی کے بلند مقاصد کے حصول کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنا ہے؟ مجھے امیدِ واثق ہے کہ آپ میری توقع کے عین مطابق ہی سوچ رہے ہوں گے۔ میری بھی اولین خواہش یہی ہے کہ آپ زندگی کے اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لیے عملی میدان کا انتخاب کریں اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے ڈرے بغیر اس راستے کا انتخاب کریں۔

اصل مسئلہ ایمان کو محفوظ کرنا ہے کہ ایمان ہی ایک مومن کا اصل سرمایہ ہے۔ یہ وہ وقت ہے جس کے بارے میں نبی کریم (ﷺ) نے اپنی پیش گوئیوں میں بتایا:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ(ﷺ): یُوْشِکُ اَنْ یَکُوْنَ خَیْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ، یَتَّبِعُ بِهَا شَعَفَ الجِبَالِ وَمَوَاقِعِ الْقَطَرِ یَفِرُّ بِدِیْنِهٖ مِنَ الْفِتَنِ۔(بخاری، عن ابی سعید الخدریؓ، باب التعرب فی الفتنۃ)

"وہ دن دور نہیں کہ مسلمان کا بہترین مال چند بکریاں ہوں گی جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں یا بارانی علاقوں میں جائے گا (تو اس طرح اس کا جانا) دین کو لے کر فتنوں سے بھاگنے کے مترادف ہو گا"۔

صحابہ کرام میں بہت سے حضرات تاجر تھے، بعض زمینداری کرتے تھے، دیگر بھی کسی نہ کسی پیشے سے منسلک تھے، مگر ان ہستیوں نے اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لیے دنیا کی تمام تر آسائشوں کی قربانیاں دیں، یہاں تک کہ اپنا گھر بار، رشتے ناتے اور وطن، سب کچھ چھوڑ کر ہجرت کی اور ہجرت کے بعد بھی ہاتھ پر ہاتھ دھر کر نہیں بیٹھے بلکہ دین کی سربلندی کے لیے تن من دھن ایک کر دیا، تبھی اللہ تعالیٰ نے ان کی شان میں فرمایا: رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ[2] "اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش"۔

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میری عمر کا کچھ حصہ سیر و سیاحت میں گزرا ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ ایک ایک آدمی کے پاس سیکڑوں بکریاں ہیں، وہ اسی میں خوش ہے، اُسے نہ کوئی غم ہے، نہ کوئی فکر ہے اور نہ ہی اسے اللہ تعالیٰ کے ڈر کے علاوہ کوئی ڈر ہے۔ ہاں! اس کا ایمان بہت مضبوط ہے۔ وہ کہتا ہے: یارو! تم شہری بابو ہو، تم لوگوں کا ایمان اللہ پر کیسے مضبوط ہو گا جبکہ تم شہر کی کثافتوں میں رہتے ہو اور روزانہ فتنوں کا شکار ہوتے ہو؟ تم شہر میں بڑی بڑی عمارتیں دیکھتے ہو اور فلاں فلاں انجینئر کی تعریف سے زبان تر کرتے ہو، تمہیں بڑی بڑی گاڑیاں، ہوائی جہاز نظر آتے ہیں تو تم فلاں فلاں ملکوں کی تعریف میں رطب اللسان ہوتے ہو، اسی طرح جب تم لوگ

[1] سورۃ الشمس: ۹، ۱۰

[2] سورۃ المجادلۃ: ۲۲

بیمار ہوتے ہو تو بڑے بڑے ہسپتالوں کا رخ کرتے ہو، اگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفایاب ہوتے ہو تو وہاں بھی تمہیں اللہ تعالیٰ نظر نہیں آتا، وہاں پر بھی ڈاکٹر صاحب کا کمال ہی گردانتے ہو۔ جب کہ ہم کو یہاں بڑے بڑے پہاڑ، نالے اور چوٹیاں نظر آتی ہیں تو ہمارا دھیان فوراً اللہ جل جلالہ کی طرف جاتا ہے اور ہم پکار اُٹھتے ہیں کہ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ [1]۔ اور اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک میں اہلِ بصیرت کی یہی صفت بیان فرمائی ہے۔

ایک طرف پہاڑوں میں رہنے والوں کی بے فکری اور ایمان کی یہ کیفیت، دوسری طرف شہروں میں رہنے والوں کا یہ حال کہ نگاہوں کو چکاچوند کر دینے والے بڑے بڑے شہروں میں رہنے والے کروڑپتی آدمی کے پاس دنیا کی تمام آسائشیں ہونے کے باوجود اس کی رات کی نیند حرام، وہ بیسیوں بیماریوں کا مرکب، اگر اس کے پاس ایک مہمان آجائے تو اس کی جان نکل جاتی ہے اور اسے جلد سے جلد فارغ کرنے اور اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے اس سے پوچھا جاتا ہے کہ گرم پیو گے یا ٹھنڈا؟ جبکہ ان دیہاتیوں کا حال یہ ہے کہ ان کے پاس کوئی اجنبی مسافر آجاتا ہے تو اگر ان کے پاس کچھ بھی نہ ہو تب بھی وہ اس سے ضرور کہیں گے کہ کھانا کھالو۔ ایک مرتبہ ایک دو دوستوں کے ساتھ ایک غریب بستی سے ہمارا گزر ہوا اور ہم روزے سے تھے۔ افطار کا وقت نکل چکا تھا، اندھیرا چھیل رہا تھا کہ اسی دوران ہمیں گاؤں کا ایک آدمی ملا، اس سے ہم نے پوچھا کہ کیا ہمیں پانی مل سکتا ہے؟ اس نے ہماری طرف دیکھا اور وہ سمجھ گیا کہ یہ لوگ روزے سے ہیں، وہ فوراً آس پاس کے گھروں میں گیا۔ اس کے بعد جس کے پاس جو کچھ بچا کچھا تھا وہ سب لے آئے۔ کسی کے پاس ایک آدھ روٹی تھی وہ اسی کو لے آیا، کسی کے پاس تھوڑا سا سالن تھا وہ اسی کو لے کر آیا، تو کسی کے پاس صرف چائے بچی تھی وہ اسی کو لے آیا۔

اہلِ ایمان کے لیے یہ دنیا قید خانہ ہے: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ [2] "دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے"۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ دنیا دنیا والوں ہی کے لیے ہے اور آخرت آخرت والوں کے لیے ہے۔ بیچ والوں کے لیے نہ یہ ہے اور نہ وہ ہے، کیونکہ وہ یہاں نہ مسلمان بن کر رہے اور نہ کافر۔ اللہ تعالیٰ نے ان ہی لوگوں کے بارے میں فرمایا: مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ [3] "بیچ میں پڑے لٹک رہے ہیں، نہ ان کی طرف (ہوتے ہیں) نہ اُن کی طرف"۔ یہ لوگ یہاں کفار و مرتدین کی ہاں میں ہاں ملا کر ذلت سمیٹ رہے ہیں، اس کے باوجود اپنے رویے میں تبدیلی لانے کے بجائے اُلٹا اللہ تعالیٰ کے کلام کی خود ساختہ توضیح کے ذریعے لاکھوں لوگوں کو اپنے اِرد گرد جمع کر کے کاروبارِ دین چمکا رہے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول (ﷺ) نے ہمیں دعا سکھائی ہے جس میں حضور (ﷺ) نے ہمیں دنیا و آخرت دونوں کے حصول کی تعلیم دی کہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ، "اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی اچھائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اچھائی عطا فرمانا اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھنا"۔

یہ دعا نبی کریم (ﷺ) کی محبوب دعاؤں میں سے ایک محبوب دعا ہے اور اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا اس دعا میں حَسَنَةً کا مطلب حضور نبی کریم (ﷺ) کو پتہ نہیں تھا حالانکہ آپ (ﷺ) ہی نے امت کو یہ دعا سکھائی اور خود بھی کثرت سے پڑھی ہے؟ جب ہم نبی کریم (ﷺ) کی عملی زندگی کو دیکھتے ہیں تو ان کی زندگی کو دنیا جہاں سے الگ تھلگ پاتے ہیں۔ وہ دنیا کے پیچھے کبھی نہیں بھاگے بلکہ ان کے شب و روز کا یہ عالم تھا کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ ہجرت کے بعد مدینہ آکر نبی کریم (ﷺ) نے مسلسل تین دن تک گیہوں کی روٹی کبھی نہیں کھائی [4]۔ آپ (ﷺ) کے گھر میں بعض اوقات مہینہ مہینہ بھر چولہا جلانے کی نوبت نہ آتی تھی، کھجور اور پانی پر گزارا ہوتا تھا۔ آپ اپنے لیے دعا مانگتے تھے کہ اے میرے رب! مجھے ایک دن کھانے کو ملے اور ایک دن بھوکا رہوں اور بھوک میں تیرے سامنے گڑگڑاؤں اور تجھے یاد کروں اور جس دن کھاؤں تو تیرا شکر ادا کروں"۔ آپ (ﷺ) نے فرمایا: "مجھے اس دنیا سے کیا کام؟ میں تو اُس مسافر کی طرح ہوں جو راستے میں چلتے چلتے کسی درخت کے سائے میں آرام کرلے اور آگے بڑھ جائے"۔ [5]

کیا یہ سب کچھ نبی کریم (ﷺ) نے کسی مجبوری میں اختیار فرمایا تھا؟ ہرگز نہیں۔ جبکہ آپ (ﷺ) کو یہ پیشکش بھی کی گئی تھی کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کے لیے احد پہاڑ کو سونے کا بنا دیا جائے لیکن آپ (ﷺ) نے یہ پیشکش قبول نہیں فرمائی۔ آپ (ﷺ) کا یہ عملی نمونہ صرف اپنی ذات کے لیے نہیں تھا بلکہ ہر اُس شخص کے لیے ہے جو آپ (ﷺ) سے محبت رکھتا ہے۔ جہاں تک دنیا و آخرت ساتھ لے کر چلنے، ہمہ تن اُسی کے لیے کوشاں رہنے اور اللہ تعالیٰ سے اس کے حصول کے لیے دعا کرتے رہنے کی بات ہے تو اگرچہ یہ صورت بھی جائز ہے مگر یہ بندۂ مومن کے لیے انتہائی مشکل کام ہے (الّا ما رحم ربی)۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم (ﷺ) کے عملی نمونے کی پیروی کرنے اور اس پر صبر و ثبات کے ساتھ جمے رہنے کی توفیق عنایت فرمائے آمین!

اہلِ ایمان سے اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے دنیا میں عملِ صالح کے ساتھ اُسی کے ہو کر رہیں گے ان کی دنیا تو بہتر ہوگی ہی اور آخرت تو ہے ہی متقین و مخبتین کے لیے جیسا کہ درج ذیل آیت سے واضح ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

---

[1] ترجمہ: "ہمارے پروردگار! آپ نے یہ سب کچھ بے مقصد پیدا نہیں کیا"۔ (سورۃ آل عمران: ۱۹۱)

[2] مسلم، ترمذی، ابن ماجہ، عن ابی ہریرہ

[3] سورۃ النساء: ۱۴۳

[4] مَاشَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ خُبْزِ بِرٍّ مَأْدُوْمَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ حَتّٰى لَحِقَ اللّٰهَ (بخاری)

[5] مَا لِیْ وَمَا لِلدُّ نْیَا مَا اَ نَا فِی الدُّ نْیَا اِلَّا كَرَاكِبٍ سَنَظَلّ تَحْتَ شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَ تَرَكَهَا (ترمذی)

إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ○ (سورۃ ہود: ۲۳)

”بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے اور اپنے رب ہی کے ہو کر رہے، تو یقیناً وہ جنتی لوگ ہیں اور جنت میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔“

دنیا میں رزق کا معاملہ ہو یا اچھی زندگی کی بات ہو، اللہ تعالیٰ نے ان سب چیزوں کو تقویٰ و پرہیز گاری اور عملِ صالح کے ساتھ ہی منسلک کر رکھا ہے؛ جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد ہے:

وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ○ (الطلاق: ۲، ۳)

”جو کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے کام کرے گا (اللہ کا تقویٰ اختیار کرے گا) اللہ تعالیٰ اس کے لیے مشکلات سے نکلنے کا کوئی نہ کوئی راستہ پیدا کر دے گا اور اُسے ایسے راستے سے رزق دے گا جدھر اس کا گمان بھی نہ جاتا ہو۔ اور جو اللہ پر بھروسہ کرے اس کے لیے وہ کافی ہے۔“

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا (سورۃ النور: ۵۵)

”اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ تم میں سے ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائیں اور نیک عمل کریں کہ وہ ان کو اسی طرح زمین میں خلیفہ بنائے گا جس طرح ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو بنا چکا ہے، ان کے لیے ان کے اس دین کو ضرور مضبوط بنیادوں پر قائم کر دے گا جسے اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں پسند کیا ہے، اور ان کی (موجودہ) حالتِ خوف کو امن سے بدل دے گا۔“

ایک اور جگہ ارشاد ہے:

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ○ (سورۃ النحل: ۹۷)

”جو شخص بھی نیک عمل کرے گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ ہو وہ مومن، اسے ہم دنیا میں پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے اور (آخرت میں) ایسے لوگوں کو ان کے اجر اُن کے بہترین اعمال کے مطابق دیں گے۔“

ان سب باتوں سے میرا مدعا ہرگز یہ نہیں کہ میں بڑا ناصح ہو گیا ہوں اور آپ کو دنیا سے بے زار کرنا چاہتا ہوں۔ میرا مدعا صرف یہ ہے کہ ہمارا جو بھی قدم اُٹھے، صحیح سمت اُٹھے اور بہت سوچ و فکر کے ساتھ اُٹھے۔ آپ کے ساتھ میرا ایک خاص تعلق ہے جو مضبوط ایمانی بنیاد رکھتا ہے جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کے خیر خواہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہرگز ہرگز نہ کرے کہ ہمارے قدم متزلزل ہوں اور ہم کوئی مصیبت اُٹھائیں۔ ہمیں اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے اور دین کی صحیح راہ پر جمائے رکھے آمین!

سب بچوں کو میری طرف سے بہت بہت دعا اور پیار ہو۔ یہ سب ننھے منے اب بڑے ہو رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو آپ سب کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے آمین! سب احباب اور آپ کے والدین کو میرا اسلام عرض ہو۔ ہمیں آپ کی دختران کی شادی کی خبر سن کر بڑی خوشی ہوئی، ان کو ہماری طرف سے مبارک ہو اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی زندگیوں کو خوش گوار بنائے آمین!

آخر میں ہم ان تمام شیطان نما کالے بھیڑیوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں جو ہمارے دین کے راستے میں گھات لگائے بیٹھے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے امید رکھتے ہیں کہ وہ ہماری تمام خطاؤں سے در گزر کرے اور تمام کوتاہیوں کو معاف کرے اور ہم پر رحم کرے آمین! ثم آمین!!

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

(سورۃ البقرۃ: ۲۸۶)

”اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے چوک ہو جائے تو اس پر نہ پکڑیو، اے ہمارے رب! اور ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے، اے ہمارے رب! اور وہ بوجھ نہ ڈال جس کے ہم متحمل نہیں، ہم سے در گزر فرما، ہمیں معاف فرما، اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولیٰ ہے، پس کافر قوموں کے مقابلے ہماری نصرت فرما۔“

ہمارے لیے بھی دعاؤں کا ضرور اہتمام کریں۔

والسلام علیکم،

آپ کا خیر اندیش، آپ کا بھائی

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

امامِ برحق

شہید اسلام، امام برحق حضرت مولانا عبد الرشید غازیؒ کی مختصر سوانح حیات

معین الدین شامی

آپریشن سائلنس

طاغوتی ایوانوں میں یہ امر پہلے ہی طے ہو چکا تھا کہ دینِ اسلام کو اس کی اصل تعبیر کے ساتھ بیان کرنے والوں اور اس کے نفاذ کا مطالبہ و کوشش کرنے والوں کو بزورِ قوت کچلا اور دبایا جائے گا۔

اپنے دریدہ دامن کے چھیدوں کو چھپانے اور بدنما و داغ دار چہروں پر پڑے نقاب کو قائم رکھنے کے لیے مذاکرات کا ڈھونگ رچایا گیا۔ حکومتی ایوانوں میں دین کا نفاذ تو کجا مسجدوں میں اذان و نماز جسے جدید نظام کے عَلَم بردار اپنے دینِ سیکولرازم میں روا جانتے ہیں پر بھی پابندیاں لگا دینے کی خاطر امریکہ و امریکہ نواز مقتدر طبقوں نے لال مسجد کو 'لال خون' میں نہلانے کا فیصلہ کر لیا۔

۷ جولائی ۲۰۰۷ء کی ایک خون آشام شام کو ابرہہٗ زماں اور اس کے ہاتھیوں کے لشکر نے اللہ کے گھر پر چڑھائی کر دی۔ اہلِ کفر چاہتے تھے کہ قوت کے استعمال کے ساتھ اہلِ حق کو دبا ڈالیں۔ جب اہلِ حق، اظہارِ حق کے بعد نفاذِ حق کی محنت سے باز آجائیں گے تو اہلِ باطل دنیا بھر میں یہ دکھائیں گے اور اترائیں گے کہ ہمارا دعویٰ اور ہماری تعبیرِ دین درست تھی، تبھی تو یہ پھسل گئے۔

لیکن اہلِ حق تو 'الحق لا شریک لہ' کی مدد و استعانت پر چلتے ہیں۔ یہ اہلِ حق بھی عجیب لوگ ہوتے ہیں۔ ان کی عزیمت کے سامنے شیریں و فرہاد کی داستانیں محض کہانیاں ہی ہوتی ہیں۔ یہ اہلِ حق عشق و مستی کے وہ ابواب رقم کرتے ہیں جن کا ایک ایک حرف آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہے۔

۷ جولائی کو گولیاں چلنی شروع ہوئیں۔ سنائپر بندوقوں سے تاک تاک کر کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حافظوں کے سینوں میں جلتے چراغوں کو بجھایا گیا۔ مارٹر گولوں سے مسجد کے میناروں اور گنبدوں کا نشانہ لیا گیا۔

یہ سب کم نہ تھا کہ اسلام کے خلاف عالمی جنگ کے سرغنہ امریکہ نے خدا کے گھر کو مسمار کرنے اور اللہ والوں کا نشانہ لے لے کر قتل کرنے کے لیے اپنے ڈرون طیارے بھی 'پاک' فوج کو عطا کر دیے۔ ۸ اور ۹ جولائی کو فضا میں 'ایم کیو – ون پریڈیٹر' ڈرون طیارے (MQ-1 Predator UAVs) آگئے اور زمین پر مورچہ زن 'پاک' فوج کے سپاہیوں کو براہِ راست لال مسجد و جامعہ حفصہ کی فضائی تصاویر فراہم کی گئیں۔ [1]

اس دوران کہ جب فوجی آپریشن شروع ہو چکا تھا، تب بھی حکومتِ وقت مذاکرات کی نام نہاد 'دہائی' دیتی رہی اور یہ اعلان میڈیا پر کیا جاتا رہا کہ 'ہم پر امن حل کے خواہاں ہیں'۔ ایک طرف یہ ابلاغی دعوے تھے جب کہ دوسری طرف مستقل و حشیانہ عسکریت۔

اسی دوران دھوکے سے غازی صاحب کے برادرِ کبیر مولانا عبد العزیز صاحب کو گرفتار کر لیا گیا اور قومی ٹیلی وژن پر آپ کو عورتوں کے لباس میں پیش کیا گیا۔

خونِ مسلم کو بہنے سے بچانے کی خاطر غازی صاحب اور حکومت کی طرف سے کمیٹی میں موجود سیاست دانوں اور علما کے ساتھ ایک معاہدہ طے پایا لیکن حکومت کا منشا خون خرابہ اور اہلِ اسلام کے خلاف ظلم و تعدی تھا، لہٰذا ایک جنبشِ قلم پرویز مشرف اور اس کے وزیروں مشیروں نے کسی بھی قسم کے معاہدے کو رد کر دیا۔

فوج و حکومت اس عرصے میں وقت حاصل کرتی رہیں، اور مسجد و مدرسے کا جس قدر سخت محاصرہ ہو سکتا تھا کر لیا گیا۔ نیز آخری فوجی کارروائی کی تیاریاں پوری کر لی گئیں۔

بالآخر ۱۰ جولائی کی صبح چودھری شجاعت حسین اور اعجاز الحق کے ذریعے یہ اعلانات مسجد کے باہر فوجی مورچوں سے بذریعہ لاؤڈ سپیکر کروائے گئے کہ مذاکرات ناکام ہو گئے ہیں اور چند ہی منٹ کے بعد سپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی) کے کمانڈوز نے اللہ کے گھر پر ہلّا بول دیا۔ [2]

یہ بھی کیسی عجیب بات ہے، اور دنیا میں ایسا کہاں ہوتا ہے کہ فریقین بھلے جنگ کے لیے بھی تیار ہوں لیکن وہ مذاکرات اور ڈائیلاگ کی بات کر رہے ہوں اور جیسے ہی مذاکرات وغیرہ میں کوئی تعطل آئے تو طاقت ور فوراً حملہ کر دے۔ اور فوراً، حقیقتاً فوراً ہی ہو کہ یہاں مذاکرات کی ناکامی کا اعلان ہوا اور وہاں چند منٹ میں فوجی مسجد و مدرسے پر چڑھ گئے۔

شہادت

شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن

غازی صاحب اور آپ کے رفقا نے یہ سب جد وجہدِ دینی اللہ کی رضا کو پانے کی خاطر شروع کی تھی۔ بندۂ مومن کا شعار تو خود بندۂ مومن سے محبت کرنے والے ربّ نے بیان کیا ہے۔ ارشادِ خداوندی ہے:

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَآ إِلَّآ إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ...... (سورۃ التوبۃ: ۵۲)

''کہہ دو کہ تم ہمارے لیے جس چیز کے منتظر ہو، وہ اس کے سوا اور کیا ہے کہ (آخر کار) دو بھلائیوں میں سے ایک نہ ایک بھلائی ہمیں ملے؟''

---

[1] بحوالہ خبر رساں ایجنسی 'آن لائن' (http://www.onlinenews.com.pk/details.php?id=114788)

[2] بحوالہ پاکستان ٹائمز (http://www.pakistantimes.net:80/2007/07/11/top.htm)

دو بھلائیاں؛ فتح یا شہادت! یا تو بندۂ مومن کو اللہ کی راہ میں کھپتے، دعوت دیتے و جہاد کرتے غلبہ حاصل ہو رہے گا یعنی اللہ کے باغیوں پر فتح مل رہے گی اور اگر یہ نہ ہوئی تو حسنِ خاتمہ بصورتِ شہادت فی سبیل اللہ ہو گا۔

بندۂ مومن تو فتح بھی اپنے نفس کی خاطر، اپنی جان، اپنے قبیلے یا قوم و وطن کی خاطر نہیں چاہتا۔ یہ فتح بھی فی سبیل اللہ ہوتی ہے۔ بندۂ مومن نہ مال و جاہ کا طالب ہوتا ہے اور نہ ہی کشور کشائی اس کا مطمحِ و مقصد ہوتا ہے۔

محب و محبوب ربّ کے بندوں کے لیے فتح مقدر نہ ہو تو بھی ان بندوں کے مخالفین کے لیے دنیا میں صورتِ فتح، ابدی 'رسوائی' مقدر ہو چکی ہوتی ہے، اور شہادت کے تو کیا ہی کہنے ہیں؟

اسی شہادت فی سبیل اللہ کے متعلق، خدا کے بعد بزرگ و برتر، کامل و اکمل، فخرِ موجودات، رسولِ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا کیسا ہی تعجب خیز فرمان ہے:

”وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ وَدِدْتُ أَنِّي أُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَأُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ.“[1]

”قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، میں چاہتا ہوں کہ اللہ کی راہ میں جنگ کروں اور قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں۔“

اور مجدد ملت، حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے اس حدیث کے ذیل میں کیا ہی عجیب بات فرمائی ہے:

”آہ! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دل پر کیا گزرتی ہو گی جو یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر آئی، ورنہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بڑے ضابط تھے...... صاحبو! شہادت میں کچھ تو لذت ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بار بار اس کی تمنا فرماتے ہیں۔“[2]

یہی تمنا غازی صاحب کے دل میں بھی تھی۔ سچ یہ ہے کہ غازی صاحب رضائے الٰہی کے طالب تھے اور ان کو واضح نظر آ گیا کہ اب رضائے الٰہی کا مجھ سے تقاضا اللہ کے راستے میں قتل ہو جانا ہے۔

'پاک' فوج کے شقی سپاہیوں کی گولیاں جب غازی صاحب کی والدہ کو لگیں تو اپنی ماں کو کلمہ پڑھانے لگے اور ایک صحافی سے اسی دوران بات کرتے ہوئے کہا:

”میری شہادت اب یقینی ہے!“[3]

آپ زبانِ قال و حال سے کہہ رہے تھے:

ہر تمنا دِل سے رخصت ہو گئی
اب تو آ جا، اب تو خلوت ہو گئی

روحِ قدسی جانبِ جنت روانہ ہوتی ہے

اللہ کے گھر کی حرمت و تقدس پامال کرنے، اوراقِ قرآنی کو نذرِ آتش کرنے اور دسیوں طلبہ و علما کو قتل کرنے کے بعد اُس فوج نے لال مسجد کو فتح کر لیا جس نے بابری مسجد کا 'بدلہ' لینا تھا۔ مسجد کو تاراج کرنے کے بعد ایس ایس جی کمانڈوز جامعہ حفصہ کے احاطے کی طرف بڑھے۔ اسی احاطے میں مولانا عبد الرشید غازی بھی موجود تھے۔

کمانڈوز داخل ہوئے اور انہوں نے غازی صاحب کو تاک کر ٹانگ پر گولی ماری اور اعلان کیا 'عبد الرشید غازی! سرینڈر ہو جاؤ!'، ساتھ ہی کہا گیا کہ 'ہم ابتدائی طبی امداد کا عملہ بھیجتے ہیں جو تمہاری مرہم پٹی کرے گا'۔ نجانے غازی صاحب کو اس دشمنِ دین کی آواز پہلے سنائی دی یا 'نغمۂ حورِ جناں' پہلے کانوں میں گونجا۔

غازی صاحب تو بہت پہلے ہی اپنا سب کچھ اللہ کے سامنے 'سرینڈر' کر چکے تھے اور اللہ کا حکم تھا کہ جب تم اہلِ طغیان سے ٹکراؤ، جب قتال کا مرحلہ آئے تو پیٹھ مت پھیرو۔ آپ نے اسی حکمِ خداوندی پر عمل کیا اور مسجد و مدرسے کو پامال کرنے والوں پر جوابی حملہ کر دیا۔

اسی اثنا میں چند اور گولیاں آپ کو سامنے سے لگیں اور ایک بار پھر آپ کو 'فرسٹ ایڈ/ابتدائی طبی امداد' کی پیشکش کی گئی جسے آپ نے یہ کہتے ہوئے ٹھکرا دیا کہ 'میرا آخری وقت آ گیا ہے!'۔

غازی صاحب کا قدم لڑکھڑایا اور آپ اللہ کی تمجید بیان کرتے ہوئے گر پڑے۔ آپ کی زبان پر اس وقت یہ مبارک کلمہ جاری ہو گیا:

”سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.“

اس کے بعد آپ نے کلمۂ شہادت پڑھا:

”اشهد ان لا اله الا الله وحدهٗ لا شريک لهٗ واشهد ان محمدا عبده و رسوله.“

آخری بار دشمن کا وار سہتے ہی آپ نے کلمۂ طیبہ ”لا اله الا الله محمد رسول الله“ پڑھا، دشمن نے سہ بارہ آپ کو فرسٹ ایڈ کی پیشکش کی اور سہ بارہ ہی آپ نے یہ پیشکش ٹھکرائی، پھر فرمایا کہ 'مجھے ہاتھ مت لگانا، میرا آخری وقت آ گیا ہے' اور ۱۰ جولائی ۲۰۰۷ء بمطابق ۲۵ جمادی الثانی ۱۴۲۸ھ، بروز منگل اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ نے اپنی قدرت سے آپ کی روح قبض فرمالی (نحسبهٗ کذلك والله حسيبه)۔[4]

---

[1] صحیح بخاری

[2] خطبات حکیم الامت جلد ۹، صفحہ ۷۰، ۷۱

[3] بحوالہ جیو نیوز (ویڈیو نیوز رپورٹ)

[4] بحوالہ: علمائے دیوبند کے آخری لمحات، ج ۲، ص ۳۹۵

جنازہ اور تدفین

غازی صاحب نے وصیت فرمائی تھی کہ مجھے بعد از مرگ میرے والدِ ماجد یعنی مولانا عبد اللہ غازی صاحب کے پہلو میں دفن کیا جائے۔ سبحان اللہ، اللہ نے آپ کو مرگِ عمومی کی جگہ اپنے والد ہی کے مثل شہادت سے بہرہ ور فرمایا۔ مولانا عبد اللہ غازی شہید کی آخری آرام گاہ آپ ہی کے قائم کردہ مدرسے 'جامعہ فریدیہ' کے ساتھ ہے۔

جس طرح فراعنۂ وقت اہلِ اسلام سے ان کی زندگی میں ڈرتے ہیں اسی طرح ان کی موت کے بعد بھی ڈرا کرتے ہیں۔ مشہور و معروف ہے کہ شیرِ میسور، مجاہدِ حریت سلطان فتح علی ٹیپوؒ کو جب شہید کر دیا گیا تو انگریز اور انگریزوں کے وفادار کئی گھنٹے تک ٹیپو کی نعش کے قریب بھی آنے سے گھبراتے رہے۔ فرعونِ عصر پرویز مشرف اور اس کے ظالم و فاجر حواری بھی اسی طرح غازی صاحب کی اسلام آباد میں تدفین سے خائف تھے۔ لہٰذا سپریم کورٹ آف پاکستان نے یہ حکم دیا کہ غازی صاحب کو ان کے آبائی علاقے اور جائے پیدائش روجھان غازی کی بستی عبد اللہ میں دفنایا جائے۔ چنانچہ آپ کا جسدِ مبارک، آپ کی شہادت سے اگلے دن یعنی ۱۱ جولائی ۲۰۰۷ء بمطابق ۲۶ جمادی الثانی ۱۴۲۸ھ، بدھ کی شام بستی عبد اللہ لے جایا گیا۔

۱۲ جولائی ۲۰۰۷ء بمطابق ۲۷ جمادی الثانی ۱۴۲۸ھ، بروز جمعرات، پونے دو بجے سہ پہر آپ کا جنازہ آپ کے برادرِ کبیر مولانا عبد العزیز غازی صاحب نے پڑھایا اور اس آفتابِ عالَم تاب کو سپردِ خاک کر دیا گیا۔

کرامت

مشہور قول اور ثابت شدہ بات ہے کہ 'الإستقامة فوق الكرامة' یعنی 'استقامت کرامت سے افضل ہے' اور غازی صاحب کی زندگی اور موت دونوں ہی استقامت علی الحق کا مظہر ہیں۔ لیکن انسانی مزاج ہے کہ وہ خرقِ عادت اشیا کو دیکھ کر زیادہ متاثر ہوتا ہے اور کرامت بھی انھی خرقِ عادت چیزوں میں سے ایک ہے جو اہل اللہ تابعینِ شریعت سے منسوب ہوتی ہے۔

غازی صاحب کی شہادت کے بعد آپ کی تین کرامتیں ظاہر ہوئیں۔ پہلی یہ کہ آپ کے خون سے خوشبو پھوٹی۔ دوسرا آپ کا خون تادمِ تدفین بہتا رہا اور تیسرا یہ کہ بعد از تدفین، آپ کے مرقدِ مبارک سے خوشبو پھوٹی اور یہ خوشبو کئی دن تک آپ کی قبر سے آتی رہی۔

یہ تو اس دنیا میں حال ہے۔ قیامت کے روز بھی کیا منظر ہو گا کہ جب حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مصداق کہ اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَالرِّيحُ رِيحُ الْمِسْكِ[1]...... قیامت کے دن اللہ کے راستے میں لگے ان زخموں سے بہتے خون کا رنگ تو خون سا ہو گا لیکن اس کی خوشبو مشک جیسی ہو گی۔

[1] صحیح بخاری

مشاہیر و قائدینِ امت کے غازی صاحب اور آپ کی تحریک کے متعلق فرمودات

شیخ اسامہ بن لادنؒ

محسنِ امت، شیخ اسامہ بن لادن نے غازی صاحب کی شہادت کے بعد اپنے ایک صوتی پیغام میں فرمایا:

> "جس طرح آج سے تقریباً دو دہائیاں قبل پاکستان کی سرزمین نے ائمۂ اسلام میں سے ایک عظیم امام، بطلِ جہاد، امام عبد اللہ عزام رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت دیکھی تھی اور یہاں کی مٹی ان کے پاکیزہ خون سے سیراب ہوئی تھی، اسی طرح آج ایک مرتبہ پھر ہمیں اسی سرزمین پر ایک اور عظیم امام دیکھنے کا شرف حاصل ہوا ہے، جو محض اہلِ پاکستان ہی کے لیے نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے ایک امام کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ امام مولانا عبد الرشید غازی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ نے، آپ کے ساتھیوں اور طلبہ نے اور جامعہ حفصہ کی طالبات نے شریعتِ اسلامیہ کے نفاذ کا مطالبہ کیا کیونکہ ہماری تخلیق کا مقصد ہی یہ ہے کہ ہم اللہ کے عطا کردہ دین اسلام کے مطابق اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ پس یہ سب لوگ درحقیقت اسی عظیم مقصد کی خاطر قتل ہوئے۔"[2]

شیخ ایمن الظواہری

حکیم الامت، امیر المجاہدین، ڈاکٹر ابو محمد ایمن الظواہری (دامت برکاتہم العالیہ) نے لال مسجد پر حملے کے تناظر میں ایک مختصر صوتی پیغام جاری فرمایا، جو کہ اپنی اہمیت کے اعتبار سے سارے کا سارا ہی لائقِ نقل ہے:

> "آج میں آپ سے اس مجرمانہ زیادتی کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں، جو پرویز، اس کی فوج، اس کی سکیورٹی فورسز، جو سب درحقیقت صلیبیوں کے شکاری کتے ہیں، اسلام آباد میں واقع لال مسجد کے خلاف کر رہے ہیں۔ اور ساتھ ہی میں آپ سے اُس گھٹیا اور غلیظ جرم کے حوالے سے بھی بات کرنا چاہتا ہوں جو پاکستان کے عسکری انٹیلی جنس ادارے نے پرویز کے حکم سے مولانا عبد العزیز کے خلاف کیا جب انہیں ٹی وی کی سکرین پر عورتوں کے لباس میں پیش کیا گیا۔
>
> یہ ایک انتہائی واضح اور صریح پیغام ہے پاکستان کے مسلمانوں اور علمائے پاکستان کے نام، بلکہ تمام عالمِ اسلام کے نام۔ یہ ایک ایسا جرم ہے جو یا تو صرف

[2] بحوالہ صوتی بیان از شیخ اسامہ بن لادن 'حی علی الجہاد'، نشر کردہ ادارہ السحاب، ستمبر ۲۰۰۷ء

توبہ سے دھل سکتا ہے یا ان مجرموں کے خون سے۔ میں پاکستان کے علما سے استدعا کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ پرویز کے نزدیک آپ حضرات کی بس یہی وقعت ہے۔ اور یہی وہ حشر ہے جو پرویز کے شکاری کتوں کی جیلوں میں آپ کا منتظر ہے۔ اور صلیبیوں کے نزدیک بھی آپ حضرات کی بس اتنی ہی اوقات ہے۔ پرویز اور اس کے شکاری کتوں نے صلیبیوں اور یہودیوں کو خوش کرنے کے لیے آپ کی عزت خاک میں ملا ڈالی ہے۔ پس اگر آپ اب بھی اپنی آبرو کی حفاظت کی خاطر نہ اُٹھے تو پھر پرویز آپ کا کچھ بھی باقی نہ چھوڑے گا، اور اس وقت تک نہیں رکے گا جب تک پاکستان میں اسلام کو جڑ سے نہ اکھاڑ دے۔ بے شک یہ ذلیل مشرف، جس نے اپنا شرف و دین صلیبیوں اور یہودیوں کے ہاتھوں بیچ ڈالا ہے، آپ کے مقابلے میں زبردست تکبر کا مظاہرہ کر رہا ہے، اور آپ حضرات کے ساتھ بے انتہا حقارت سے پیش آرہا ہے، اور ایسا سلوک کرتے ہوئے اس وقت تک مطمئن نہیں ہو گا جب تک آپ کو رذیل ترین صورت اور انتہائی ذلیل حالت میں پیش نہ کر لے۔

یہ ایک بلیغ پیغام ہے پاکستان میں بسنے والے ہر عالم کے نام، ہر خوددار اور باعزت شخص کے نام، کہ پرویز کے خلاف مزاحمت، اس کے سامنے ڈٹنے، اس سے اسلام پر عمل درآمد کا مطالبہ کرنے اور صلیبیوں و یہودیوں کی غلامی سے باز آنے کا مطالبہ کرنے کی آج یہی قیمت ہے کہ ہر طرح کی بدترین تحقیر و تذلیل کا سامنا کرنا پڑے۔ پس تم سب کا انجام بھی یہی ہو گا، اگر تم خاموش بیٹھے رہے اور دنیا کی زندگی کو آخرت پر ترجیح دیتے رہے۔

پاکستان میں بسنے والے میرے مسلمان بھائیو!

تمہارے پاس جہاد کے سوا کوئی راہِ نجات نہیں۔ نہ یہ جعلی انتخابات تمہیں نجات دلائیں گے، نہ ہی یہ سیاستیں اور نہ ان مجرموں کے ساتھ سودے بازی، مداہنت اور مذاکرات۔ نہ ہی یہ سیاسی داؤ پیچ تمہیں نجات دلا پائیں گے۔ تمہاری نجات کا واحد رستہ جہاد ہی ہے۔ پس تم پر لازم ہے کہ اس وقت افغانستان میں برسرِپیکار مجاہدین کی امداد اپنی جانوں، اموال، مشوروں اور مہارتوں سے کرو کیونکہ جہادِ افغانستان ہی افغانستان، پاکستان اور پورے خطے کو (کفار و مرتدین سے) بازیاب کرانے کا دروازہ ہو گا۔ جہاد کے میدانوں میں عزت کی موت مرو اور داڑھی مونچھ کے ہوتے ہوئے بھی عورتوں کی سی زندگی نہ گزارو۔ کیا پاکستان میں کوئی عزت دار لوگ نہیں ہیں؟ کیا پاکستان کے غیرت مند لوگ مر چکے ہیں؟ کیا پاکستان میں کوئی نہیں جو آخرت کو دنیا پر ترجیح دے؟

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انفِرُوا فِي سَبِيلِ اللهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ أَرَضِيتُم بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ○ إِلَّا تَنفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا وَاللهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللهَ مَعَنَا فَأَنزَلَ اللهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلَى وَكَلِمَةُ اللهِ هِيَ الْعُلْيَا وَاللهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ انفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللهِ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ○ (سورۃ التوبہ: ۳۸-۴۱)

”مومنو! تمہیں کیا ہوا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تم زمین سے چمٹ کر رہ جاتے ہو (یعنی گھروں سے نکلنا نہیں چاہتے)۔ کیا تم آخرت (کی نعمتوں) کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی پر خوش ہو کر بیٹھے ہو۔ دنیا کی زندگی کے فائدے تو آخرت کے مقابلے میں بہت ہی کم ہیں۔ اگر تم نہ نکلو گے تو اللہ تم کو بڑا تکلیف دہ عذاب دے گا اور تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کر دے گا (جو اللہ کے پورے فرمانبردار ہوں گے) اور تم اس کو کچھ نقصان بھی نہ پہنچا سکو گے۔ اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اگر تم اس کی مدد نہ کرو گے تو اللہ اس کا مددگار ہے۔ (وہ وقت تم کو یاد ہو گا) جب ان کو کافروں نے گھر سے نکال دیا (اس وقت وہ) دو میں سے دوسرا تھا، جب وہ دونوں غار میں تھے۔ اس وقت وہ اپنے رفیق کو تسلی دیتے تھے کہ غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ تو اللہ نے ان پر تسکین نازل فرمائی اور ان کو ایسے لشکروں سے مدد دی جو تم کو نظر نہیں آتے تھے اور کافروں کی بات کو پست کر دیا، اور بات تو اللہ ہی کی بلند ہے، اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ تم سب ہلکے ہو یا بوجھل (یعنی مال و اسباب تھوڑا رکھتے ہو یا بہت، گھروں سے) نکل آؤ اور اللہ کے راستے میں مال اور جان سے لڑو۔ یہی تمہارے حق میں بہتر ہے بشرطیکہ سمجھو۔“

کیا میں نے بات پہنچا دی؟ اے اللہ تو گواہ رہیو! کیا میں نے بات پہنچا دی؟ اے اللہ تو گواہ رہیو! کیا میں نے بات پہنچا دی؟ اے اللہ تو گواہ رہیو!

شیخ ابو یحییٰ اللیبیؒ

متبحر عالمِ دین، فقیہ و مجاہد شیخ ابو یحییٰ حسن قائد اللیبی شہید نے غازی صاحب کے متعلق اپنے ایک بصری پیغام میں فرمایا:

”شیروں کے اس دستے میں سرِ فہرست، پیچھے نہ ہٹنے والے، امام، عالمِ باعمل، شہید باپ اور شہید ماں کے شہید بیٹے مولانا عبد الرشید غازی رحمۃ اللہ علیہ

تھے۔ آپ نے ذلت وپستی کے اس دور میں کلمۂ حق بلند کیا، اپنے ایمان کے بل پر بلندیوں کو عبور کیا، اس متکبر باطل کو ذلیل و رسوا کیا جس کا سارا اعتماد اپنی قوت وجبر پر تھا۔ اس شہید نے پورے یقین، وثوق اور اطمینان سے باطل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تمہارا غرور و تکبر تمہیں ہی پیارا ہو، جہاں تک میرا تعلق ہے تو میں تو صاف کہتا ہوں:

فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُواْ أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لاَ يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُواْ إِلَيَّ وَلاَ تُنظِرُونِ○(سورۃ یونس: ۷۱)

'تو میں تو اللہ پر بھروسہ رکھتا ہوں۔ تم اپنے شریکوں کے ساتھ مل کر ایک کام (جو میرے بارے میں کرنا چاہو) مقرر کر لو اور وہ تمہاری جماعت (کو معلوم ہو جائے اور کسی) سے پوشیدہ نہ رہے۔ پھر وہ کام میرے حق میں کر گزرو اور مجھے مہلت نہ دو......'

آپؒ نے محاصرے میں گھِر جانے اور دشمن کی دھونس، دھمکیوں کی بوچھاڑ سن لینے کے بعد یہ کہا...... میں موت کو اس بات پر ترجیح دیتا ہوں کہ میں نے جن باتوں کی دعوت دی ہے ان میں سے کسی ایک سے بھی پیچھے ہٹوں یا خود کو گرفتاری کے لیے پیش کر دوں۔ اور پھر آپ کے فعل نے آپ کے اس قول کی تصدیق کر دی۔

(عربی اشعار کا نثری ترجمہ)

اس کے لیے موت سے بچنا بہت آسان تھا
لیکن اس کے مضبوط موقف اور اعلیٰ اخلاق نے یہ گوارا نہ کیا

اور اس نے خود موت کی دلدل میں مضبوطی سے قدم جمایا
اور اس سے کہا کہ 'میرا حشر بھی اب اس نقشِ پا تلے ہو گا!'

کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا:

'سب سے افضل جہاد جابر سلطان کے سامنے کلمۂ حق کہنا ہے!'

تو ذرا سوچیے کہ اس کلمۂ حق کا عند اللہ کیا بلند مقام ہو گا جو (محض ظلم ہی کے نہیں بلکہ) عالمی کفر وطغیان کے ایک اساسی رکن کے منہ پر کہہ ڈالا گیا ہو؟ بلکہ اس کی حکومت، فوج، جاسوسی اداروں اور سکیورٹی دستوں سب ہی کے منہ پر کہہ ڈالا گیا ہو؟ مولانا عبد الرشید غازیؒ نے کلمۂ حق صاف صاف اور صراحتاً کہہ ڈالا...... بلا لچک، بلا مداہنت وبلا فریب۔ اور سب کے سامنے ڈنکے کی چوٹ پر بات کی حالانکہ آپ ظلم و انتقام کی تلواروں کو اپنے سامنے چمکتا دیکھ رہے تھے، لیکن آپ نے کچھ پروا نہ کی، کسی بات کو خاطر میں نہ لائے اور حق بات کھول کھول کر پہنچاتے رہے، یہاں تک کہ آپ موت سے جا ملے اور موت آپ سے آن ملی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ شہید کر دیے گئے اور آپ کے ساتھ آپ کی والدہ رحمہا اللہ کو بھی شہید کر دیا گیا۔ اور یوں جھوٹے الزامات بکنے والی ہر زبان گنگ ہو گئی اور بغض و حسد سے لبریز ہر وہ دل سیاہ ہو کر بجھ گیا جو جھوٹے الزامات کو فروغ دینے اور افواہیں پھیلانے نکلا تھا۔ گویا یہ شہیدؒ زبانِ حال سے ان سب حاسدوں سے کہہ رہا ہے:

قُلْ مُوتُواْ بِغَيْظِكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ○(سورۃ آلِ عمران: ۱۱۹)

'(ان سے) کہہ دو کہ (بد بختو) غصے میں مر جاؤ! اللہ تمہارے دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے۔'

آپؒ ان سب لوگوں کے لیے ایک نمونے کی حیثیت رکھتے تھے جو آپ کے ساتھ مل کر لڑے۔ اور اب تو آپ اپنی ذات میں خود ایک مدرسے کی حیثیت رکھتے ہیں...... ان تمام لوگوں کے لیے جو ان شاء اللہ آپ کے بعد اس راستے پر چلیں گے۔ آپ کے بعد اس راہ پر آنے والے لوگ آپ ہی کے اُسوے کی روشنی میں اپنے عزائم بلند رکھیں گے۔ آپ ہی سے یہ سبق سیکھیں گے کہ اپنی تمام دوڑ دھوپ کا ہدف سعادت کے اعلیٰ مراتب کو بنایا جائے اور شہادت کا شرف بھی یوں حاصل کیا جائے کہ اس کی محترم ترین حالت اور اعلیٰ ترین درجہ انسان کے حصے میں آئے۔

(عربی اشعار کا نثری ترجمہ)

اگر تم عزتوں کی تلاش میں بے خوف و خطر کود ہی پڑو
تو پھر ستاروں سے کم کسی چیز پر راضی نہ ہونا

جب حقیر کاموں میں لگ کر بھی موت کا ذائقہ چکھنا ہی ہے
تو کیوں نہ عظیم کام کرتے ہوئے موت کا مزہ چکھا جائے

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

'شہدا کے سردار حمزہؓ بن عبد المطلب ہیں اور وہ شخص (بھی) ہے جو کسی جابر سلطان کے سامنے کھڑا ہوا پھر اسے (نیکی کا) حکم دیا اور (برائی سے) منع کیا تو اس (سلطان) حاکم نے اسے قتل کر ڈالا۔'۔''[1]

[1] بحوالہ بصری بیان از شیخ ابو یحییٰ اللیبی 'شہدا کے قافلہ سالار'، نشر کردہ ادارہ السحاب، ۲۰۰۷ء

استاد محمد یاسرؒ

مجاہد عالمِ دین، استاد المجاہدین، امارتِ اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنما، استاد محمد یاسر نے سانحۂ لال مسجد کے حوالے سے ایک تحریری انٹرویو میں فرمایا:

”لال مسجد کا واقعہ پاکستانی فوج اور پاکستان کی پیشانی پر شرمندگی کا ایسا بدنما داغ ہے جو کبھی نہیں دھل سکتا۔ تاریخ میں جب بھی اس کا تذکرہ ہو گا تو پاکستان کی حکومت اور اس کی فوج ضرور لعنت و ملامت کی مستحق ٹھہرے گی۔ میں یہ کہوں گا کہ حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ کے خلاف حجاج بن یوسف نے مسجدِ حرام (خانۂ کعبہ) میں جو قتال کیا تھا، اس وقت سے لے کر آج تک یہ دوسرا واقعہ ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں مسجد کے اندر علما، حفاظِ قرآن اور عام مسلمانوں کو شہید کیا گیا ہے۔ یہ لوگ ہمیں ’متشدد‘ کہتے ہیں، کیا جو کچھ لال مسجد کے ساتھ کیا گیا وہ تشدد نہیں تھا؟ ذرا دیکھیے کہ جمہوریت کا راگ الاپنے والوں نے لال مسجد کا کیسا حل نکالا اور سیکولر طبقے نے لال مسجد والوں کے ’حقوق‘ کی کیسے حفاظت کی؟ پس لال مسجد کے واقعے نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ جنگ، اسلام اور جمہوریت کی جنگ ہے۔ نیز اس میں بے دین اور سیکولر لوگوں کی اسلام کے خلاف نفرت بھی کھل کر سامنے آ گئی ہے۔ لال مسجد پر حملہ دراصل عالمِ اسلام کے خلاف صلیبی و صہیونی یلغار کا حصہ ہی تھا۔

میں یہ بات بھی کہتا چلوں کہ یہ کوئی عام واقعہ نہیں تھا جو وقوع پذیر ہوا اور قصہ ختم ہو گیا۔ بلکہ اس واقعے نے پاکستان کی تاریخ ہی بدل دی ہے، اس واقعے نے پاکستانی معاشرے اور سیاست کو بدل ڈالا ہے۔ لال مسجد کے بعد پاکستان قطعاً ویسا نہیں رہا، جیسا کہ ماقبل تھا!“[1]

اہلِ کفر کے تاثرات

یوں تو اہلِ کفر کی بات، چوپایوں کے منہ کے جھاگ سی حیثیت بھی نہیں رکھتی، لیکن چونکہ یہ کفر و اسلام کی جنگ ہے اور بعض کم علم اہلِ ایمان بھی اس جنگ میں نادانستہ اہلِ کفر یا ان کے مفادات کے نغمے گاتے نظر آتے ہیں اور یہ مشاہدۂ عام ہے کہ انسان کئی بار اپنے مخالف سے ’حق کی مخالفت‘ سن کر حق کی طرف مائل ہو جاتا ہے سو اس زمانے میں لشکرِ صلیب و طاغوت کے سرغنہ کا یہ بیان ذیل میں نقل کیا جا رہا ہے۔ لال مسجد پر جب ’پاک فوج‘ حملہ آور ہوئی تو امریکی صدر جارج بش نے بیان دیا:

”اس ماہ کے آغاز میں صدر مشرف نے ان شدت پسندوں کو کچلنے کے لیے فوج بھیجی ہے جنھوں نے لال مسجد پر قبضہ جما لیا تھا۔ اور انھوں (مشرف) نے اپنی تقریر میں اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان کو انتہا پسندوں سے صاف کیا جائے گا۔ افواجِ پاکستان اس مقصد کے لیے لڑ رہی ہیں اور بہت سوں نے اس میں اپنی جان ہاری ہے۔ امریکہ پاکستانی افواج کی ان کاوشوں کی مدد اور حمایت کرتا ہے۔ ہم پاکستان میں اور دنیا بھر میں اپنی اتحادی افواج سے مل کر طالبان اور القاعدہ کی محفوظ پناہ گاہیں ختم کرنے کے لیے لڑتے رہیں گے۔“[2]

صفاتِ حمیدہ

یوں تو اس مختصر سوانح میں غازی صاحب کی شخصیت کی صفاتِ حمیدہ ہی کا ذکر ہے، لیکن بعض میری نظر میں ایسی ہیں جو کسی خاص پیرائے میں بیان نہیں ہو سکیں۔ لہٰذا آپ رحمۃ اللہ علیہ کی صفاتِ حمیدہ میں سے چند، اس آخری باب میں بیان کرنے کی کوشش ہے۔

استقامت علی الحق

غازی صاحب نے اسلام و ایمان پر استقامت اختیار کرنے اور اپنے مبنی بر حق موقف سے نہ ہٹنے کا اعلان بھی کیا اور سب کو تحریض بھی دلائی۔ آپ نے فرمایا:

”مسلسل یہ کہا جا رہا ہے کہ ختم کر دیں گے، تباہ و برباد کر دیں گے۔ یہ سمجھیں کہ بالکل ایسی صورت تھی کہ بش نے مشرف سے کہا کہ تمہیں سٹون ایج (stone age) میں لے جائیں گے، پتھر کے دور میں دھکیل دیے جاؤ گے، ختم کر دیے جاؤ گے تو مشرف نے یوٹرن لے لیا ایک دم۔ ہم سب نے کہا کہ اس کا یوٹرن غلط ہے۔ یعنی طاقت کے سامنے جھکنا غلط ہے۔ اگر اُس کا طاقت کے سامنے جھکنا غلط تھا تو ہمارا طاقت کے سامنے جھکنا کیوں صحیح ہو جائے گا؟ یہ بڑی بنیادی بات ہے۔“[3]

غیرتِ ایمانی

جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہوا، غازی صاحب کی ساری زندگی ہی غیرتِ ایمانی کی مجسم تصویر ہے، لیکن غازی صاحب کی ایک تقریر کا ذیل میں اقتباس اس غیرتِ ایمان کا بدرجۂ اتم عکاس ہے۔ جب اسلام آباد کی انتظامیہ نے آشیر بادِ پرویز مشرف و وزیرِ داخلہ آفتاب شیر پاؤ پر مساجد ڈھانے کا سفیہ فعل شروع کیا تو غازی صاحب نے فرمایا:

”یہ جو مساجد کا مسئلہ ہے، یہ کافی عرصے سے چل رہا ہے اور مساجد کے بارے میں ہماری جو میٹنگز ہیں، جب جب مسجدیں گرتی گئیں ہماری میٹنگز ہوتی رہیں، اخبارات میں آتا رہا، اس میں بہت سارے اتار چڑھاؤ بھی آئے اور کئی جگہوں پر ایسے واقعات بھی ہوئے کہ جہاں شدید ٹینشن کی بات ہو گئی تھی، مثلاً مسجد الصفّہ آئی ایٹ تھری (I-8/3) کا جو مسئلہ ہوا تو مجھے یاد ہے کہ وہاں مسجد کو

[1] بحوالہ ’استاد المجاہدین؛ استاد یاسر کے ساتھ ادارۂ حطین کی گفتگو‘، ناشر ادارۂ حطین، شعبان ۱۴۳۰ھ

[2] حوالہ: ادارہ السحاب شعبۂ اردو کی دستاویزی فلم ’امام برحق‘، جس میں بش کی صوتی تقریر سنائی گئی ہے۔

[3] علما میں بیان، ۲۴ فروری ۲۰۰۷ء

جب گرا رہے تھے انفورسمنٹ (قانون نافذ کرنے) والے تو مجھے ٹیلی فون آیا، میں جامعہ فریدیہ میں تھا، اس وقت کوئی چار لڑکے تھے جو گاڑی میں میرے ساتھ بیٹھ سکے، ان کو لے کر وہاں پہنچا تو میں نے دیکھا کہ انفورسمنٹ کا ایک آدمی ایک بہت بڑا ہتھوڑا لے کے منبرِ رسولؐ کو ہتھوڑے مار رہا ہے۔ وہ کیفیت ایسی تھی کہ، اگرچہ مجھے اس طرح غصہ تو نہیں آتا لیکن اس دن میری کیفیت بھی کچھ تبدیل ہو گئی اور میں نے جاتے ہی، وہاں انفورسمنٹ والے بھی تھے پولیس کے لوگ بھی تھے، میں نے جاتے ہی، جو ہتھوڑا مار رہا تھا منبر پہ، اس کو گریبان سے پکڑ کے کھینچا اور کہا کہ تم یہ کیا کرتے ہو؟ کیا غضب کر رہے ہو؟ کیا ظلم کر رہے ہو؟ اس نے کہا: جی اوپر والوں کا آرڈر ہے۔ میں نے کوئی اس کو سخت بات کہی۔ وہ سخت بات ایسی تھی جو سب کو (سخت) لگی۔ یعنی میں نے کہا کہ اوپر والے اگر تم کو کسی اور کام کا کہیں، اپنی ماں کے ساتھ برے کا کہیں تو تم وہ کرو گے؟ تو یہ بات ان سب حضرات کو بری لگی جو وہاں کھڑے تھے۔ بات بھی سخت تھی لیکن میری چونکہ کیفیت ایسی تھی کہ یہ بات میرے منہ سے نکلی۔

بہر حال وہاں انفورسمنٹ اور پولیس والے آئے؛ میرے پاس اس وقت گن (بندوق) تھی اپنی تو میں نے ان سے کہا کہ میرے سامنے سے، میری نظروں سے دور ہو جائیں ورنہ آج یہاں خون ہو جائے گا۔ بہت سخت غصے کی کیفیت تھی۔ انہوں نے بھی اندازہ کر لیا اور کہا کہ غازی صاحب! آپ تو اس طرح بات نہیں کرتے ہیں، آج کیا ہو گیا ہے آپ کو؟ البتہ میرے غصے سے یہ ہوا کہ سارے انفورسمنٹ والے وہاں سے چلے گئے اور پولیس والوں سے میں نے کہا کہ میری نظروں سے دور ہو جائیں ورنہ یہاں خون ہو جائے گا۔ اگرچہ میرے ساتھ چار لڑکے تھے مگر میرا بس یہ تھا کہ پھر میں گولی چلا دوں گا؛ ایک منبر پہ اور محراب پہ ہتھوڑا چلتے ہوئے میں نہیں دیکھ سکتا۔ بہر حال انہیں یہ بات سمجھ آئی اور انہوں نے فورس بھی پیچھے ہٹالی اور وہ وہاں سے چلے گئے۔ اس دن تو وہ مسجد بچ گئی لیکن بعد میں ایک دن اچانک انہوں نے وہ مسجد گرا دی۔ اسی طرح مسجد ابن عباسؓ کو گرایا گیا، میرا خیال ہے کوئی آج سے چار مہینے پہلے، اور اس مسجد کے اندر قرآن مجید ابھی بھی دفن ہیں۔ بہت سارے نکالے ہیں۔ دو تین حضرات ہمارے علمائے کرام گواہ ہیں کہ نالے میں سے قرآن مجید نکالے ہیں۔ اور انہی دنوں میں میری اس سلسلے میں بات ہوئی تھی ڈپٹی کمشنر سے، ٹیلی فون پہ میری بات ہو رہی تھی تو میں نے انہیں یاد دلایا کہ آپ کو یاد ہے کہ آپ نے یہ کام بھی کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ جی مجھے یاد ہے لیکن ہمیں جلدی تھی، قرآن مجید نکالنے کی (فرصت) ہمیں نہیں تھی کہ ہمیں فوراً کارروائی کرنی ہے ورنہ لوگ پہنچ جائیں گے۔ تو انہوں نے مجھے کہا کہ ہمیں اللہ معاف کرے گا، تو میں نے کہا کہ اللہ نہیں معاف کرے گا، اللہ کیوں معاف کرے گا؟ آپ قرآن مجید کے ساتھ یہ سلوک کریں، مسجد کے ساتھ یہ سلوک کریں اور اللہ تعالیٰ آپ کو معاف کرے گا! اللہ قطعاً معاف نہیں کرے گا۔''[1]

صحافی کو شراب سے ممانعت کی نصیحت

غازی صاحب کی یہ فکر و تڑپ نہایت ہی حیرت انگیز ہے۔ غازی صاحب کی زندگی کا آخری وقت ہے، دشمن سے جنگ چل رہی، غازی صاحب اپنی زندگی کا آخری پیغام ایک ٹی وی چینل پر بیان کر رہے ہیں۔ یہ ایسا موقع ہے کہ قریباً جان کنی کا عالَم ہے لیکن اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فاسق و فاجر امتی سے بھی اتنی محبت اور ہمدردی ہے، کہ ایک صحافی جو شراب پیتے تھے، ان کا نام لیے بغیر ذکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں:

''ایک صحافی ہیں، جو شراب پیتے ہیں۔ وہ سمجھ جائیں گے کہ میں کس کی بات کر رہا ہوں۔ انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ آئندہ شراب نہیں پیئیں گے تو میری ان سے گزارش ہے کہ وہ آئندہ شراب نہ پیئیں۔''

غازی صاحب کا یہ آخری پیغام خود مومنین کی اعلیٰ صفات کا عکاس ہے۔ ایک طرف 'اشداء علی الکفار' ہیں کہ ہاتھ میں کلاشن کوف ہے، سینے پر گولیوں سے بھرا جبہ باندھ رکھا ہے، بش و امریکہ کے ایجنٹوں، مسجدوں کو گرانے اور اوراقِ قرآنی شہید کرنے والوں، مجاہدین کو قتل اور اہلِ ایمان کی عورتوں کی عصمت ریزی کرنے والوں کے خلاف معرکۂ قتال میں شریک ہیں اور دوسری طرف، بلکہ دوسرا بھی کیا، وہ قلب جو کفر و نفاق کی نفرت سے لبریز ہے، وہی دلِ اہلِ ایمان کے لیے ایسا نرم ہے، 'رحماء بینہم' کی ایسی تجسیم ہے کہ 'لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ' پڑھنے والے کے بارے میں اب بھی سوچ رہے ہیں کہ اس کی آخرت بچ جائے۔

میڈیا پر حکمت سے بات

میڈیا اس دور کی دو دھاری تلوار ہے۔ شہید داعیٔ حق، ملک شہباز (میلکم ایکس) رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

''اگر آپ محتاط نہیں ہوں گے تو میڈیا آپ کو ان سے نفرت کرنے پر آمادہ کر دے گا، جن سے آپ محبت کرتے ہیں اور ان سے محبت پر آمادہ کر دے گا، جن سے آپ نفرت کرتے ہیں۔''[2]

---

[1] علما میں بیان، ۲۴ فروری ۲۰۰۷ء

[2] Speeches by Malcolm X (YouTube)

پھر آج کا میڈیا، بلکہ تاریخ میں میڈیا کی جو جو شکل رہی ہے، ان میں اسلامی 'کاز' کے لیے کام کرنے والے اسلامی صحافیوں اور میڈیا کارکنوں کو چھوڑ کر، اکثر ایسے رہے ہیں کہ وہ اہلِ دین کے منہ سے ایسی بات نکلوانا چاہتے ہیں جو اہلِ دین کو دین سے اور بات کرنے والے صاحبِ دین سے برگشتہ کر دے۔

ایسے میں میڈیا سے معاملہ کرنے، صحافیوں سے بات کرنے اور ان کو جواب دینے میں غازی صاحب کو خاص حکمت و مہارت تھی۔ ہماری اس تحریر کردہ سیرتِ مختصرہ میں کئی جگہوں پر غازی صاحب کے لکھے گئے اقوال آپ کی میڈیا ہی سے گفتگو ہے۔

غازی صاحب نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کبھی نازیبا الفاظ کا استعمال نہیں کیا، موقفِ شرعی سے پیچھے نہیں ہٹے، شائستگی سے مقابل کے موقف کی تردید کی اور سیکولر ولادین صحافیوں کو بھی اپنی دلیل سے قائل کر گئے۔

شجاعت

شجاعت ایک نہایت نادر صفت ہے۔ مولانا اکبر شاہ خاں نجیب آبادیؒ صفتِ شجاعت سے متعلق اپنی شہرۂ آفاق کتاب 'تاریخِ اسلام' میں لکھتے ہیں کہ:

> ''شجاعت ایک ایسی صفت ہے جو ہر شریف آدمی کو اپنے دشمن میں نظر آئے تو اس کی بھی قدر کرتا ہے۔ حتیٰ کہ 'شیر' جیسا درندہ جس کا کام چیر پھاڑ کرنا ہے، اس کی قدر بھی حیوان ہونے کے باوجود دنیا کے ہر معاشرے اور خطے میں پائی جاتی ہے کہ وہ 'بہادر' ہوتا ہے اور اسی سبب سے وہ حیوان ہونے باوجود بہادری و شجاعت کا استعارہ ہے۔''

دیگر صفات کی طرح شجاعت بھی غازی صاحب کی ایسی صفت ہے جس کا اظہار ان کی ساری زندگی میں ہوتا رہا۔ لیکن مشہور قول ہے کہ انسان کے شجاع و بہادر ہونے کا پتہ میدانِ جنگ میں چلتا ہے۔ یہاں غازی صاحب کی شجاعت کی ایک شہادت نقل کرتے ہیں۔ مغربی صحافی راگے عمر نے دورانِ جنگ غازی صاحب سے فون پر بات کی اور فون بند کرتے ہی، جب کہ گولیاں چل رہی ہیں اور راگے عمر خود بھی گولیوں سے بچنے کے لیے زمین پر بیٹھا ہوا ہے (حالانکہ وہ میدانِ کارزار سے خود کافی دور ہے) تو وہ کہتا ہے:

> ''میں نے دورانِ آپریشن مولانا سے (ابھی) بات کی اور ان کا لہجہ بالکل پر سکون تھا...... (لہجہ ویسا تھا) جیسا میں جب ملا تھا، اس وقت تھا!''[1]

ان چند صفاتِ حمیدہ کو بیان کرنے کے بعد راقم اس مختصر سوانح کا اختتام کرتا ہے، اس دعا کے ساتھ کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اس چھوٹی سی کاوش کو میرے لیے توشۂ آخرت اور امتِ مسلمہ کی بیداری کا سبب بنا دے۔

اختتام میں غازی صاحب کے آخری صوتی پیغام کی تحریری نقل اور پھر غازی صاحب کی وصیت نقل کی جاتی ہے۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله ربّ العالمين و صلى الله على النبی!

آخری پیغام

''اس وقت میرا پیغام دنیا کو چلا جائے کہ......یہ (حکمران اور فوج) ایجنٹ ہیں، استعمار کے ایجنٹ ہیں، امریکہ کے ایجنٹ اور بالکل ان کا طرزِ عمل بھی ایجنٹوں والا ہے، اس لیے (اسلام کو نافذ کرنے کے لیے) ان کو یہاں سے ہٹانے کی ضرورت ہے اور اس کے علاوہ کوئی اور صورت نہیں ہے۔ والسلام علیکم!''[2]

وصیت نامہ علامہ عبد الرشید غازی شہیدؒ

''بسم اللہ الرحمن الرحیم

ممکن ہے ان سطور کی اشاعت تک ہم محصورین لال مسجد شہادت کا اعلیٰ رتبہ پا چکے ہوں۔ ۱۵ ہزار کے قریب سکیورٹی اہلکار، نیم فوجی دستے، ٹینکوں کا لاؤ لشکر[3] نہتے اور معصوم طلبہ وطالبات کو روندتے ہوئے لال مسجد اور جامعہ حفصہ کو فتح کر چکے ہوں گے۔ اگر چہ اس وقت لال مسجد کربلا کا منظر پیش کر رہی ہے۔ شہدا کی بکھری ہوئی نعشیں، زخمیوں کی آہ و بکا، مسجد و مینار اور چاردیواری زبانِ حال سے کہہ رہے ہیں کہ یہ سب کچھ چھ لاکھ انسانوں کی قربانی[4] جس مطالبے پر دی گئی، اسے دہرانے کی سزا ہے۔ تاہم اس سارے منظر نامے میں خطیبِ لال مسجد و بانی تحریکِ طلبہ و طالبات مولانا عبد العزیز کی غیر متوقع گرفتاری اور بعد ازاں ان کا ٹی وی انٹرویو اسلام پسند عوام کے لیے یقیناً مایوسی کا سبب بنا۔ عام لوگ جو اصل صورتِ حال سے واقف نہیں، ان کا خیال ہے اور میڈیا بھی حقیقت جانے بغیر یہ باور کرانے میں مصروف ہے کہ مولانا عبد

---

[1] Al Jazeera English's programme "Witness", with Rageh Umaar [نشر شدہ گیارہ (۱۱) اگست ۲۰۰۷ء]

[2] صحافی نصر اللہ ملک سے گفتگو

[3] غازی صاحب نے وصیت میں جو تعداد نقل کی ہے وہ اس وقت کی معلومات کے مطابق ہے، لیکن دیگر ذرائع بشمول 'آزاد دائرۃ المعارف وکی پیڈیا (انگریزی)' کے مطابق یہ تعداد کہیں زیادہ تھی۔ ساٹھ ہزار (۶۰،۰۰۰) فوج ورینجرز کی نفری تعینات کی گئی اور ایک سو چونسٹھ (۱۶۴) سپیشل سروسز گروپ کے کمانڈوز نے لال مسجد کو گھیر رکھا تھا۔ نیم عسکری ادارے اور پولیس کی تعداد اس کے علاوہ ہے۔

[4] قیامِ پاکستان کی طرف اشارہ ہے۔

العزیز نے موت کے خوف سے فرار کا راستہ اختیار کیا اور اپنے رفقا و طلبہ و طالبات کو تنہا چھوڑ کر نکل پڑے۔ تجزیاتی صلاحیت سے بے بہرہ لوگ اس پہلو پر غور نہیں کرتے کہ اگر واقعی مولانا عبد العزیز موت سے خوف زدہ ہو کر زندگی کی طرف بھاگتے تو پھر اپنے بیٹے، بیٹی، ماں اور بیوی کو کیوں چھوڑ گئے، پھر میں ان کا چھوٹا بھائی اور ان کے دیگر ساتھی اور رہ جانے والے طلبہ و طالبات سرنڈر کا راستہ کیوں اختیار نہیں کرتے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت مخالفین کو سمجھانے کی بجائے ہمدرد لوگوں کے ٹوٹے ہوئے دِلوں کو یہ بتانا ضروری ہے کہ مولانا عبد العزیز گہری سازش کا شکار ہوئے۔ اگرچہ فی الوقت ان کی گرفتاری پر اَسرار کا دبیز پردہ پڑا ہوا ہے، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ یہ پردہ اٹھ جائے گا اور حقائق سامنے آئیں گے۔ ہم یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ مولانا عبد العزیز راہِ جہاد کے مسافر اور شوقِ شہادت سے سرشار ہیں۔ ان کے خلاف صرف ایک ہی بات کہی جا سکتی ہے کہ انہوں نے کڑے وقت میں بعض غلط لوگوں پر اعتماد کیا جو کہ ان کی غلطی تھی جس کی سزا بہر حال بھگتنا ہو گی۔ سچ اور حقیقت یہ ہے کہ مولانا عبد العزیز نہ موت سے گھبرائے اور نہ ہی راہِ فرار اختیار کی بلکہ وہ وصیت لکھ کر غسل کر کے شہادت کے منتظر تھے کہ دیگر لوگوں کی جانیں بچانے کے لیے امید کی کرن سارے فسانے کا باعث بنی۔ بہر حال حقیقت ثابت اور واضح کرنا وقت کا کام ہے اور وہ ایسا ہی کرے گا۔

میں صرف اتنا کہوں گا کہ مولانا عبد العزیز اور ان کے جاں نثار ساتھیوں نے تحریک صرف اللہ کی رضا اور شریعت کے نفاذ کے لیے شروع کی۔ حدود اللہ میں ترمیم، مساجد کی شہادت، فحاشی و عریانی کا فروغ، اسلامی عقائد کی نفس پسند تشریحات، جہاد کا نام لینے پر فوج کشی، مسلمانوں کو پکڑ پکڑ کے بھیڑ بکریوں کی طرح کفار کے حوالے کرنا، سیکولرازم کے فروغ کے اقدامات قابلِ برداشت نہیں جس کی وجہ سے نفاذِ اسلام کی تحریک چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کے ساتھ یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ آپریشن کے دوران جامعہ حفصہ میں کسی طالبہ یا طالبِ علم کو زبردستی نہیں روکا گیا۔ میں یہاں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اس ملک میں اسلام کا نظامِ عدل چاہتے ہیں، ہم عدالتوں میں شرعی قوانین کے نفاذ کے خواہاں ہیں۔ ہم چاہتے ہیں غریب عوام کو انصاف ملے۔ رشوت، ظلم، فحاشی، اقربا پروری کا نظام ختم ہو۔ ان سب مسائل کے حل کے لیے اسلامی نظام کا عملی نفاذ واحد ذریعہ ہے اور آئینِ پاکستان کا تقاضا بھی ہے۔ ہم نے دنیاوی فوائد کو مسترد کر کے، راستے کی تلخیوں کو پہچانتے ہوئے، شعوری طور پہ آخرت کی زندگی کو دنیا کی زندگی پر ترجیح دی ہے۔

ریاست کی رِٹ کی برتری کی بات کرنے والوں نے اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رِٹ کو قدم قدم پر پامال کیوں کیا؟ جن لوگوں نے گزشتہ پانچ دنوں میں قرآن اور حدیث کا علم حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو گولیوں سے چھلنی کیا وہ یقیناً ظالم ہیں۔ اس موقع پر میڈیا کے چند چینلز نے بھی جانب داری کا مظاہرہ کیا، ہم اس مسئلے کو بھی اللہ کے سپرد کرتے ہیں۔ میں آخر میں وصیت کے طور پہ اسلام پسند عوام، تحریک سے وابستہ لوگ، طلبہ و طالبات، ان کے لواحقین اور ذرائع ابلاغ کے سامنے اپنی بات دہراؤں گا کہ ہماری تحریک نیک مقاصد کے لیے شروع کی گئی ہے۔ ہم اسلامی نظام کے نفاذ کے مطالبے پر قائم ہیں۔ ہم اس بات پر مطمئن ہیں کہ ہم نے ایثار و قربانی اور وفا کی راہ کا انتخاب کیا۔ ہم نفاذِ اسلام کے مطالبہ پر جان دینا سعادت سمجھتے ہیں۔ کسی کو تو نفاذِ اسلام کے لیے آگے بڑھ کر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنا ہے۔ ہمیں اللہ کی رحمت سے یقین ہے کہ ہمارا لہو انقلاب کی نوید بنے گا۔ دنیا والوں نے ہمیں کبھی ایجنسی کا کارندہ کہا...... کبھی پاگل...... آج بارود کی بارش ثابت کر رہی ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں لڑ رہے ہیں۔ بے شک اہلِ حق پر مصائب آنا حقیقت ہے، اگر ہمارے امیر حضرت حسینؓ بے بسی میں شہید ہوئے تو ہم بھی اُسی قافلے کے راہرو ہیں۔ اسلامی انقلاب اس ملک کا مقدر بنے گا، ان شاء اللہ۔

؏ چمن میں آئے گی فصلِ بہاراں ہم نہیں ہوں گے!''

تمّت بالخير بتوفيق الله تعالىٰ

اک ذرا جاں سے گزر جانے کی ہمت کر جا

اپنے باطن کے چمن زار کو رجعت کر جا
دیکھ اب بھی روشِ دہر سے وحشت کر جا

سر کٹایا نہیں جاتا ہے تو کٹ جاتا ہے
بات اتنی ہے کہ اس کام میں سبقت کر جا

جاں سے آگے بھی بہت روشنیاں ہیں خورشید
اک ذرا جاں سے گزر جانے کی ہمت کر جا

خورشید رضوی

سرمایہ دارانہ جمہوری نظام کی شرعی حیثیت

مولانا محمد احمد حافظ

ووٹ کیا ہے؟

ووٹ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایک رائے، شہادت اور مشورہ ہے...... اولاً ہمیں یہ رائے تسلیم کرنے میں تامل ہے، ووٹ نہ رائے ہے، نہ شہادت اور نہ مشورہ...... ثانیاً اگر یہ سب مان بھی لیا جائے تو پچھلی تفصیل کو تسلیم کرنے کے بعد ووٹ دینے کا مطلب یہ ہوگا کہ ووٹ دینے والا اپنی طرف سے نمائندہ بھیج رہا ہے جو کفر مطلق جمہوری نظام میں شرکت کرے، پارلیمنٹ کا ممبر بن کر شرک، بغاوتِ الٰہی اور ظلم و تعدی کا مرتکب ہو۔ کیا اسلام میں اس بات کی گنجائش موجود ہے کہ کوئی شخص مذکورہ منکرات کے ارتکاب کے لیے رائے اور گواہی دے اور کیا ایسی گواہی اور مشورہ جائز امر کے ضمن میں آئے گا؟...... ظاہر ہے شریعت اسلامیہ میں ایسی کسی گواہی اور مشورے کی گنجائش نہیں...... ایسی رائے، گواہی اور مشورہ سب باطل ہیں...... اس کا ارتکاب کرنے والا عند اللہ مجرم ہے۔

دوسری بات یہ کہ اگر کہا جائے کہ اہل اور دیانت دار شخص کو ووٹ دیا جائے تو بھی وہ دیانت دار شخص جائے گا تو اسی کافرانہ جمہوری نظام میں!...... اس کی مثال یوں سمجھیے کہ اگر بالفرض ہمارے ہاں ہندو مت غالب آ جائے اور مندر کو پارلیمنٹ کی حیثیت دے دی جائے اور اعلان کیا جائے کہ مندر ہی آئندہ تمام سیاسی و معاشرتی سرگرمیوں کو مرکز ہوگا اور مسلمان بھی اس مندر کے ممبر بننے لگیں، اپنی عبادات کے علاوہ پوجا پاٹی نظام کو قبول کر لیں اور پروہت بننے میں فخر محسوس کریں تو جس طرح اسلام میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں، اسی طرح پارلیمنٹ کا ممبر بننے کی بھی گنجائش نہیں۔ مندر میں بتوں کی پوجا کی جاتی ہے جبکہ پارلیمنٹ میں انسان اپنی بندگی کرتا ہے یا سرمایے کی بندگی۔ جیسے مندر ہندو مت کے عملی اظہار کی جگہ ہے، اسی طرح پارلیمنٹ مذہب سرمایہ داری (جو کفرِ مطلق ہے) کے اظہار کی جگہ ہے۔ تو جس طرح پنڈت پروہت بننے کی اسلام میں قطعی گنجائش نہیں اسی طرح پارلیمنٹ کا ممبر بننے کی گنجائش کیوں کر نکالی جا سکتی ہے؟

ووٹ مشورہ ہے نہ شہادت

ہماری نظر میں ووٹ نہ مشورے کی حیثیت رکھتا ہے اور نہ گواہی کی بلکہ سرمایہ دارانہ نظام میں جس طرح انسان اپنی آزادی کا اظہار سرمایے کے ذریعے کرتا ہے اسی طرح وہ اپنی آزادی کا اظہار ووٹ کے ذریعے بھی کرتا ہے۔ ووٹ کے بارے میں وہ اپنے سرچشمۂ قوت، منبع اقتدار واختیار ہونے یعنی اپنے خدا ہونے کا خود اعلان کرتا ہے۔

پھر اگر ووٹ کو بالفرض مشورہ تسلیم کر بھی لیا جائے تو کیا مشورہ سے متعلق جتنی بھی اسلامی تعلیمات ہیں وہ یہاں پائی جاتی ہیں؟ ووٹنگ میں بلا قیدِ جنس و مذہب ہر شخص حصہ لے سکتا ہے ...... کیا اسلامی نکتۂ نگاہ سے مشورہ و رائے ہر شخص سے لیا جا سکتا ہے؟ مثلاً کہیں اسلامی ریاست میں کسی جگہ قاضی مقرر کرنا ہو تو کیا اس کام کے لیے صرف علما و صلحا اور اتقیا سے مشورہ لیا جائے گا یا ان کے ساتھ بھنگی، چرسی، زانی، شرابی، ڈاکو کو بھی مشورے میں شامل کیا جائے گا؟ ...... یا مثلاً کہیں بیماریوں کی آفت آ گئی ہے اور وہاں ماہر ڈاکٹروں کی اشد ضرورت ہے تو اس کے لیے ماہر ڈاکٹروں سے ہی مشورہ لیا جائے گا یا قصائیوں، نائیوں اور طبلہ سارنگی بجانے والوں کو بھی مشورے میں شامل کیا جائے گا؟

اسلام نے تو مشورے کے بارے میں خاص تعلیمات دی ہیں، حدیث شریف میں ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہمیں کوئی ایسا معاملہ پیش آ جائے جس میں قرآن نے کوئی فیصلہ نہیں کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اس کا کوئی حکم ہمیں نہیں ملا تو ہم کس طرح عمل کریں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

> ”اجمعوا له عبدين من امتی وجعلوه بينكم شوریٰ ولا تقضوا برأی واحد.“ (روح المعانی)
>
> ”اس کے لیے میری امت کے عبادت گزاروں کو جمع کر لو اور آپس میں مشورہ طے کر لو اور کسی کی تنہا رائے سے فیصلہ نہ کرو۔“

اس روایت کے بعض الفاظ میں فقہاو عابدین کا لفظ آیا ہے، جس سے معلوم ہوا ہے کہ مشورہ ان لوگوں سے لینا چاہیے جو فقہا یعنی دین کی سمجھ بوجھ رکھنے والے ہوں اور عبادت گزار ہوں۔ صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ جو مشورہ اس طریق پر نہیں ہے بلکہ بے علم، بے دین (یعنی فساق و فجار) لوگوں میں دائر ہوگا اس کا فساد اس کی صلاح پر غالب ہوگا۔

اگر ووٹ کو گواہی تسلیم کیا جائے تو کیا یہاں گواہی کی شرائط اور حدود و قیود موجود ہیں؟ مثلاً گواہ عادل ہو، بالغ ہو، شریف ہو، بایں معنی کہ پنج وقتہ نمازی ہو، حلال و حرام کو جانتا ہو، یہاں اکثریت ایسی ہے جو طہارت و نماز کے بنیادی مسائل سے بھی واقف نہیں۔ فقہا نے درج ذیل اشخاص کی گواہی ناقابل قبول قرار دی ہے:

1. نماز روزے کا عمداً تارک ہو۔
2. یتیم کا مال کھانے والا۔
3. زانی اور زانیہ۔
4. لواطت کا مرتکب۔
5. جس پر حد قذف لگ چکی ہو۔
6. چور، ڈاکو۔

7. ماں باپ کی حق تلفی کرنے والا۔

8. خائن اور خائنہ۔

اگر کہا جائے کہ ووٹ ایک امانت ہے ......سوال ہو گا کہ یہ امانت بندوں کو کس نے تفویض کی؟ آیا اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض ہوئی یا جمہوریت نے تفویض کی؟ یقیناً اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں کہا گیا کہ جب تمہیں امیر مقرر کرنا ہو تو سب لوگ مل کر ووٹ ڈالا کرو، نہ ہی سنت سے اور تعامل امت سے اس عمل کی کوئی توثیق ملتی ہے۔ہاں! جمہوریت کی تفویض کردہ امانت ہو سکتی ہے مگر باطل امانت ہے، یہ ایسی ہی امانت ہے کہ جیسے کوئی شخص شراب کی بوتل آپ کے پاس بطورِ امانت رکھنے آئے تو کیا آپ اس بوتل کو دیکھتے ہی توڑنے کے درپے ہوں گے یا حفاظت سے رکھنے کی کوشش کریں گے؟

بعض لوگ بہت دور کی کوڑی لاتے ہیں اور ووٹ کو بیعت کا قائم مقام قرار دیتے ہیں۔ووٹ بھلا بیعت کے قائم مقام کیسے ہو سکتا ہے؟ بیعت سمع وطاعت کی بنیاد پر ہوتی ہے، وہاں تسلیم کرنے کے سوا دوسرا راستہ نہیں جبکہ ووٹ آزادی کے اظہار کا ذریعہ ہے، یہاں آپ آزاد ہیں کہ چاہیں تو مسلم لیگ کو ووٹ دیں چاہیں تو پی پی پی کو چاہیں تو کسی دیانت دار شخص کو ووٹ دے دیں۔

ووٹ کے حوالے سے چند دیگر عملی مسائل بھی ہیں......مثلاً ووٹروں کی اکثریت اپنے ضمیر کی آزادی کے مطابق ووٹ نہیں دے پاتی۔وہ اگر کسی امیدوار کو غلط اور نااہل سمجھتا ہے تو اپنی پارٹی کی رائے، قبیلے کے فیصلے یا برادری کی حمایت کی وجہ سے مجبور ہوتا ہے کہ اُسی نااہل شخص کو ووٹ دے (یہ جبر سرمایہ دارانہ نظام کا اندرونی تضاد ہے)۔

مختلف سیاسی جماعتیں آپس میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ بھی کرتی ہیں۔اس صورت میں ووٹر آپس میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے پاس دار ہوتے ہیں۔مثلاً ایک مذہبی جماعت نے مسلم لیگ (ق) کے ساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی، ق لیگ بلاشبہ علما خصوصاً لال مسجد کے معصوم طلبہ و طالبات کی قاتل جماعت ہے۔مگر جہاں اس مذہبی جماعت کے ووٹر موجود ہیں اور ق لیگ کا امیدوار کھڑا ہے تو اس کے ووٹر ق لیگ کے امیدوار کو ووٹ دینے کے پابند ہوتے ہیں۔

ووٹوں کی خرید و فروخت بھی ہوتی ہے، بھاری رقوم خرچ کرکے لوگوں سے ووٹ خریدے جاتے ہیں۔

ووٹوں کے حصول کے لیے بھاری اخراجات کرکے باقاعدہ مہم چلائی جاتی ہے، اس مہم پر لاکھوں کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں جو اسراف و تبذیر کے زمرے میں آتے ہیں۔

ووٹوں کے حصول کے لیے مخالفین پر بدترین اور شرمناک الزامات لگائے جاتے ہیں، اس سلسلے میں تمام اخلاقی قدروں اور معاشرتی تقاضوں کو یکسر پامال کر دیا جاتا ہے۔

الیکشن کے دوران خفیہ اداروں کی مداخلت اب کوئی مخفی بات نہیں ہے۔حکمران ٹولہ آئندہ اپنی مرضی کا سیٹ اپ لانے کے لیے خفیہ اداروں کے ذریعے ایسا جال بچھاتا ہے کہ نتائج میں بس اُنیس بیس کا ہی فرق ہوتا ہے۔

یہ بات بھی اہل نظر سے مخفی نہیں کہ بالادست قوتیں اپنے من پسند امیدواروں کو جتوانے کے لیے دھمکی، دھونس سے کام لینے کے علاوہ خفیہ طور پر بیلٹ باکس میں اضافی ووٹ ڈلوا دیتی ہیں، بہت سے فوت شدہ لوگوں کے شناختی کارڈ استعمال کیے جاتے ہیں۔

ان تمام امور کے ہوتے ہوئے ووٹ کو شہادت، امانت اور مشورہ قرار دینا بہت بڑی خطا ہے۔ جن علما نے ووٹ کی شرعی حیثیت بیان کرتے ہوئے اسے مشورہ، امانت اور شہادت ہونے کے فتاویٰ جاری فرمائے ہیں غالباً اُنہوں نے اس پورے نظام کا گہری نگاہ سے مطالعہ نہیں فرمایا ورنہ وہ ضرور اس قسم کے فتاویٰ صادر کرنے سے اجتناب کرتے۔

ووٹ استبدادی نظام کی توثیق اور تائید کا ذریعہ ہے

ہماری نظر میں ووٹ دینا مشرکانہ نظامِ ریاست وسیاست کے قیام واستحکام کا ذریعہ ہے، یہ شرک کے ارتکاب اور کفر کی تائید کے علاوہ ظلم و استبداد کی حکومت کی حمایت کرنا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ (سورۃ المائدۃ:۲)

”اور گناہ اور ظلم میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون نہ کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو“۔

قرآن مجید میں انہی لوگوں کو ہدایت یافتہ قرار دیا گیا ہے جو اپنے ایمان کو شرک اور ظلم سے آلودہ نہیں کرتے۔چنانچہ ارشاد ہے:

الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ○ (سورۃ الانعام:۸۲)

”جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اپنے ایمان کو شرک سے آلودہ نہیں کیا، وہی لوگ ہیں جن کے لیے امن اور چین ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں۔“

کیا ”اسلامی جمہوریت“ کوئی چیز ہے؟

اس سوال کا سیدھا سا جواب تو یہ ہے کہ......”کیا اسلامی کفر بھی کوئی چیز ہو سکتی ہے؟“......ظاہر ہے کوئی بھی ذی ہوش انسان اس کا قائل نہیں ہو گا۔ دراصل غور کرنے کی بات یہ ہے کہ ہمیں کسی اصطلاح کے ساتھ اسلامی لگانے کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟ اس لیے کہ وہ اپنی اصل میں اسلامی نہیں ہوتی......اکثر وبیشتر اصطلاحات جن کے ساتھ اسلامی کا لفظ ہو مشتبہ ہوتی ہیں۔ جیسے ”اسلامی بینک کاری“، ”اسلامی ٹی وی چینلز“......آپ اسلامی بینک کاری کی اصطلاح استعمال کریں اور سمجھیں کہ اب یہ چیز جائز ہو گئی......یہ ممکن نہیں، اس لیے کہ بینک کاری کا تمام تر نظام سود، سٹے اور جوئے پر مشتمل ہے۔ پھر آپ یہ بھی سوچیے کہ کبھی آپ سے کسی نے کہا ”اسلامی نماز“......”اسلامی جہاد“......یا ”اسلامی حج“......یہاں اسلامی کا لفظ لگانے کی اس لیے نہیں کہ یہ اصطلاحات اسلام کے اندر فطری ہیں کبھی کسی کو اشتباہ نہیں ہوتا ہے کہ ”حج“ بولا جائے اور اس سے کوئی شخص گنگا کا اشنان سمجھے یا بیساکھی کے میلے کی طرف ذہن جائے!......یہی وجہ ہے

کہ جہاں کہیں اس طرح کی اصطلاح نظر آئے لازمی ہے کہ وہاں توقف کیا جائے اور خوب غور و فکر کے بعد اس کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کا فیصلہ کیا جائے۔

''اسلامی جمہوریت'' بھی ایسی ہی ایک اصطلاح ہے جس کے بارے میں غور و فکر کی ضرورت ہے۔ بہت سے دانش وروں کا کہنا ہے کہ مغربی جمہوریت اور اسلامی جمہوریت دو مختلف چیزیں ہیں [بعض کا کہنا ہے کہ اسلام اور جمہوریت ایک ہی سکّے کے دو رخ ہیں] (نعوذ باللہ من ذالک) یہ مغالطہ آمیز بات ہے۔ اسلام نے ہمیں خلافت کا عقیدہ دیا ہے (قال انی جاعلٌ فی الارض خلیفة)۔ خلافت اور جمہوریت کے اصول و فروع میں زمین آسمان کا فرق ہے، پھر کیا وجہ ہے کہ ہم خواہی ناخواہی اسلام کے نظام خلافت کو جمہوریت ہی باور کرانے کی کوشش کریں یا جمہوریت کو عین اسلام قرار دینے کا ناٹک رچائیں؟

جمہوریت Democracy کا اردو ترجمہ ہے، ڈیموکریسی کا مولد و منشا مغرب ہے۔ تاریخی طور پر ثابت ہے کہ ڈیموکریسی جسے جمہوریت کہا جاتا ہے پانچ چھ سو سال قبل از مسیح بھی موجود تھی۔ یونان میں جمہوریت رائج رہی، پھر مغرب میں ایک عرصے بعد ڈیموکریسی کا احیا ہوا۔ ایک بات تاریخی تناظر میں طے ہے کہ جمہوریت کبھی کسی مذہبی معاشرے میں رائج نہیں رہی بلکہ اللہ کے باغی معاشروں میں رائج رہی۔ اس نظام کو اِنہی معاشروں نے قبول کیا جو اللہ تعالیٰ اور انبیا علیہم السلام کے منکر معاشرے تھے۔ لہٰذا جب ڈیموکریسی کے بارے میں معلوم ہوا کہ اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی یہ کوئی اسلامی اصطلاح ہے بلکہ کافرانہ اصطلاح ہے تو اس کا استعمال کیوں کر جائز ہوا؟ علما نے لکھا ہے کہ وہ لفظ جو اپنے اندر کسی پہلو سے کفر کا معنی رکھتا ہو، اگرچہ فی الاصل مباح ہی ہو تو بھی اس کا استعمال کرنا حرام ہے۔

موجودہ صورت حال میں کیا کیا جائے؟

حدیث شریف میں آتا ہے کہ لا یلدغ المؤمن من جحر واحد مرتین ''مومن ایک ہی سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا''...... الیکشن ایسا سوراخ ہے کہ پوری قوم بارہا جمہوری سانپ سے ڈسی گئی ہے۔ متعدد بار کے تجربات سے واضح ہو چکا ہے کہ اب من حیث الامت ہمیں اس تماشے سے اجتناب برتنا ہو گا، ہمیں اُس طریق کار کی طرف پلٹنا ہو گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متعین فرمایا، جس پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اسلاف امت نے تعامل فرمایا۔ یہ راستہ دعوت و تبلیغ اور جہاد و انقلاب کا راستہ ہے اور یہی سبیل المؤمنین ہے......

اللّٰهم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه
وصل اللّٰهم وسلم وبارك على محمد نبى الأمى وعلى آله واصحبه اجمعين

بقیہ: حافظ سردار شہید

ساتھ ساتھ دیگر دینی نصابی (حدیث، تفسیر و فقہ وغیرہ کی) کتابیں بھی پڑھنا شروع کر دیں۔

آٹھ سال گزر گئے۔ ۲۰۱۰ء میں باگرام جیل سے فاسق و فاجر، گناہوں کے رسیا 'سردار' کے بجائے 'حافظ سردار' باہر نکلے۔ حافظ سردار صاحب غزنی شہر کے کوچے کوچے سے واقف تھے۔ رہا ہو کر سردار نے سوچا کہ 'مجھے غزنی شہر کا خوب اچھی طرح معلوم ہے، دیہاتی علاقوں میں جہادی کارروائیاں کرنے والے مجاہدین کی ایک اچھی خاصی تعداد ہے، ضرورت ہے کہ میں غزنی شہر جو کہ افغانستان کا قلب ہے، میں کارروائیاں کروں'۔ یہ سوچ کر حافظ سردار ایک بار پھر غزنی شہر میں پہنچ گئے۔ یہاں انہوں نے صلیبی دشمن کے خلاف چریکی رگوریلا حملوں کا آغاز کیا۔ آہستہ آہستہ حافظ سردار صاحب کے ساتھ دیگر نوجوان مجاہدین بھی شامل ہونے لگے۔ حافظ سردار کا اپنا 'دلگئ' (مجموعہ) وجود میں آ گیا۔ حافظ صاحب اور ان کے ساتھی اب غزنی شہر میں کارروائیاں کرتے۔

'زیڑبشکامائن' نیٹو کے فوجیوں پر پھاڑنے والے سردار صاحب اب امریکہ کو ان کی ان نئی جہادی کارروائیوں کے سبب اور بھی زیادہ مطلوب ہو گئے۔

۲۰۱۲ء میں صوبۂ غزنی کے علاقے 'برکت' میں حافظ سردار ایک مکان میں موجود تھے، جب امریکی ڈرون طیاروں نے آپ کو نشانہ بنایا۔

سردار جو کل خود کشی کی حرام موت مرنا چاہتا تھا، آج شہادت کی اعلیٰ موت سے ہم کنار ہوا، وہ موت جو ابدی زندگی کی ابتدا ہے۔

گانے سننے کا شوقین سردار آج بھی نغمے سن رہا ہے۔ حسن پرست سردار آج بھی حسیناؤں کے جلو میں ہے۔ شراب کے جام آج بھی سردار کے ہاتھ میں ہیں۔ لیکن یہ نغمے سنانے والیاں جنت کی پاکیزہ بیبیاں ہیں، آج سردار جن حسیناؤں کے درمیان دادِ عیش دے رہا ہے وہ جنت کی حوریں ہیں۔ شرابِ طہور سردار کو پلائی جاتی ہے، آفرین!

اے سردار! تم نے کیا ہی اچھی زندگی پائی ہے!

اے اللہ ہمیں بھی حافظ سردار شہید کے ساتھ اپنی جنتوں میں جمع فرما، آمین!

بقیہ: 'شریعت یا شہادت' کو قلم کی روشنائی اور جگر کے خون کی ضرورت ہے!

اس لیے اس چراغ کی حفاظت کرنا کشمیر میں جہاد کی حفاظت کرنا ہے۔ اس چراغ سے محبت رکھنا اس جہاد سے محبت رکھنے کے مترادف ہے۔ اس چراغ کی روشنی آنے والے قافلوں کو راستہ دکھائے گی۔ اس چراغ کو بجھنے نہ دیں ورنہ کشمیر کا جہاد پھر ایک بار سازشوں میں گم ہو جائے گا۔

عرب اسرائیل تعلقات اور مسلم دنیا کے حالات

قاضی ابو احمد

متحدہ عرب امارات اور اسرائیل کے مابین امن معاہدہ ہو گیا۔ اگر اسلام کا حوالہ دل و ذہن سے نکال کر اس صورت حال کا جائزہ لیں تو پھر تو یہ کوئی انہونی نہیں۔ کافی عرصے سے اس کی توقع کی جا رہی تھی اور اس کے لیے راہ بھی ہموار کی جا رہی تھی، لہٰذا جو اس معاہدے پر تعجب کرے اس پر تعجب ہے۔ بحرین اور عمان بھی جی حضوری کی قطار میں کھڑے ہیں اور اسرائیل کے ساتھ معاہدہ کیا ہی چاہتے ہیں، مصر بھی تائید کر چکا ہے۔ عام طور پر معاہدات کچھ دو اور کچھ لو کی بنیاد پر ہوتے ہیں مگر یہاں تو محض قلیل مدتی وعدے ہیں اور دوسری طرف غیر مشروط وفاداری۔ نہ تو اس معاہدے کے نتیجے میں اسرائیل نئی یہودی بستیوں کی تعمیر سے باز آئے گا اور نہ ہی غرب اردن کے مزید فلسطینی علاقوں کو ہڑپ کرنے سے۔ ہاں! یہ احسان کرنے کا وعدہ ضرور کیا ہے کہ ان اسرائیلی توسیعی منصوبوں پر فوری عمل درآمد کو کسی درجے مؤخر کر دیا جائے گا۔ مگر وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو گیا۔ پھر اس پر مستزاد اس معاہدے کی توثیق کی ٹرمپ نے جس نے شاید ہی اپنی مدت صدارت میں کسی معاہدے کی پاس داری کی ہو۔ سعودی ولی عہد اور اماراتی ولی عہد جو دنیا میں MBS اور MBZ کے ناموں سے جانے جاتے ہیں، ویسے بھی 'معرکۃ الآرا' مشرق وسطیٰ امن منصوبے کے خالق، ٹرمپ کے یہودی داماد جیرڈ کشنر کے قریبی دوست ہیں۔ عرب اسرائیل دوستی کے ان 'نمونوں' سے اسی قسم کے فیصلوں کی توقع ہے۔ رہ گیا فلسطین، تو ظاہر ہے کہ جیسے ہم دنیا کے دیگر ممالک کے مسائل میں نہیں الجھتے، ویسے ہی فلسطینی بھی اپنا مسئلہ خود حل کریں، ان کا دردِ سر ہماری ذمہ داری تو نہیں۔

جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے کہ پاکستان نے اس معاہدے پر کس ردعمل کا اظہار کیا تو اول بات تو یہ ہے کہ امارات نے کون سا کسی اسلامی ملک سے یا فلسطینیوں ہی سے معاہدہ کرنے سے قبل مشورہ کیا تھا۔ اس نے جو کرنا چاہا کر گزرا۔ دوسری بات یہ کہ جس طرح جب عمران خان سے ایغور مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے چینی مظالم بارے پوچھا گیا تو عمران خان نے ان سے یکسر لاعلمی کا اظہار کیا اور یہی موقف اختیار کیا کہ اگر کوئی مسئلہ ہے بھی تو بالفاظِ دیگر 'ہم نے ساری امت کا ٹھیکہ تو نہیں لیا ہوا'۔ یہی حال کشمیر کا ہے۔ شور و غوغا تو عمران خان کی جانب سے خوب ہوا کشمیر ایشو پہ مگر شور دبنے پر سب نے کھلی آنکھوں سے سکھوں کا گردوارہ اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ہندوؤں کا مندر ہی تعمیر ہوتے دیکھا۔ وہی اسلام آباد جس میں لال مسجد انتظامیہ کو مدرسے کے لیے الاٹ کی گئی زمین کا قبضہ نہیں دیا جاتا اور جس میں قائم مساجد کو شہید کیا جاتا ہے اور مساجد کی شہادت اور قرآن پاک کی بے حرمتی کے خلاف آواز اٹھانے والوں کی آوازوں کو 'آپریشن سائلنس' کے ذریعے خاموش کر دیا جاتا ہے۔ تو ایسے میں عمران خان نے اگر اماراتی معاہدے کے خلاف چند الفاظ کہہ بھی دیے تو اس بیان کی حیثیت ہی کیا ہے؟ شنید تو یہ ہے کہ سعودی عرب پاکستان اور ملائیشیا پر زور ڈال رہا ہے کہ وہ بھی اسرائیل کو تسلیم کریں اور یوں غیر عرب مسلم ممالک کی جانب سے بھی اسرائیلی دوستی کا یہ دروازہ کھول دیا جائے۔ ملائیشیا نے تو اس سے انکار کیا ہے البتہ پاکستان کی 'اصل حکومت' کا سربراہ باجوہ اسی سلسلے میں دورۂ ریاض کے لیے بلوایا گیا تھا۔

پوری مسلم دنیا پر بے حسی طاری ہے۔ ہر ایک ہی 'تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو' کے مصداق اپنی اپنی نیّا پار لگانے کی فکر میں ہے۔ اور اس کی وجہ محض یہ ہے کہ امت مسلمہ بحیثیت مجموعی اپنی پہچان 'مسلم' بھول چکی ہے، اپنی خودی کھو چکی ہے اور اپنی ایمانی غیرت کا سودا کر چکی ہے۔ یہ امت یہ بھول گئی کہ فلسطین محض ایک مسلم سرزمین ہی نہیں کہ جسے یہودی قبضے سے آزاد کروانا پوری امت پر فرض ہے بلکہ یہ ہم مسلمانوں کا قبلۂ اول بھی ہے۔ بیت المقدس اس روئے زمین پر تیسری مقدس ترین جگہ ہے۔ آج ہم میں سے چند ایک آیا صوفیہ کے دوبارہ مسجد میں تبدیل کر دیے جانے پر تو خوش ہیں، جو اردگان کے اپنی عوامی مقبولیت بڑھانے اور خود کو جمہوریت کا درست نمائندہ کہلانے کی خاطر سراسر ایک سیاسی حربہ ہے، مگر کیا اسی ترکی کی جانب سے شامی مسلمانوں پر بمباری کا جرم آیا صوفیہ میں نماز ادا کرنے سے دھل جائے گا؟ پھر یہ تو ایک مسجد ہے جسے دوبارہ مسجد کا مقام دیا گیا، مگر کیا مسجد قرطبہ میں بجتے ناقوس کی آواز ہم پر اس کی بازیابی فرض قرار نہیں دیتی؟ سرزمین حرمین شریفین میں فحاشی کے اڈوں اور سینما گھروں کے قیام اور اس مقدس سرزمین پر دندناتے کافر ہمارے لیے نفیر عام نہیں؟ ہمارے پڑوس میں چین نے ہزاروں مساجد کو رقص گاہوں، پبلک ٹائلٹس اور کارخانوں میں تبدیل کر دیا، کیا اس نے ہمارے سوئے ہوئے ایمانی وجود میں چٹکی نہیں کاٹی؟ دور کیوں جائیں! کیا ہم نے محض اپنی غیرت کے نہ ہونے کے سبب ہی بابری مسجد کو اپنے ہاتھوں برباد نہیں کیا؟ کیا بابری مسجد کے مقام پر مندر کا قیام ہم سے کچھ مطالبہ نہیں کرتا؟

کفار کی حالت زار کو چھوڑیے کہ ان کی رسی تو اللہ رب العزت نے دراز کر رکھی ہے، محض پاکستان کے مسلمانوں کی حالتِ زار پر توجہ دیں تو کیا ہمیں اللہ رب العزت کی ناراضگی اور اس کا غضب نظر نہیں آتا؟ پاکستان پر مسلط دین و ایمان سے عاری بے عقل حکمران تو اللہ کا سب سے بڑا عذاب ہیں کہ جن کو دیکھ کر آنکھوں سے نظر آتا ہے کہ شیطان جسے چھو کر باؤلا کر دے وہ کیسا ہوتا ہے۔ عوام کے حق میں خیر اور سہولت کا کوئی فیصلہ اس حکومت اور انتظامیہ کے ہاتھوں تاحال نظر نہیں آیا اور نہ ہی نظر آنے کی توقع ہے۔ جس کام میں یہ حکومت ہاتھ ڈالتی ہے اس کی فقط تشہیر ہی تشہیر ہوتی ہے اور جب حقیقت دیکھیں تو کھودے پہاڑ سے مردہ چوہا ہی برآمد ہوتا ہے۔ پشاور بی آر ٹی منصوبے کا بڑے ٹھسّے سے اعلان کیا گیا تھا کہ محض چھ ماہ میں تیار ہو گا۔ اربوں روپے خرچ کرنے کے بعد آج ساڑھے تین سال بعد اس کا افتتاح کیا بھی تو اس حال میں کہ اکثر جگہ بنیادی ڈھانچہ تک پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچا، پھر جب ڈنگ ٹپاؤ اس کو چلا دیا تو محض ایک ماہ میں چار بار آگ لگی اور ماہِ ستمبر کے وسط میں عارضی طور پر اس منصوبے کو بند کر دیا گیا ہے۔ دیامیر بھاشا ڈیم ہے تو ہر حکومت کی طرح موجودہ حکومت نے بھی اس کا افتتاح کیا ہے؛ یہ دیکھے بغیر کہ یہ وہ اونٹ ہے جسے خیمے میں داخل کرنے کے بعد خیمہ بھی باقی نہیں رہے گا۔ پورے ملک میں بجلی پانی گیس تو پہلے ہی نادارد تھا اب رہنے بسنے کے لیے موجود گھر اور کاروباری مراکز تک پانی میں ڈوب گئے ہیں۔ کراچی محض چند بوند بارش سے ہی کسی جزیرے کا منظر پیش کرنے لگا ہے۔ پورے ملک میں پہلے مہنگائی اور عوامی سہولیات کی عدم دستیابی کی مصیبت، پھر کورونا اور ٹڈی دل، اور اب سیلاب ......یعنی آفات کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے کہ جس نے مملکتِ خداداد کا راستہ دیکھ لیا ہے۔ کیوں؟ کیا وجہ ہے کہ ہم زیر عتاب ہیں؟ پڑوسی ملک انڈیا میں دیکھیں تو کورونا کی وبا شدید سے شدید تر ہوتی جا رہی ہے، وہاں کی مسلمان آبادی کی جان و مال بالکل غیر محفوظ ہے اور رہ گئی شہریت تو وہ بھی شہریت ترمیمی بل کے ہاتھوں آج یا کل ختم ہی ہوئی جاتی ہے۔ کشمیریوں کی زندگی سال بھر پہلے جس جگہ منجمد کی گئی تھی، آج بھی اسی سرد خانے میں ہے۔ انھیں دنیا سے اور دنیا کو ان سے بالکل کاٹ کے رکھ دیا گیا ہے۔ بنگلہ دیش علیحدہ ہندو کالونی کا منظر پیش کر رہا ہے...... امت مسلمہ کا یہ انتشار و ابتری صرف اور صرف اللہ پاک سے دوری اور اس کے دین کو چھوڑ دینے کا نتیجہ ہے۔

اسلام کی آمد سے پہلے قبائل اسی طرح نسلی دشمنیوں کی بھینٹ چڑھ رہے تھے۔ اسلام نے آکر انھیں امن اور محبت کا خوگر بنایا۔ جاہلی عصبیت کو اللہ رب العزت کے دین نے ایمانی محبت میں تبدیل کیا۔ آج 'Black Lives Matter' کا نعرہ لگانے والے یہ نہیں جانتے کہ ان کے حقوق کا تحفظ سب سے پہلے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو سینے سے لگا کر کیا اور اپنے خطبۂ حجۃ الوداع میں واضح فرمایا کہ کسی گورے کو کالے پر اور کسی عربی کو عجمی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں؛ عزت کا، شرف کا، فوقیت کا، قبولیت کا، محبوبیت کا معیار صرف اور صرف اللہ رب العزت کے دین پر عمل اور تقویٰ ہے۔

آج بھی امت مسلمہ کے لیے عزت و شرف کا نسخہ وہی ہے جو قریباً ساڑھے چودہ سو سال پہلے تھا۔ آج بھی راہ نجات اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھامنے اور نسلی و قومی تعصبات کو بھلا کر اپنی پہچان 'مسلم' یاد رکھنے میں ہے۔ اللہ رب العزت فرماتے ہیں:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰي شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْھَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ○ (سورۃ آل عمران:۱۰۳)

"اور اللہ کی رسی کو سب مل کر مضبوطی سے تھامے رکھو، اور آپس میں پھوٹ نہ ڈالو، اور اللہ نے تم پر جو انعام کیا ہے اسے یاد رکھو کہ ایک وقت تھا جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے، پھر اللہ نے تمہارے دلوں کو جوڑ دیا اور تم اللہ کے فضل سے بھائی بھائی بن گئے، اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے، اللہ نے تمہیں اس سے نجات عطا فرمائی۔ اسی طرح اللہ تمہارے لیے اپنی نشانیاں کھول کھول کر واضح کرتا ہے، تاکہ تم راہِ راست پر آجاؤ۔"

ہر پاکستانی، ہندوستانی، بنگلا دیشی، برمی، ایغور، ترک، عرب جو اپنی شناخت 'اسلام' کو نہیں بھولا، ہمارا بھائی ہے۔ اس کا مسئلہ ہمارا مسئلہ اور ہمارا درد اس کا درد ہے۔ ہماری دعوت آج بھی وہی ہے جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت تھی کہ اس ایک کلمے 'لا الہ الّا اللہ' کو تھام لو، فلاح پاؤ گے۔ راہ راست صرف اور صرف اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے میں ہے۔ اپنی انفرادی زندگیوں میں بھی اور جس اجتماعیت کا بھی آپ حصہ ہیں وہاں بھی ہر ایک چھوٹے بڑے معاملے میں فقط اللہ کی رسی کو تھام لیجیے اور اللہ کے کلام اور اللہ کے نبی کی سنت کو فیصل بنا لیجیے تو راہ راست اور نتیجتاً رب کی رضا ہم مسلمانوں سے کچھ دور نہیں۔

بڑی مصیبت!

"ہمارا مسئلہ صرف یہی نہیں کہ ہمارے حکمران غیروں کے ایجنٹ ہیں بلکہ اس سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ ہماری دینی تحریکیں ان طاغوتوں کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتیں۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ امیر المومنین ہیں لہٰذا ان کا احترام کیا جائے۔ بعض ان کو کشتیٔ نوح قرار دیتے ہیں حالاں کہ اس کشتی میں بیٹھنے والے کا انجام غرق ہونے کے سوا کچھ نہیں۔ دین کے نام پر اس سے بڑا جھوٹ اور دھوکہ ممکن نہیں۔ میں ان جماعتوں میں موجود مخلص لوگوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی تحریکوں کو ایسے افراد اور ایسے افکار سے پاک رکھیں۔"

(محسنِ امت شیخ اسامہ بن لادن شہید رحمہ اللہ)

(بحوالہ: 'اے اللہ! صرف تیرے لیے')

خیالات کا ماہنامچہ

ذہن میں گزرنے والے چند خیالات: ستمبر ۲۰۲۰ء

معین الدین شامی

اللہ کا نہایت فضل و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے عبادت گزاروں میں شامل فرما کر سنتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیرو بنایا۔ اللہ پاک ہمیں تادمِ آخریں اس دین کا پیروکار بنائے رکھے، جس پر چلنے والوں کے لیے اس نے اپنی رضا و خوشی کا اعلان کر دیا ہے، آمین یا ربّ العالمین!

مسئلہ القاعدہ کے فنا یا بقا کا نہیں!

امریکی، بھارتی اور پاکستانی حکومت، انٹیلی جنس اور فوج شاید یہ سمجھتے ہیں کہ القاعدہ کو دنیا سے فنا کر کے ان کے لیے کچھ سامانِ راحت و چین ہو جائے گا اور القاعدہ کی بقا ان کے لیے خوف و موت کا سبب ہے۔ یہ خیال باطل ہے، بلکہ یہ امریکی اور ان کے باقی دم چھلے اگر غور کریں تو وہ خود بھی اس حقیقت کو جانتے ہیں۔

یہود کا خیال تھا کہ وہ انبیا کو قتل کر کے من مانی موت و حیات اور عیش و آرام حاصل کر لیں گے۔ چودہ صدیاں پیش تر کچھ اہلِ کفر و نفاق نے رسولِ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کے منصوبے بنائے۔ صحابہؓ کی نسلِ بہترین اس دنیا نے دیکھی، لیکن صحابہ کے بعد بھی یہ دین قائم رہا اور اہلِ کفر و نفاق کے گلے میں 'جہاد' کی ہڈی پھنسی رہی۔ تابعین آئے، تبع تابعین آئے، امویوں نے جہاد کیا، عباسیوں نے جہاد کیا، عثمانیوں نے نصف یورپ تک علمِ اسلام گاڑ دیا، مرابطین نے صحرائے اعظم کو اپنے سجدوں سے عزت بخشی، برصغیر میں غزنویوں، غوریوں، مغلوں، غلاموں وغیرہ نے جہاد کیا۔ سید احمد شہیدؒ کی تحریک یہاں اٹھی اور بظاہر ختم ہوئی۔

پچھلی چودہ صدیوں بلکہ اس دنیا کے قائم ہونے کے روز سے آج تک کے صرف ایام گنے جائیں تو دن کم ہیں اور مجاہدین زیادہ پیدا ہوئے ہیں۔

آج مجاہدین کے ایک گروہ کا نام القاعدہ ہے۔ یہ رہے یا نہ رہے۔ اسلام باقی رہا ہے اور رہے گا۔ امریکی القاعدہ کو ختم کرنے کی سوچتے رہیں، کل کوئی اور کسی اور نئے نام و عنوان سے ہو گا، لیکن امریکہ اور اس کے دم چھلوں کا مستقل وجود تو ہے ہی ناممکن، عارضی وجود تک نہ ہو گا!

امریکی 'جمہوروں' کی منافقت

کہنے کو امریکہ میں کئی سیاسی پارٹیاں ہیں لیکن اصل میں دو پارٹیاں ہی مستقل اقتدار میں رہتی ہیں، کبھی ہم کبھی تم۔ امریکہ میں الیکشن سر پر پہنچ چکے ہیں۔ ریپبلکن پارٹی کا سرچڑھا بدمعاش ٹرمپ ملکی سطح اور امریکہ میں لوکل سطح پر بہت سی مشکلات کا شکار ہے اور امریکی روایت یا اصول کے تحت دوسری باری کے لیے ریپبلکن کی طرف سے صدارت کا امیدوار ہے۔ اس کے مقابلے میں ہے 'جو بائیڈن'، جو کہ ڈیموکریٹ ہے اور اوبامہ کے زمانے میں نائب صدر رہ چکا ہے۔

ٹرمپ بہت سے امور میں امریکہ میں اندرونی طور پر بھی ناکام رہا اور کئی امور میں انتہا پسندانہ سوچ رکھتا ہے۔ انہی میں سے ایک مسئلہ سفید فام نسل پرستی، جو ٹرمپ کے زمانے میں امریکہ کی جدید تاریخ میں عروج پر پہنچی اور 'Black Lives Matter' یعنی سیاہ فاموں کو بھی جینے کا حق ہے کی تحریک ہے۔ دوسرا امر ہے ٹرمپ کی 'اینٹی مسلم پالیسی'، یہ پالیسی یوں تو پوری دنیا میں وجود رکھتی ہے، لیکن امریکہ میں اس کا ایک مظہر مسلمان پناہ گزینوں پر اور مسلمان شہریوں پر مختلف قسم کی پابندیاں ہیں۔ ٹرمپ نے اپنے اقتدار سے پہلے اور بعد میں انڈیا کی بہت طرف داری کی؛ انتخاب سے پہلے ٹرمپ کے امریکی ہندوستانیوں کو اپنی جانب مائل کرتے نعرے 'اب کی بار ٹرمپ سرکار' سے لے کر مودی کے لیے امریکہ میں 'ہاوڈی مودی' اور ٹرمپ کے لیے انڈیا میں 'نمستے ٹرمپ' بھی ایک سیاسی چال ہے۔

جو بائیڈن نے سیاسی پتہ کھیلتے ہوئے اپنی نیابت کے لیے ایک سیاہ فام امریکی عورت 'کمالا ہیرس (Kamala Harris)' کو منتخب کیا جو کہ ایک جمائکن (افریقی ملک) کالے امریکی باپ اور ایک ہندوستانی امریکی (براؤن یا بھوری رنگت والی) ماں کی بیٹی ہے۔ کمالا ہیرس کے انتخاب سے 'Black Lives Matter' کی تحریک کی بھی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی گئی اور ٹرمپ کے انڈین حربے کا توڑ بھی۔ حالانکہ کمالا ہیرس وہ امریکی ڈیموکریٹ سینیٹر ہے جو ماضی قریب میں جو بائیڈن کی شدید ترین مخالف رہی ہے۔ لیکن جو بائیڈن کو امریکی صدر بننا ہے اور کمالا کو نائب صدر اس لیے یہاں 'سب چلتا ہے'!

جو بائیڈن نے منافقت کی انتہا تو یہ کی کہ مسلمانوں کو اپنی جانب مبذول کروانے کے لیے ایک عجیب چال چلی۔ بائیڈن کی ایک ویڈیو ہے جس میں وہ کہتا ہے (قاتلہ اللہ):

> ”جیسا کہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہدایت کی ہے، 'تم میں سے جو بھی برائی کو دیکھے تو اسے چاہیے کہ اس برائی کو اپنے ہاتھ سے روک کر تبدیل کرے، اگر استطاعت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے اس کو برا کہے، اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو اپنے دل سے اس کو برا جانے'۔ اگر مجھے آپ کا صدر بننے کا اعزاز حاصل ہوا تو میں 'مسلم بین' (مسلمانوں پر پابندی) کو کو اقتدار کے پہلے دن ہی ختم کر دوں گا!“

سبحان اللہ، رُویبضہ، یعنی وہ جاہل لوگ جو عوام کے مسائل پر گفتگو کریں، نام نہاد مسلمان ہو کر تو ایک طرف، اب تو قیامت کی وہ نشانیاں پوری ہو رہی ہیں کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کا دشمن جو بائیڈن اب آپؐ ہی کا فرمان نقل کر رہا ہے، ٹرمپ پر غلبہ پانے کے لیے!

جہاد کا 'اعلان'

جہاد کا 'اعلان' یا 'نفیر' یقیناً ایک شرعی امر ہے لیکن فقہائے عظام نے واضح لکھا ہے کہ 'اعلانِ' جہاد وہ واحد امر نہیں ہے جس سے جہاد فرض ہوتا ہے، بلکہ فرضیتِ جہاد کی بہت سی صورتوں میں سے ایک ہے۔

کسی کے گھر پر ڈاکو حملہ آور ہو جائیں اور گھر کے افراد ایک مظاہرہ کریں اور سربراہِ خانہ سے مطالبہ کریں کہ وہ ڈاکوؤں کے خلاف مقابلے (یا جہاد) کا اعلان کرے تاکہ ہم ڈاکوؤں کے خلاف لڑ کر سکیں، کیسی احمقانہ بات ہے؟! کسی تھوڑے سے فہم و فکر والے سے بھی پوچھیں بلکہ حیوانات بھی اگر نطق رکھتے ہوں تو وہ بتائیں کہ صاب! ایسے وقت میں حکم وُکم نہیں پوچھا جاتا، دفاع کیا جاتا ہے!

ایک تو یہ صورت تھی، دوسری صورت اور بھی عجیب ہے کہ سربراہِ خانہ خود ہی دو نمبر آدمی ہو اور ڈاکوؤں سے ساز باز رکھتا ہو اور ڈاکوؤں کے حملے اور قبضے کو عین 'قانونی' بتاتا ہو اور ایسے سربراہِ خانہ سے توقع کی جائے کہ وہ ان ڈاکوؤں کے خلاف 'اعلانِ' جہاد کرے۔

پچھلے ماہ جب پاکستان بھر میں 'یومِ استحصالِ کشمیر' ملکی سطح پر 'منایا' جا رہا تھا تو بعض حضرات نے حکومتِ وقت سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیر آزاد کروانے کے لیے 'اعلانِ' جہاد کرے۔ کسی اللہ والے کا قول یاد آ رہا ہے کہ 'ان سے مطالبۂ اعلانِ جہاد ہو رہا ہے جن کے خلاف جہاد بجائے خود فرض ہے!'۔

متحدہ عرب امارات—اسرائیل معاہدہ

کسی نے ڈیڑھ دہائی قبل لکھا تھا کہ امتِ مسلمہ کے لیے مسئلہ ایک اسرائیل کا نہیں بلکہ ان 'ستّاون' اسرائیلوں کا ہے جو 'اسلامی ممالک' کہلاتے ہیں[1]۔

انہی اسرائیلوں میں سے ایک، متحدہ عرب امارات بھی ہے۔ امارات کے اسرائیل سے بڑھتے تعلقات پچھلی ایک دہائی میں سب کے سامنے ہیں اور پچھلے چھ ماہ میں اس ضمن میں جتنی 'ترقی' ہوئی ہے وہ سب کے سامنے عیاں ہے۔ یوں تو اماراتی پالیسی شروع دن سے 'سب سے بڑا رُپیہ' رہی ہے اور کوئی بھی سرمایہ کاری کر کے امارات کو خرید سکتا ہے، لیکن اماراتی پالیسی کی 'محبت' امریکہ و اسرائیل کی جانب ہمیشہ ہر کسی سے زیادہ متوجہ رہی ہے۔

آخر کار امارات نے اسرائیل کے ساتھ ایک معاہدہ کر لیا ہے۔ مختصراً اس معاہدے کے نتائج میں سفارت کاری کا آغاز، تجارت اور دیگر تعلقات ہوں گے، باقی سیاحت اور ہوائی آمد و رفت تو ابھی سے شروع ہو گئی ہے۔ آئندہ دفاعی معاہدات بھی ہوں گے جو اب تک خفیہ حیثیت رکھتے تھے۔

اس معاہدے کا اعلان ڈانلڈ ٹرمپ نے کیا اور اماراتی 'شِکرے' محمد بن زاید اور اسرائیلی 'لومڑ-بھیڑیے' نیتن یاہو نے اس کی تصدیق۔

ساری دنیا کے تجزیہ کار یہ کہہ رہے ہیں کہ اس معاہدے میں کوئی حیرت کی بات نہیں یہ ہونا ہی تھا اور ہمیں بھی اس سے صد فیصد اتفاق ہے۔ کوئی کشتی اگر سمندر کے بیچ ٹوٹ جائے اور پھر بھنور میں پھنس جائے تو اس کے ڈوبنے اور اس کے سواروں کے ڈوب مرنے کی خبر سن کر کسی کو تعجب نہیں ہوتا۔

لیکن افسوس ان پست ذہنوں پر ہے جو یہ خوشیاں منا رہے ہیں کہ اب اماراتی ہوائی جہاز ابو ظہبی سے اڑ کر 'لِد' ایئر پورٹ (اسرائیل) پر اتریں گے اور وہاں سے حرمِ ثالث یعنی مسجدِ اقصیٰ کی زیارت کے لیے جایا جا سکے گا اور وہاں نماز پڑھی جا سکے گی؛ جہاں ایک نماز کا اجر پچیس ہزار نمازوں کے برابر ہے۔

ع کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر!

کچھ ذکر عرب امارات پر قابض خائن و غدار ٹولے کے جھوٹ کا۔ محمد بن زاید نے کہا تھا کہ ہمارا اسرائیل سے معاہدہ ہو گیا ہے جس کے نتیجے میں اسرائیل مغربی کنارے کی عرب آبادیوں پر مزید قبضہ نہیں کرے گا یعنی یہودی آبادی کی توسیع نہیں کرے گا۔

بعداً معلوم ہوا کہ یہ صرف منہ کا جھاگ تھا۔ اصلی روپ دکھاتے ہوئے اماراتی معاون وزیر برائے امورِ خارجہ، ثقافت اور عوامی سفارت کاری 'عمر غباش' نے برطانوی اخبار 'دی انڈیپینڈنٹ' سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 'کچھ بھی پتھر پر لکیر کے مترادف نہیں'۔ مزید کہا کہ اس معاہدے کے ساتھ کچھ بھی مشروط نہیں بلکہ یہ معاہدہ کچھ 'افہام و تفہیم' کا نتیجہ تھا۔ جب عمر غباش سے پوچھا گیا کہ بعض فلسطینیوں اور فلسطینی تنظیموں نے اس معاہدے کو رد کر دیا ہے اور اس کو فلسطینیوں کی پیٹھ میں چھرا گھونپنے کے مساوی قرار دیا ہے تو عمر غباش اور امارات کا اصلی چہرہ مزید 'نکھر' کر سامنے آیا اور اس نے کہا 'متحدہ عرب امارات ایک خود مختار ریاست ہے، فلسطینیوں کے لیے کوئی ''تحفہ'' نہیں ہے کہ فلسطینی ہمیں بتائیں کہ ہمیں اسرائیل سے کس قسم کے تعلقات رکھنے چاہیں اور کس قسم کے نہیں'۔

اماراتی وزیرِ خارجہ نے کہا کہ یہ معاہدہ خطے کے لیے win-win کی صورتِ حال ہے اور یہ معاہدہ ایک 'امید کی کرن' ہے۔

موٹروے ریپ کیس

اس قسم کے واقعات کے متعلق راقم نے سوچ رکھا ہے کہ ان کے متعلق لکھنے سے گریز کرے گا کہ ان پر لکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ لیکن موٹروے ریپ کیس اتنا مشہور ہو چکا ہے اور اس پر اتنی حکومتی مشینری حرکت میں ہے کہ اس پر تبصرہ کرنا لازم ہو گیا ہے۔

[1] ستّاون اسرائیلوں سے مراد ان اسلامی ممالک کی مسلمان عوام نہیں، بلکہ ان کے حکمران، ان کی افواج اور ان کی ریاستی پالیسیاں ہیں۔

میڈیا ذرائع کے مطابق واقعہ یہ ہے کہ لاہور کی ایک عورت اپنے بچوں سمیت رات گئے بارہ بجے سے کچھ قبل عازمِ سفر ہوئی۔ گاڑی چلاتے ہوئے لاہور میں رنگ روڈ سے اتر کر موٹروے سے متصل جنگل کے قریب رات کو ساڑھے بارہ بجے اس کی گاڑی کا پٹرول ختم ہو گیا، رات تین بجے وہیں پر دو بدباطن آئے اور انہوں نے گاڑی کے شیشے توڑے، دروازہ کھولا اور پھر اس عورت کو نکال کر جنگل میں لے گئے اور اس کے بچوں کے سامنے ان غنڈوں نے اس عورت کو زیادتی کا نشانہ بنایا۔

یقیناً یہ غنڈے قابلِ سزا ہیں، بلکہ اگر اسلامی شریعت نافذ ہو تو ان غنڈوں کو فساد فی الارض مچانے پر قتل کیا جا سکتا ہے، ورنہ اگر شادی شدہ زانی ہوں گے تو کم از کم بھی سنگسار کیے جائیں گے۔

لیکن صورت حال کا حقیقت پسندی سے جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ ان ظالموں فاجروں کے علاوہ یہ خاتون بھی قصور وار ہے کہ رات کو بارہ بجے یہ گھر سے عازمِ سفر ہوتی ہے اور پھر ویران سڑک پر چند کلو میٹر چلنے کے بعد اس کی گاڑی کا پٹرول ختم ہو جاتا ہے اور یہ وہیں انتظار کرتی رہتی ہے اور رات تین بجے یہ زیادتی کا نشانہ بنتی ہے۔ یہ گاڑی کو لاک لگا کر اس جگہ سے اگر پیدل بھی چلتی تو تین بجے تک بہت آرام سے کسی قریبی بستی میں بلکہ شاید اپنے گھر بھی پہنچ جاتی۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق اور بعض ٹی وی چینلوں پر چلائے جانے والے مناظر کے مطابق سڑک کے ایک طرف جنگل تھا جب کہ دوسری طرف ایک گاؤں تھا۔

میری اسی بات سے ملتی جلتی بات سی سی پی او لاہور نے بھی کی، جس پر ساری دنیا میں شور و غوغا مچ گیا کہ عورت کے خلاف بات کر دی۔ واضح رہے کہ مجھے سی سی پی او لاہور سے کوئی ہمدردی نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم.“[1]

”کوئی بھی عورت کسی محرم کے بغیر سفر نہ کرے۔“

یہ فرمانِ رسول اس پاکیزہ معاشرے میں ارشاد فرمایا گیا جہاں برائی کا تصور بھی موجود نہ تھا اور یہاں دیکھیے کہ یہ عورت شہر سے باہر، آج کے معاشرے میں بنا محرم جا رہی تھی۔ مزید یہ کہ فور جی فائیو جی انٹرنیٹ کے زمانے میں اس کا کسی سے رابطہ بھی نہ ہو ایا ایک روایت کے مطابق ’کزن‘ کو فون کیا تو وہ بھی نہ آیا، تین گھنٹے میں تو سست ترین پنجاب پولیس بھی آ جاتی ہے اور اگر جھوٹ ہی بول کر 1122 کو فون کرتی تو وہ ہی آ جاتے، ہاں البتہ موٹر وے پولیس کا رویہ یقیناً قابلِ افسوس ہے کہ وہ اپنے ’پروفیشنل ازم‘ میں اس عورت کو کوئی مدد نہ فراہم کر سکے۔

اس واقعے کے بعد پورے پاکستان کی حکومت و پولیس ایسی مستعد ہو کر ان دو مجرمین کو تلاش کر رہی ہے (یا شاید جب یہ تبصرہ شائع ہو تو تلاش کر چکی ہو) جیسے ملک میں باقی سب اچھا تھا اور ہے، بس یہی ایک مسئلہ پیدا ہو گیا۔ وزیرِ اعظم کے ہارورڈ کے پروفیسر مشیر شہباز گِل سے لے کر لاہور کے ادنیٰ سپاہی اور پرانے معاشروں کی طرز پر کھوجیوں تک کو اس کام پر لگا دیا گیا ہے۔ یقیناً اسلامی حکومت ہو تو وہ بھی یہی کرے۔ لیکن جو حکومت شریعت کی باغی بلکہ شریعت کی دشمن ہو اور جس حکومت کے نظامِ کفر نافذ کرنے کے سبب اور فحاشی و عریانی کو فروغ دینے کے سبب یہ واقعات رونما ہو رہے ہیں وہ ایسا کرے تو یقیناً حیرت کی بات ہے۔

سوال یہ بھی ہے کہ ’حقوقِ نسواں‘ اور ’عورت کی آزادی‘ کی علم بردار بڑی بڑی عینکیں لگانے اور موم بتیاں جلانے والی بعض عورتیں، جن کا نہ کوئی خاندان ہے اور نہ کسی قسم کی قدرِ ملی و دینی سے ان کو تعلق ہے، بلکہ جن کی پہچان ’عورت مارچ‘ ہے، ان کو بھی یکایک یاد آ گیا اور انہی میں سے ایک عورت وائس آف امریکہ سے بات کرتے ہوئے کہہ رہی تھی کہ ’کیا کوئی بہو بیٹی اب پاکستان میں باہر بھی نہیں نکل سکتی؟‘۔ ان بے عقل، بلکہ بد عقل عورتوں کو اب یہ بہو بیٹی ہونا یاد آ رہا ہے جب ان کی عزت بالجبر لوٹی گئی ہے، ورنہ ان کے عورت مارچ تو دراصل بالرضا عزت لٹوانے ہی کا مطالبہ ہیں۔ یہ تو وہ عورتیں ہیں جن کا نعرہ ’پدر شاہی‘ کا خاتمہ ہے اور پدرِ شفیق ہو تو کوئی کسی کی بیٹی ہوتی ہے اور کوئی کسی کی بہو۔

ان موضوعات پر ہم بارہا لکھ چکے ہیں کہ اس کا حل صرف اور صرف دین کی طرف ذاتی و اجتماعی زندگی میں لوٹنا ہے اور بس!

ایک عورت کی عزت کا یوں لٹ جانا یقیناً لائقِ مواخذہ ہے، لیکن جو لوگ آج یہ موقف پیش کرتے نظر آ رہے ہیں کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ’تحفظ فراہم نہ کرنے کے سبب مجرم ہیں‘ وہ اس حقیقت کا کلیتاً انکار کر رہے ہیں کہ بہر حال عورت کے اپنے اوپر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خواہ مخواہ اپنی جان اور عزت کو خطرے میں نہ ڈالے۔

انسانوں کی معاشرت ایک پورا نظام ہے، نظام میں جہاں حقوق ہوتے ہیں وہیں واجبات بھی ہوتے ہیں۔ ایک عادلانہ نظام (جو سوائے اسلام کے کسی اور دین و معاشرے کے پاس نہیں) اگر اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ آپ کے ایمان و عزت، جان و مال اور دیگر حقوق کی حفاظت کی جائے گی تو کچھ امور آپ پر بھی فرض کرتا ہے۔

اللہ نے عورت کو خاص پیمانۂ عقل کے ساتھ خاص جسمانی ساخت دے کر دنیا میں اتارا اور اس کے عقل و جسم کے مطابق ہی اس پر معاشرت کا بوجھ بھی ڈالا۔ اسی واقعے میں دیکھیے کہ وہ عورت جو فطری طور پر اتنی ’غافل‘ ہے کہ جب گاڑی سٹارٹ کرتی ہے تو اس کو یہ خبر نہیں ہو پاتی کہ گاڑی میں ایندھن کم ہے (حالانکہ گاڑی نہایت جدید ماڈل کی تھی اور جدید ماڈل کی گاڑیاں ایندھن ختم ہونے سے کافی پہلے سے ہی انتباہی سائرن بجانے اور بتیاں جلانے لگتی ہیں)۔ جب فہم کا عالَم یہ ہے تو رات گئے سفر کرنا اور وہ بھی بنا کسی محرم کے کتنی نادانی کی بات ہے؟!

[1] صحیح بخاری

باقی کسی کو اجازت نہیں کہ وہ راقم کے درج بالا جملوں سے یہ تاثر حاصل کرے کہ ہم عورتوں کے حقوق کے خلاف ہیں یا خدانخواستہ اس واقعے پر خوش ہیں، بلکہ اللہ گواہ ہے کہ ہم تو ان عورتوں کو بھی ان کا حقِ عصمت و عفت لوٹانا چاہتے ہیں جو عورت مارچ کی منڈیوں میں بہکا کر اور ورغلا کر ہانک لائی گئی ہیں اور ان درندے مردوں کو سولی پر لٹکانا اپنا فرض جانتے ہیں جو ایسے فساد فی الارض کے جرائم کے مرتکب ہیں۔ لیکن اس بات کی وضاحت ایک بار پھر کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ انسانیت کی دنیوی و اخروی فلاح پورے نظام کی تبدیلی میں ہے، یعنی نظامِ اسلامی کے قیام میں اور پارلیمنٹ کو مجلسِ شوریٰ، قومی ریاست کو ریاستِ مدینہ اور انگریزی خطوط پر مرتب کیے قانون کو اسلامی آئین کہہ دینے سے مسئلہ حل نہیں ہو گا!

کراچی کے مسائل کا حل کسی کے پاس نہیں!

پاکستان میں اپوزیشن اور حکومت کا ڈرامہ دہائیوں سے چل رہا ہے اور اس نظام کے فنا ہونے تک چلتا رہے گا۔

اسی ڈرامے کا ایک سین آج کل کے کراچی کے خصوصی مسائل ہیں۔ ہمارے خاندان کی ایک بزرگ اور نہایت نیک خاتون کہا کرتی تھیں (اللہ ان کی زندگی میں برکت دے، آمین) کہ 'کراچی کو سوچی سمجھی سازش کے تحت بگاڑا گیا ہے' اور اس بات میں کوئی شک بھی نہیں۔ کراچی پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔ جاپان سونامی روکنے کے لیے پہاڑوں سے بڑی دیواریں ساحل پر بنا رہا ہے اور کراچی چند بوند بارش سے ڈوب جاتا ہے۔

حکومت یعنی عمران خاں کی ناکامی تو عیاں ہے ہی، پہلے پیپلز پارٹی اور نون لیگ نے کون سا تیر مار لیا تھا۔ اس وقت بھی عمران خاں کی نااہلی پر جب شاہد خاقان عباسی سے پوچھا گیا کہ اگر آج آپ وزیرِ اعظم ہوتے تو کیا کرتے؟

فرمایا 'میں ریونیو جنریٹ کرتا، پیسہ زیادہ بنا کر فنڈز allocate کرتا'۔

اس میں شک نہیں کہ 'زر بھی ہے قاضی الحاجات'، لیکن 'زر بھی ہے' نہ کہ 'زر ہی ہے'۔ اصل وجہ تو دین سے دوری ہے کہ اللہ پاک نے کیسا واضح فرمادیا:

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ○ (سورۃ ہود:۱۱۷)

"اور تمہارا پروردگار ایسا نہیں ہے کہ بستیوں پر ظلم کر کے انہیں تباہ کر دے جبکہ ان کے باشندے صحیح روش پر چل رہے ہوں۔"

اور فرمایا:

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَىٰ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَلَٰكِن كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ○ (سورۃ الاعراف:۹۶)

"اور اگر یہ بستیوں والے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کر لیتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین دونوں طرف سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے۔ لیکن انہوں نے (حق کو) جھٹلایا، اس لیے ان کی مسلسل بد عملی کی پاداش میں ہم نے ان کو اپنی پکڑ میں لے لیا۔"

یہ روشِ ظلم و تعدی، یہ انکارِ شریعت، یہ کفر کا نفاذ ہے جس پر پی پی سے نون اور نون سے عمران خاں اور اس کو 'سلیکٹ' کرنے والے گامزن ہیں جس کا یہ سب نتیجہ ہے۔ نتیجہ کیا ہے، کہ ان کے پاس کسی مسئلے کا کوئی حل نہیں۔ بجلی کی کمی ہے تو حل نہیں، بے روزگاری ہے تو حل نہیں، سیلابوں کا حل نہیں، کرپشن کا حل نہیں، بھوک اور بیماری کا حل نہیں!

سعد الجبری کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟

سعد الجبری سعودی انٹیلی جنس کا نہایت سینئر اہلکار ہے، بلکہ اہلکار تو چھوٹی چیز ہے، یہ قریباً سربراہ لیول کا آدمی تھا۔ بس محمد بن سلمان سے کھٹ پٹ ہوئی اور آج اس کے بچے قید میں ہیں جبکہ وہ خود کینیڈا میں بیٹھا اور اس کو قتل کرنے کی کوشش بھی کی گئی بالکل اسی طرح جس طرح جمال خاشقجی کو پھنسایا گیا اور مارا گیا، لیکن یہ خود انٹیلی جنس کا آدمی تھا سو دامِ فریب میں پھنسنے سے بچ گیا۔

قصہ مختصر یہ ہے کہ سعد الجبری، یمن میں مجاہدین کے خلاف اور شریعت کے خلاف جنگ میں، سابقاً امریکی و سعودی اتحاد کا مہرہ رہا ہے۔ ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ 'جو کسی ظالم کی ظلم میں اعانت کرتا ہے تو بعداً اللہ تعالیٰ اسی ظالم کو اس اعانت کرنے والے پر بھی مسلط فرما دیتے ہیں'۔ بس سعد الجبری کے ساتھ یہی ہو رہا ہے اور وہ اب بھی رجوع الی اللہ کے بجائے رجوع الی امریکہ پر عامل ہے۔ کیسی ناکامی ہے یہ، اعاذنا اللہ منہ!

محمد بن سلمان، اہلِ اسلام کے خلاف روسیوں کا بھی حامی ہے!

برطانوی اخبار 'گارڈین' میں چھپنے والی خبر کے مطابق، امریکیوں کے خاص آلۂ کار اور ٹرمپ و نیتن یاہو کے منظورِ نظر محمد بن سلمان نے اہلِ اسلام کے خلاف جنگ میں روس کو اس بات پر ابھارا کہ وہ شام پر حملے میں حصہ لے۔

ثابت ہوا کہ محمد بن سلمان محض امریکی خوشنودی کے لیے اسلام کے خلاف جنگ نہیں لڑ رہا بلکہ نفسِ 'اسلام' کا دشمن ہے اور اس کے لیے روس تک کو ابھار رہا ہے!

گوگل آپ کے فون کو کیسے استعمال کرے گا اور اس استعمال کا مطلب کیا ہے؟

گوگل نے اعلان کیا ہے کہ وہ زلزلے کا پتہ چلانے والا سب سے بڑا نیٹ ورک بنا رہا ہے اور وہ بھی میرے اور آپ کے موبائل فون کے ذریعے۔ اس نظام کو 'دی اینڈرائیڈ ارتھ کوئیک الرٹ سسٹم (The Android Earthquake Alert System)' کا نام دیا گیا ہے۔

(باقی صفحہ نمبر 50 پر)

حافظ سردار شہید رحمہ اللہ

گل محمد ترابی

دو عشرے قبل، غزنی شہر میں دو بد معاش و بد قماش مشہور تھے۔ بدکاریاں، نشہ، بھتہ خوری، ڈاکے، غرض مافیا کی صحیح تشریح یہ دونوں تھے۔ آج بیس بائیس سال گزر جانے کے بعد بھی، غزنی میں کوئی ان کا مساوی بدمعاش پیدا نہیں ہوا۔ انہی دو بد قماشوں میں سے ایک کا نام 'سردار' تھا۔ سردار کو اس کی بری حرکتوں کے سبب غزنی شہر کا ہر بچہ اور بوڑھا جانتا تھا۔

ایک دن سردار کی کیفیت کچھ ایسی ہوئی کہ اس نے سوچا کہ وہ خودکشی کر لے۔ سردار یہ سوچ کر ایک ملا صاحب کے پاس گیا اور پوچھا کہ 'میں خودکشی کرنا چاہتا ہوں۔ کیا یہ میرے لیے جائز ہے؟'۔ یہ ملا صاحب سردار کو اچھی طرح جانتے تھے، انہوں نے کہا کہ 'تم نے اور اتنے برے کام اور سنگین جرائم کیے ہیں، اگر تم خودکشی کا حرام فعل بھی کر لو تو کون سا کوئی زیادہ فرق پڑ جائے گا! تمہارے لیے خودکشی روا (جائز) ہے!'۔

سردار نے یہ بات سنی اور ارادہ کیا کہ کل خودکشی کروں گا۔

یہ اس زمانے کا واقعہ ہے جب امریکہ اپنے نیٹو و غیر نیٹو اتحادیوں کے ساتھ افغانستان پر نیا نیا حملہ آور ہوا تھا۔

سردار اگلے دن ایک بڑی مسجد میں گیا، جس کی عمارت سے کود کر اس نے اپنی جان تلف کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ اس مسجد میں پہنچا تو اس مسجد کے امام صاحب نے سردار کو دیکھا اور پوچھا کہ 'سردار! کس ارادے سے آئے ہو؟'۔ سردار نے کہا کہ 'خودکشی کرنے کے ارادے سے آیا ہوں!'۔ یہ سن کر یہ امامِ مسجد مولوی صاحب خاموش ہو گئے اور کچھ سوچ کر بولے 'سردار! کیا کیفیت ہے جس کے سبب خودکشی کرنا چاہتے ہو؟ تم پر کیا بیت رہی ہے؟'۔ سردار نے کہا کہ 'میں اپنی بدفعلیوں اور گناہوں سے تنگ آ گیا ہوں۔ ایسی زندگی سے موت بہتر ہے۔'

مولوی صاحب یہ سن کر پھر خاموش ہو گئے اور اب ذرا زیادہ توقف کے بعد بولے 'سردار تم آج خودکشی نہ کرو، تین دن بعد جمعہ ہے، تم جمعے کے دن آنا میں تمہیں ایک کام بتاؤں گا'۔

سردار یہ سن کر واپس لوٹ گیا۔

تین دن کے بعد جمعے کے روز، سردار انہی مولوی صاحب کے پاس پھر پہنچا۔ مولوی صاحب سردار کو امارتِ اسلامیہ افغانستان کے ایک جہادی کماندان 'نجیب حاجی' کے پاس لے گئے[1]۔

یہاں سردار سے بات چیت شروع ہوئی۔ مولوی صاحب نے سردار سے کہا 'سردار! تمہارے لیے تو زندگی کی کوئی قیمت نہیں ہے، تم موت چاہتے ہو۔ جہاد کیوں نہیں کرتے؟!'۔

یہ بات سن کر سردار فوراً تیار ہو گیا اور بولا 'میں جہاد کے لیے تیار ہوں!'۔

مولوی صاحب اور نجیب حاجی صاحب دونوں ہی کو سردار کی بات پر یقین نہ آیا سو انہوں نے سردار سے کہا کہ تم ایک ہفتے بعد آنا۔ مولوی صاحب اور نجیب حاجی صاحب دونوں ہی کا خیال تھا کہ سردار نہ آئے گا۔ لیکن وَمَن يَهْدِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّضِلٍّ![2]

سردار ٹھیک ایک ہفتے بعد نجیب حاجی صاحب سے ملنے کے لیے آ گیا۔ نجیب حاجی صاحب کو اب بھی سردار پر اعتبار نہ تھا کہ سردار معصیتوں اور گناہوں میں ڈوبا شخص تھا اور اس کا رُواں رُواں معصیت کی غلاظت میں لتھڑا ہوا تھا۔ بہر کیف نجیب حاجی نے سردار کو ایک 'زیڑ بشکا مائن' (پیلے رنگ کے کین میں بنائی گئی بارودی سرنگ) دی جس کے ساتھ ریموٹ کنٹرول وغیرہ سب کچھ پہلے ہی سے نصب تھا۔

نجیب حاجی نے کہا کہ یہ لے جاؤ اور قابض کافروں پر پھاڑو۔

حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ رسولِ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاد میں وہ شخص بھی شامل ہوتا ہے کہ جو اپنے گناہوں سے تنگ آ جاتا ہے کہ جہاد مغفرت کا راستہ ہے!

جو آنکھیں رات کے اندھیرے میں تھرکتے جسموں کو دیکھتی تھیں، ناپاک شراب کے جام جن ہاتھوں سے تھامے جاتے تھے، اسی طرح ایک رات کے اندھیرے میں انہی ہاتھوں سے سردار نے غزنی بازار کی ایک بڑی شاہراہ کی کھدائی کی اور 'زیڑ بشکا مائن' سڑک کے درمیان نصب کر دی۔ سردار وہاں سے اٹھا اور سڑک سے کچھ دور بیٹھ گیا۔

ایسے میں نیٹو کا ایک قافلہ اس شاہراہ پر آ گیا۔ ایک بکتر بند ہموی گاڑی جیسے ہی بارودی سرنگ کی جگہ پر پہنچی، سردار نے بسم اللہ پڑھ کر ریموٹ کا بٹن دبایا۔ ایک زبردست دھماکے کے ساتھ 'سلوواکیا (Slovakia)' کے یورپی صلیبی فوجیوں کی بکتر بند ہموی ٹکڑوں اور پارچوں میں بدل گئی، ہموی میں بیٹھے اللہ کے دین کے دشمن فوجیوں کا بھرکس بھی نہ ملا۔

سردار اس کارروائی کے بعد خاموشی سے وہاں سے اٹھا اور جا کر فون کے ذریعے اپنے جہادی امیر کو کارروائی کی اطلاع دی۔ چند دنوں بعد امریکی انٹیلی جنس ایجنسیوں نے سردار کے فون کا سراغ لگایا اور چھاپہ مار کر اسے اٹھا کر لے گئے۔ یہ ۲۰۰۲ء کی بات ہے۔ ایک راوی کے مطابق سردار کو سیدھا گوانتانامو کے قید خانے میں بھیجا گیا اور وہاں سے باگرام کے اذیت خانے میں۔ سردار کو آٹھ سال قید کی سزا سنائی گئی۔ باگرام کے قید خانے میں سردار کی ایک نئی زندگی کا آغاز ہوا۔ سردار نے بنیادی دینی علوم پڑھے اور پھر خود سے قرآنِ مجید حفظ کرنا شروع کر دیا۔

(باقی صفحہ نمبر 40 پر)

[1] نجیب حاجی صاحب حفظہ اللہ، اب بھی بحمد اللہ بقیدِ حیات ہیں اور امارتِ اسلامیہ افغانستان کے بزرگ رہنماؤں میں سے ایک ہیں۔

[2] 'اور جسے اللہ راہ راست پر لے آئے اسے کوئی راستے سے بھٹکانے والا نہیں۔' (سورۃ الزمر: ۳۷)

ہم سبھی تجھ پر فدا ہوں!

حافظ صہیب غوری حفظہ اللہ

۲۹ جولائی ۲۰۲۰ء کو چشمِ فلک نے ایک بار پھر وہ ایمانی منظر دیکھا کہ جب غیرتِ ایمانی اور عشقِ رسالت میں ڈوبے ایک نوجوان نے اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر، جرأت و بہادری کے ساتھ کمرۂ عدالت کے اندر نبوت کے ایک جھوٹے و مکار دعوے دار کو قتل کر ڈالا۔ غازی خالد کے اس کارنامے نے پوری امتِ مسلمہ کا اور بالخصوص مسلمانانِ پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اور حضور اکرم ﷺ کے اور آپ کے دین کے ہر دشمن کو یہ سبق دیا ہے کہ امتِ مسلمہ ابھی بھی ایک زندہ امت ہے، اپنے نبی کی حرمت پر کٹ مرنے والی اور ان کی ناموس پر اپنا سب کچھ نچھاور کرنے والی امت ہے۔

برصغیر میں بسنے والے میرے محبوب مسلمان بھائیو! ایک مسلمان کی سب سے قیمتی متاع اس کی اپنے نبی ﷺ سے والہانہ محبت و عشق ہے۔ اپنے عظیم نبی ﷺ سے عشق و وفا اور اپنی جان سمیت دنیا کی ہر چیز پر آقا مدنی ﷺ کی ذات کو ترجیح دینا ہی حقیقی ایمان ہے اور اس کے بغیر تو ایمان کا کوئی تصور ہی نہیں ہو سکتا۔

سرورِ کائنات ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ:

”لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَلَدِهِ وَوَالِدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِين.“

آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے لیے اس کی اولاد، ماں باپ اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں۔

رسولِ عربی ﷺ سے محبت و عشق ایمان کی کسوٹی اور جنت کی کنجی ہے۔ اس کے بغیر کسی کا بھی دعوائے ایمان معتبر نہیں ہو سکتا۔ محبت کی بڑی اور نمایاں علامت محبوب کی ہر ممکن مدد و نصرت کرنا ہوتی ہے، اپنے محبوب کو ہر تکلیف سے بچانا، ہر اذیت سے محفوظ رکھنا اور ہر دشمن کے مقابلے میں اس کی مدد کرنا ہوتا ہے۔ ہمارے نبی پاک ﷺ کی ذاتِ مبارکہ اتنی اجلی اور اتنی عظیم ہے کہ ان کی شان میں گستاخی کرنے سے آپ کی اعلیٰ شان میں تو کوئی کمی نہیں آ سکتی مگر یہ عمل مسلمانوں کے لیے ایک امتحان بن جاتا ہے کہ کون ہو جو کہ اٹھے اور اس گستاخ کی پلید زبان کو کاٹ ڈالے اور اس ملعون کے وجود سے اس ارض کو پاک کر دے اور پھر اس اعزاز کے ساتھ کل روزِ قیامت اپنے محبوب ﷺ کی قدم بوسی کرے کہ وہ ان کے دفاع کی خاطر خطرات میں کودا تھا۔

الغرض اس دفعہ یہ قرعہ ہمارے بھائی غازی خالد خان کے نام نکلا اور اس نے طاہر نسیم نامی ایک ایسے گستاخ کا کام تمام کر ڈالا کہ جو کہ نا صرف یہ کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ کا دشمن تھا بلکہ شیطانی خیالات کا اسیر ہو کر نبوت کا جھوٹا دعوے دار بھی تھا۔

غازی خالد کے واقعے نے یہ ثابت کر دیا کہ بے دینی کو ترویج دینے کے لیے عالمی قوتوں اور ان کے مقامی آلۂ کاروں کی پالیسیوں کے باوجود مسلمانانِ پاکستان کی دینی و ملی حمیت زندہ ہے۔ یہ دشمنانِ دین کفر و کافری کے جتنے بھی منصوبے بناتے رہیں اہلِ پاکستان اسلام اور دین کے علاوہ اور کچھ نہیں چاہتے۔ ایک عام مسلمان کی محبت و عشق کا محور ڈالر یا دنیاوی چکا چوند نہیں بلکہ آقا مدنی ﷺ کی ذاتِ اقدس ہے۔ ہر مسلمانِ پاکستان گنبدِ خضراء سے اٹھنے والی اس صدا کو دل کے کانوں سے سنتا ہے اور اس پر لبیک کہتا ہے کہ من لی بھذا الخبیث؟ کہ کون ہے کہ جو مجھے اس خبیث تکلیف پہنچانے والے سے نجات دلائے گا؟! دہشت گردی کے خلاف جنگ کے نام پر دین دشمنی کے تمام حربے یہ نظام آزما چکا ہے مگر پھر بھی دین کے لیے، اپنے نبی ﷺ کے لیے اپنی جان فدا کرنے کے جذبے کو اہلِ ایمان کے دلوں سے نہیں نکال سکا۔

غازی خالد نے گستاخ کو قتل کر کے کیا خوب کہا کہ یہ شخص نبی ﷺ کا دشمن تھا، یہ پاکستان کا دشمن تھا۔ جی ہاں پاکستان کا دشمن تھا۔ اس پاکستان کی بنیاد میں اسلام کی محبت، سرورِ کائنات کی محبت شامل ہے۔ پس جو کوئی بھی پاکستانی معاشرے سے اسلام کو مٹانا چاہے، بے دینی کو ترویج دینا چاہے، رواداری کے نام پر حضور ﷺ کی ذاتِ پاک کی تنقیص کرنے کی اجازت دینا چاہے پس وہ دراصل نبی پاک ﷺ کا دشمن ہے، پاکستان کا دشمن ہے، اس مملکت کی بنیاد کا دشمن ہے، چاہے وہ نبوت کا دعویٰ کرے یا نہ کرے۔

پس میرے محبوب مسلمان بھائیو!

رسول اللہ ﷺ کی یہ محبت ہم اپنے دلوں میں بسائیں، اسے قوی سے قوی تر رکھیں اور اس کی خاطر کٹ مرنے کے لیے ہر لمحہ تیار رہیں۔ کسی گستاخ کو، کسی نام نہاد دانشور یا مفکر کو کسی سیاسی یا عسکری شخصیت کو کبھی یہ جرأت نہ ہونے پائے کہ وہ محسنِ انسانیت ﷺ کی ذاتِ مبارکہ کی طرف کسی میلی آنکھ سے دیکھ سکے۔ پھر محترم بھائیو! اس محبت کا ایک اہم تقاضا یہ بھی ہے کہ ہم شعوری طور پر سرورِ کائنات ﷺ کی غلامی قبول کریں، زندگی کے ہر ہر گوشے اور ہر ہر عمل میں سیرتِ رسول ﷺ کو ہی اپنے لیے نمونۂ عمل بنائیں، اس کی اتباع کریں اور جس طرح آپ ﷺ نے اس دین کو غالب کرنے کے لیے اپنا سب کچھ لٹایا، باطل کے خلاف ہر ہر میدان میں کھڑے رہے، اسی طرح ہم بھی دینِ محمدی ﷺ کی نصرت کے لیے کمربستہ ہو جائیں اور چہار سو باطل کا یہ غلبہ کسی بھی حال میں برداشت نہ کریں۔ ایسا ہم نے کیا تو یہی کامیابی ہے اور یہی دنیا و آخرت کی سرخروئی ہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

وصلی اللہ تعالی علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم

مودی سرکار، فوجی سرکار

عامر سلیم خان (سابقہ آفیسر پاکستان آرمڈ فورسز)

شہر کراچی کا بھٹ جزیرہ؛ یہاں زیادہ تر ماہی گیری کے شعبے سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد ہیں۔ انہی ماہی گیروں میں ایک عبدالکریم تھا۔ ملک میں مہنگائی نے غریب عوام کا جو حال کیا ہوا ہے سب پر عیاں ہے۔ غریب عبدالکریم بھی اس دن اسی امید کے ساتھ گھر سے نکلا ہو گا کہ سمندر میں جا کر ماہی گیری کروں گا اور اپنے بوڑھے ماں باپ اور تین بچوں کے لیے کچھ کما کر لاؤں گا۔

ماہی گیر طبقے کو تو پہلا خطرہ اپنے ہی ملک کے محافظین سے ہوتا ہے جو مقامی سمندر میں patrolling (گشت) کر رہے ہوتے ہیں کہ وہ طرح طرح کے بہانوں سے ان کو تنگ کرتے ہیں۔ لائسنس ہے کہ نہیں؟ اس جگہ fishing (ماہی گیری) کی اجازت نہیں ہے۔ آپ کی fishing boat (کشتی) ہمارے معیار کے مطابق نہیں ہے وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب کچھ اکثر رشوت کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد جب یہ محنت کرنے والا طبقہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے پیدا کردہ سمندر میں اپنی قسمت آزمانے کے لیے گہرے پانی کا رُخ کرتے ہیں تو وہاں بھی کفّار و مشرکین کے ظلم و ستم سے محفوظ نہیں ہوتے۔ مختلف ممالک کے بحری جہاز ان کو تنگ کرتے ہیں۔ کبھی anti-narcotics (مخدرہ مواد کے مخالفین) والے اس لیے تنگ کرتے ہیں کہ کہیں smuggling نہ کر رہے ہوں، تو کبھی دہشت گردی کے خلاف سمندری اتحاد والے تلاشیاں لینے آجاتے ہیں اور سب سے بڑھ کر اگر انڈیا کی بحریہ کے ہاتھ لگ گئے تو جس انڈیا سے اپنے ملک کے مسلمان برداشت نہیں ہوتے وہ ان بے چاروں کے ساتھ کیا حشر کرتا ہو گا خود ہی سوچ لیجیے؟ عبدالکریم کی کہانی ہی اس کی وضاحت کے لیے کافی ہے۔

۴ جنوری ۲۰۲۰ء عبدالکریم چند اور ماہی گیروں کے ساتھ اپنے غریب خاندان کی کفالت کے لیے سمندر میں اپنی قسمت آزمار ہا تھا کہ انڈیا کے بحری اہلکاروں نے اس کو پکڑ لیا۔ الزام یہ لگایا گیا کہ یہ انڈیا کی سمندری حدود میں ماہی گیری کر رہا تھا۔ الزام صحیح تھا یا غلط یہ الگ موضوع ہے اور اس میں بھی تحقیق کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ کئی دفعہ بھارتی بحریہ نے بین الاقوامی پانیوں سے پاکستانی ماہی گیروں کو اٹھا کر قید کیا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ غریب ماہی گیر کو اگر آپ نے اپنے ہی سمندر سے پکڑ لیا تو اس کو کیا سزا دو گے؟

اے آر وائی نیوز نے ۲۷ جولائی کو ایک خبر نشر کی۔ خبر کے مطابق ایک پاکستانی مچھیرا جس کا نام عبدالکریم تھا کو بھارت کی جے پور جیل میں تشدد کر کر کے شہید کر دیا گیا۔ اس پر الزام یہ تھا کہ وہ غلطی سے بھارتی سمندر میں ماہی گیری کر رہا تھا۔ اس کی نعش واہگہ بارڈر لاہور پر پاکستانی عہدہ داروں کے حوالے کی گئی اور وہاں سے ایمبولینس کے ذریعے کراچی پہنچادی گئی۔

یہاں یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ اس قسم کا یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے بلکہ اس سے پہلے بھی بھارت نے کئی دفعہ پاکستانی ماہی گیروں کو پکڑ کر ان پر اتنا تشدد کیا ہے کہ وہ جان سے چلے گئے۔ صرف اپریل ۲۰۱۹ء میں چار ماہی گیروں کو ایک ماہ کے مختصر سے عرصے میں قتل کیا گیا۔ ان میں سے ایک ماہی گیر کا نام محمد سہیل تھا۔ ماہی گیر سوسائٹی کے ترجمان کے مطابق محمد سہیل ۲ اکتوبر ۲۰۱۶ء بھارتی بحریہ کے ہاتھوں گرفتار ہوا تھا۔ ترجمان کے مطابق اس وقت بھارتی جیلوں میں ۱۰۸ پاکستانی ماہی گیر قید ہیں جن پر بدترین تشدد کیا جاتا ہے۔

یہ بھارتی حکومت کا رویہ ہے مسلمانوں (چاہے پاکستانی ہوں یا بھارتی) کے ساتھ۔ مسلمانوں کا قتل عام، مسلمانوں کو زبردستی ہندو بنانا (گھر واپسی تحریک وغیرہ)، کشمیری مسلمانوں پر تاریخ کا بدترین ظلم، بابری مسجد کو شہید کر دینا اور اب اس کی جگہ پوری بدمعاشی سے رام مندر کی تعمیر۔ ہندو تو مشرک ہیں انہوں نے تو کرنا ہی یہی ہے اور ہمیں تو اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے پہلے سے ہی قرآن عظیم الشان میں آگاہ کر دیا ہے کہ

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا...

(سورۃ المائدہ: ۸۲)

”البتہ ضرور پائیں گے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) لوگوں میں سے زیادہ سخت دشمنی میں، ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے، یہود کو اور ان لوگوں کو جنہوں نے شرک کیا۔“

مشرکین مسلمانوں کے ساتھ عداوت میں سخت ہوں گے ہمیں ہمارے رب نے پہلے ہی سے آگاہ کر دیا ہے۔ ان کو جب بھی موقع ملے گا وہ مسلمانوں پر تشدد کریں گے، ان کی بے عزتی کریں گے اور ان کا قتل عام اور یہ سب کچھ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ بھی رہے ہیں۔ دکھ اس بات کا ہے اس کے مقابل جو ہماری قوم نے، ہمارے عوام نے قوت بنائی، جن کو اس غربت میں، اس کسمپرسی میں، اپنا پیٹ کاٹ کر بھاری بھر کم ٹیکسوں سے مضبوط کیا وہ کیا کر رہی ہے؟ ایک طرف انڈیا سے عبدالکریم کی نعش آرہی ہے تو دوسری طرف جاسوس کلبھوشن کو حوالے کرنے کی کوششیں جاری ہیں کہ کیسے اس کو بحفاظت انڈیا کے حوالے کیا جائے (حکومت پاکستان نے خود اسلام آباد ہائی کورٹ میں کلبھوشن یادو کے حق میں اپیل دائر کی ہے)۔ ایک طرف انڈیا کی مودی سرکار بابری مسجد کی جگہ رام مندر کی تعمیر کی بنیاد رکھ رہی ہے تو دوسری طرف فوجی سرکار اسلام آباد میں لال مسجد بند کر کے ایک دوسری جگہ مندر تعمیر کرانا چاہتی ہے۔ ایک طرف کشمیر میں تاریخ کا بدترین ظلم جاری ہے تو دوسری طرف ان مجاہدین کی لاشوں کو سڑکوں پر پھینکا جا رہا جو اپنی مظلوم امت کی خاطر علم جہاد بلند کرنا چاہتے تھے۔ ایک

طرف محمد سہیل (ماہی گیر) کی لاش آتی ہے تو دوسری طرف سے ابھی نندن کو goodwill gesture کے طور پر بحفاظت حوالے کیا جاتا ہے۔ وہاں مودی سرکار مسلمانوں پر ظلم کر رہی ہے اور یہاں سوات سے لے کر بلوچستان تک فوجی سرکار مسلمانوں کا خون بہا رہی ہے۔

افسوس اس پر ہے کہ اس کے بعد بھی ایمان، تقویٰ اور جہاد کا نعرہ بلند کیا جاتا ہے۔ کیسا ایمان ہے کہ ہندو آپ کی ایمانی بہن کے ساتھ کشمیر میں ظلم کرے، زیادتی کرے اور آپ خاموش رہیں؟ اور صرف خاموشی بھی نہیں بلکہ ان کے حملہ آور پائلٹ کو بحفاظت ان کے حوالے کرنا اور اب جاسوس کو حوالے کرنے کی تیاری کرنا اور اس کے بعد بھی انڈیا کا ایجنٹ کون؟

یہ کیسا ایمان ہے جو بابری مسجد کی شہادت پر بھی خاموش ہے؟ یہ کیسا تقویٰ ہے جو لال مسجد میں اللہ کی عبادت کرنے سے روکتا ہے؟ یہ کیسا جہاد ہے جو اپنی ہی بہنوں (عافیہ صدیقی سے جامعہ حفصہ کی طالبات تک) اور اپنے ہی بھائیوں (مظلوم امت کی خاطر جہاد کرنے والے عربی و عجمی مجاہدین) کا قتل عام کرواتا ہے؟ کدھر تھی وہ 'اللہ کا کرم، ہمت کا علم، موجوں پہ قدم' والی پاک بحریہ جب عبد الکریم اور محمد سہیل کو گرفتار کیا جا رہا تھا، جب ان کو ان کی کشتیوں سمیت انڈیا لے جایا جا رہا تھا؟ کدھر تھے وہ نیوی کے کمانڈوز اور وہ ہر وقت تیار و چوکنے میرینز؟

ہمارے مسلمان بھائیوں پر ظلم ہو رہا ہے۔ ہندوستان اور کشمیر میں مودی سرکار اسلام مخالف ہے اور مسلمانوں پر ظلم کی انتہا کر رکھی ہے۔ ایمان کے ہر دعوے دار کو اللہ کا قرآن بلا رہا ہے کہ اپنے مظلوم مسلمان بہن بھائیوں کی مدد کو نکلو:

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ○ (سورۃ النساء: ۷۵)

"اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم قتال نہیں کرتے اللہ کی راہ میں اور ان بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر جو مغلوب بنا دیے گئے ہیں، جو دعا کر رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہمیں نکال اس بستی سے جس کے رہنے والے لوگ ظالم ہیں اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی حمایتی بنا دے اور ہمارے لیے خاص اپنے فضل سے کوئی مددگار بھیج دے"۔

اس امر پر سب سے پہلے تو ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کے دعوے داروں کو لبیک کہنا چاہیے تھا لیکن کیا کریں وہ مندروں کی تعمیر، مساجد پر بمباریوں اور مسلمانوں کے خلاف آپریشنوں سے فارغ تو ہوں۔ ہاں اگر کوئی انفرادی طور پر ایمانی غیرت سے سرشار ہو کر اس ظلم کے خلاف اٹھنا چاہے تو وہ الگ بات ہے اور اس طرح کرنا عمل سے بعید بھی نہیں۔ وہ پاکستان نیوی میں شامل مجاہدین فی سبیل اللہ ہی تھے جنہوں نے بھارتی بحریہ پر حملے کی منصوبہ بندی کی تھی (معرکہ شیخ اسامہؒ) لیکن ایک دفعہ پھر مودی سرکار کو بچانے فوجی سرکار آ پہنچی تھی۔

مظلوم مسلمانوں کی مدد کے لیے ہمیں مودی سرکار اور فوجی سرکار کے خلاف نکلنا ہو گا۔ جہاد کرنا ہو گا۔ یقیناً جہاد سب سے آسان اور مختصر راستہ ہے ظلم کو ختم کرنے کا!

بقیہ: خیالات کا ماہنامچہ

یہ نظام اینڈرائیڈ آپریٹنگ سسٹم پر چلنے والے تمام موبائل فونوں کو 'Tremor Detector' یعنی لرزش یا تھرتھراہٹ محسوس کرنے والا آلہ بنا دے گا اور زلزلے کے جھٹکے بھانپنے کے ساتھ اور زلزلے کے مرکز کا تعین بھی کرے گا اور میرا اور آپ کا فون بالکل معمول کے مطابق کام کرتا رہے گا۔

اور یہ سب گوگل آپ سے پوچھے بغیر کرے گا، بلکہ یہ مہربانی کیا کم ہے کہ اس نے آپ کو آپ کا فون خود استعمال کرتے ہوئے اطلاع دے دی ہے کہ ہم آپ کا فون استعمال کر رہے ہیں۔ یہ زلزلے کے مرکز کا تعین یقیناً ہم جانتے ہیں کہ ہماری لوکیشن استعمال کر کے کیا جائے گا۔

چلیں جہاں اتنا کچھ اور این ایس اے اور اس کے 'خادم'؛ گوگل، فیس بک، ایپل اور مائیکرو سافٹ کر رہے ہیں اس میں پرائیویسی کو ختم کرتا ایک اضافہ اور سہی!

کشمیر سے سنکیانگ تک ایک ہی مسئلہ ہے!

ایک بین الاقوامی میڈیا ادارے سے وابستہ صحافی نے عمران خان سے سوال کیا کہ کیا آپ کو آپ کے مغربی اتحادیوں نے کشمیر کے معاملے میں ساتھ نہ دے کر مایوس نہیں کیا؟

اس پر عمران خان نے جواب دیا کہ اپنے معاشی مفادات کے سبب مغربی ممالک ہمارا کشمیر کے موقف پر ساتھ نہیں دے رہے کہ انڈیا اس وقت ایک بہت بڑی معاشی منڈی ہے اور وہاں معیشت کی بڑھوتری اور تجارت کے امکانات بہت زیادہ ہیں۔

عمران خان کا جواب بالکل ٹھیک ہے اور مغربی ممالک کا رویہ بھی بالکل درست ہے، اس لیے کہ پاکستان بھی تو اپنے سی پیک اور دیگر معاشی فائدوں کے لیے چین کے زیرِ عتاب مشرقی ترکستان (سنکیانگ) کے ایغور مسلمانوں کا ساتھ نہیں دے رہا (بلکہ ان مظالم کو محض فسانہ قرار دے رہا ہے) اور بیس سال قبل پاکستان نے امارتِ اسلامیہ افغانستان پر نائن الیون کے بعد امریکی فرنٹ لائن اتحادی بن کر ڈالروں ہی کی خاطر تو امریکی حملے کی سہولت کاری کی تھی!

چراغِ 'شریعت یا شہادت' کو قلم کی روشنائی اور جگر کے خون کی ضرورت ہے!

غازی خالد ابراہیم

نمرود کی طاقت کے سامنے وہ ایک شخص کچھ بھی نہ تھا۔ فرعون کی طاقت کے سامنے بھی اس ایک شخص کی کچھ مادی حیثیت نہ تھی۔ جالوت کی طاقت کے سامنے طالوت کوئی حیثیت نہ رکھتا تھا۔ لیکن ایک شخص ہی نے نمرود کی طاقت کے سامنے جھکنے سے انکار کر دیا تھا اور ایک شخص ہی نے فرعون کی جھوٹی ربوبیت کا انکار کیا تھا اور طالوت ہی جالوت پر فتح مند ہوا تھا۔

عرب سے اٹھنے والے صحرا نشینوں کے معمولی لشکروں نے فارس اور روم کی طاقتوں سے خوف زدہ ہونے سے انکار کیا۔ یرموک اور قادسیہ میں اسلام کے (سروسامان اور تعداد کے لحاظ سے) معمولی لشکروں نے آخری لمحہ تک جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ ان کے مخالف دشمن کے اعلیٰ سطحی لشکر مٹ گئے۔

دورِ حاضر میں بھی دو ایسی مثالیں ہیں جو کہ تاریخ کے لکھنے والوں کے لیے نشانِ راہ بنی رہیں گی کہ دنیا میں خدائی کا دعویٰ کرنے والے، ایک بعد دوسرے، دو ایسے ممالک جن کا زمین، ہوا، پانی اور خلا پر اختیار و غلبہ تھا، کیسے انہوں نے اس دور کے سب سے معمولی لشکروں سے شکست کھائی۔

آتشِ نمرود کا گل و گلزار بننا، فرعون اور اس کے لشکر کا غرقِ آب ہونا، جالوت کا قتل، قادسیہ میں فارسی ہاتھیوں کے لشکر کی شکست، یرموک میں روم کی فوج کی ذلت اور دورِ حاضر میں پہلے سوویت یونین اور اب امریکہ کی یہ عظیم شکست اور بے مثال ذلت ہمارے سامنے صرف ایک ہی نتیجے کی عکاسی کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی زمینوں اور آسمانوں کا مالک ہے اور اللہ تعالیٰ ہی زمینوں اور آسمانوں کا بادشاہ ہے، وہی پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے، وہی فتح اور شکست کا فیصلہ کرنے والا ہے، وہی آزمائش میں ڈالنے والا ہے اور وہی آزمائش میں آسانی عطا کرنے والا ہے۔

انسان کی عقل کا ایک دائرہ ہے کہ جس سے باہر اس کی سوچ اور سمجھ رک جاتی ہے۔ اس دائرے کے اندر ایک ایسی دنیا کا بھرم بظاہر قائم ہے جس میں فتح کی بنیاد طاقت ہے اور طاقت کی بنیاد سپاہیوں کی تعداد اور ان کے اسلحے کی مقدار ہے۔ اس بھرم نے ہی دورِ جدید کی 'مسلمان' افواج کو کفار کا زر خرید غلام بنا دیا ہے۔ یہی وہ بھرم ہے جس کی وجہ سے حجاز کی مقدس سرزمین پر کفر کے لشکروں کو آنے کی اجازت دی گئی اور یہی وہ بھرم ہے جس کی وجہ سے ایٹمی طاقت پاکستان صرف ایک فون کال پر امریکہ کی سربراہی میں صلیبی جنگ کا صفِ اول کا سپاہی بن گیا اور یہی وہ بھرم ہے جس کی وجہ سے امتِ مسلمہ اندھیریوں میں ڈوبی ہوئی ہے۔

یہی وہ بھرم ہے کہ جس کی وجہ سے مسلمانوں کی بے شمار تعداد نے یہ جنگ لڑے بغیر ہی ہار مان لی ہے اور غلامی کی ایک ایسی دلدل میں دھنس گئے ہیں جس میں پھنس کر وہ یہ بھول گئے ہیں کہ آزاد فضا کا مطلب کیا ہوتا ہے اور اسلام کے لیے جینے اور اسلام ہی کے لیے مرنے کا مطلب کیا ہے؟!

آج یہ سوال کرنا لازم ہے کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ دورِ جدید کی سب سے عظیم طاقتیں جن کی نظر پوری دنیا پر تھی اور جن کے سامراج کے سامنے سب سر جھک جاتے تھے، ان کی طاقت کا اختتام ایسی جگہ پر ہوا جو دنیا کے معیار سے کچھ بھی نہیں تھی؟ اگر امتِ مسلمہ کو اس سوال کا جواب مل گیا تو اس بات کا یقین کیجیے کہ یہ امت پھر ایک بار درست سمت چل نکلے گی اور اس امت کو اپنے دردوں اور دکھوں کی دوا مل جائے گی۔

اس سوال کا جواب عقل کے دائرے میں نہیں مل سکتا ہے۔ یہ وہی راز ہے جس کو جان کر حضرت ابراہیم خلیل اللہ آتشِ نمرود میں کود پڑے اور حضرت موسیٰ کلیم اللہ نے بنی اسرائیل کو لے کر سمندر کی موجوں پر قدم رکھا۔ اس سوال کا جواب اس عشق کی تلاش میں ہے کہ جس نے صحرا سے نکلے لشکروں کو فارس اور روم کے محلات تک پہنچا دیا۔

ع حدِ ادراک سے باہر ہیں باتیں عشق و مستی کی

عقل تو یقیناً اس بات پر محوِ تماشا ہے کہ کیسے پہلے سوویت یونین کا سامراج اور اب امریکہ کا سامراج ایسے اللہ والوں کے ہاتھوں مٹ گیا کہ جن کے پاس صرف ان کا ایمان تھا۔

اس زمانہ کے نمرود اور فرعون کا اس طرح خاک میں ملنا اللہ تعالیٰ کی عظیم نشانیوں میں سے ہے اور یہی اس ذاتِ باری کی اعلیٰ صفات پر ایمان مضبوط کرتا ہے کہ وہی رحیم ہے، وہی رحمٰن ہے اور وہی مہیمن ہے، وہی عزیز ہے، وہی جبار ہے اور وہی متکبر ہے۔ اور یہ تمام امتِ مسلمہ کے لیے ایک ایسا سبق ہے کہ ہم پر ہو رہے ظلم کا خاتمہ کفر کو خوش کرنے میں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ پر یقین کر کے جہاد کرنے میں ہے۔

ہمارے سامنے پچھلے ایک سو سال کی تاریخ ہے کہ اس امت کے ساتھ رہبروں کی شکل میں رہزنوں نے کتنے دھوکے کیے ہیں۔ اس عظیم امت کے جوانوں کو کبھی طاغوتی اقوامِ متحدہ کی خوشی کی خاطر لادینیت کے راستوں پر چلانے کی سازشیں کی گئیں اور کبھی حصولِ اقتدار کی خاطر انھیں شریعت کا مخالف بنایا گیا۔ پچھلے ایک سو سال کی تاریخ گواہ ہے کہ امت کو اگر عزت ملی ہے تو صرف اسلام کے راستہ پر خون پسینہ بہا کر ہی ملی جبکہ باقی تمام تجربوں نے اس امت کو ظلمتوں اور اندھیروں سے بھری ایسی خوفناک کھائی میں پھینک دیا جہاں پر ہماری ماؤں، بچوں اور بزرگوں نے صرف دکھ اور ستم اور ناانصافی کی زندگی جی ہے۔

فلسطین سے لے کر کشمیر تک اور شیشان سے کاشغر تک اور صومالیہ سے پاکستان اور ہندوستان تک اس امت پر ہوا ظلم ایک ہے۔ جو دھوکہ اور ستم فلسطین کے ساتھ ہوا وہی دھوکہ اور وہی

ستم کشمیر کے ساتھ ہوا۔ محسن ہونے کا دعویٰ کرنے والے ہی اقتدار کی محبت میں قاتل بن گئے اور جس طرح فلسطین کو مصر اور اردن کی حکومتوں نے قید خانہ بناڈالا اسی طرح سے کشمیر کی قسمیں کھانے والوں نے ہندو حکومت کے ساتھ اتفاق کر کے اس وادی کو قید خانہ بنا دیا۔

کشمیر کے اندر اگر آج ہندو فوج کا قبضہ ہے تو اس کی مغربی سرحد پر پاکستانی فوج کے جرنیلوں نے گھیر اتنگ کر رکھا ہے اور کشمیری مجاہدین کے لیے آنے والی مدد کو روکے ہوئے ہیں۔ کشمیر کے اس عظیم جہاد کے ساتھ یہ سب سے بڑا دھوکہ ہے کہ اس جہاد کی سپلائی لائن کو پاکستانی فوج نے اپنے مفاد کے لیے غلام بنار کھا ہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ آج کشمیر کا اسلام پسند جوان کافر ہندو کے خلاف محاذ آرا تو ہے ہی لیکن پاکستانی جرنیلوں کی گو۔سلو/Go Slow (آہستہ آہستہ چلو) پالیسی کی وجہ سے اس کے ہاتھ میں ہتھیار کے نام پر محض ایک پستول ہوتی ہے۔[1]

کشمیر کے ساتھ اس دھوکے کو سیاسی داؤ پیچ اور عالمی برادری کو خوش کرنے کے نام پر اپنے مفادات کے حق میں استعمال کیا جاتا ہے اور ان منافقتوں نے اس جہاد کو بے انتہا نقصان پہنچایا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے اس امت کی تاریخ میں کئی دیگر محاذ کمزور بنا دیے گئے ہیں، جن میں سرِ فہرست فلسطین ہے۔

اس امت کے ہر ایک شخص کے لیے اس بات کا جاننا اور سمجھنا ضروری ہے کہ مسجد اقصیٰ سے لے کر کشمیر کی جامع مسجد اور ہندوستان کی بابری مسجد تک یہ ایک ہی جنگ ہے۔ اس جنگ کی بنیاد ایک ہے اور اس جنگ کا نتیجہ سب کے لیے ایک ہے۔ سرحدوں کی تقسیم کی سازش نے اس امت کو ٹکڑوں میں بکھیر تو دیا ہے لیکن اس امت کی تقدیر میں کلمۂ توحید کی بنیاد پر ایک ہو کر فتح مند ہونا لکھا ہے۔ اس امت کا غم ایک ہے۔ اس امت کے دشمن ایک ہیں۔ اس امت کا درد ایک ہے۔ اس امت پر ہو رہا ظلم ایک ہے اور اس امت پر ہو رہے ظلم کو روکنے کا طریقِ کار بھی ایک ہے کہ ایک کلمہ اور ایک نعرہ اور ایک مقصد کے تحت اس جنگ کو لڑا جائے۔

کشمیر کے محاذ پر اپنے خون سے گواہی دینے والے ہر ایک شخص کے لیے یہ ایک ایسے امتحان کا وقت ہے جو اس محاذ کی تقدیر کا فیصلہ کرے گا۔ ہمارے سامنے دو ایسے راستے ہیں جن میں سے ایک آزمائشوں اور مشکلات سے بھرا پڑا ہے اور دوسرا راستہ وہی ہے جس پر چل کر آج تک ہم نے صرف دھوکہ کھایا ہے۔ ایک منہج فی سبیل اللہ اور صرف فی سبیل اللہ کا ہے جس پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مشکلات کے طوفان کا سامنا کرنا ہے۔ یہ وہ راستہ ہے جس پر چل کر کئی عظیم مجاہدین کئی کئی دن تک فاقہ کشی کی حالت میں بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے تھے۔

یہ وہ راستہ ہے جس پر جما دینی والی سردیوں میں مجاہدین کے سروں پر چھت نہیں ہوتی تھی اور زمین میں کھودی سرنگوں میں برف کا پگھلا پانی انہیں سونے نہیں دیتا تھا۔ یہ وہ راستہ ہے جس میں کہ زمین کے سینے پر مجاہدینِ اسلام کی ایک دوسرے کے سوا ہمت افزائی کرنے والا کوئی نہیں ہوتا تھا اور سنسان راستوں اور بیابانوں میں اکیلے سفر پر بھی اللہ تعالیٰ کی حمد زبان پر جاری ہوتی تھی۔ یہ عبادت کا راستہ ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے رزاق اور رحیم ہونے کی گواہی کا راستہ ہے۔ یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر معرکہ آرا ہونے کا راستہ ہے۔ یہ جہاد کو سازشوں سے بچانے کا راستہ ہے۔ یہ امت کو آگاہ کرنے کا راستہ ہے۔ یہ اپنی ہستی کو شریعت یا شہادت کی خاطر مٹانے کا راستہ ہے۔

کشمیر میں کمربستہ ہر ایک مجاہد کو اس بات کا عزم کرنا ہوگا کہ اس کے جہاد کا مقصد مشرک ہندوؤں کو شکست دے کر کشمیر میں اللہ کے عطا کردہ نظام کو قائم کرنا ہے۔ ہر ایک مجاہد اور ہر ایک فرد کو یہ عزم کرنا ہوگا کہ وہ اس جنگ میں اللہ والوں کو اپنا دوست بنانا چاہتا ہے اور ان کو اپنا دشمن جانتا ہے جنہوں نے عافیہ صدیقی کو بیچ ڈالا اور جو لال مسجد پر حملہ آور ہوئے اور جنہوں نے جامعہ حفصہ میں معصوم خون کو کفار کی خاطر نیلام کر دیا۔

ان دو راستوں اور فیصلوں میں سے ایک ہی راستہ اور ایک ہی فیصلہ فلاح و نصرت کا ہے اور دوسرا لاچارگی اور ذلت کا ہے۔ ایک راستہ وہ ہے جو خلیل اللہ نے چنا جب وہ آتش نمرود میں کود گئے اور کلیم اللہ نے چنا جب انہوں نے فرعون کے خدا ہونے کے دعوے سے انکار کیا اور دوسرا راستہ اس دور کے کفر اور باطل کے سردار کے سامنے جھکنے کا راستہ ہے۔ دوسرا راستہ ہزار سال کی غلامی کا ہے۔ یہ دوسرا راستہ جہاد کے ثمرات کو ضائع کرنے کا ہے۔ یہ دوسرا راستہ مجاہدین کے خون سے سودا کرنے کا راستہ ہے۔ یہ دوسرا راستہ ذلت کا راستہ ہے۔

اس دوسرے راستہ پر چل کر کشمیر کا جہاد کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا ہے کیوں کہ اس دوسرے راستہ کی بنیاد اور اس کی منزل محض جرنیلوں کا مفاد ہے۔ یہ جرنیل اپنے مفاد کی خاطر حلال کو حرام اور حرام کو حلال قرار دیتے ہیں اور اپنے مفاد کی خاطر کافر کو دوست اور مومن کو دشمن قرار دیتے ہیں۔

اس لیے یہ ضروری ہے کہ کشمیر میں مصروفِ عمل عظیم مجاہدین اس جہاد کی حفاظت کریں اور کشمیر سے باہر مجاہدین اس جہاد کی مدد کریں۔ اس محاذ کو زبان سے نکلے الفاظ سے لے کر اسلحے تک سب چیزوں کی ضرورت ہے۔ اس جہاد کو آپ کی جانوں کی اور آپ کے مال کی اور آپ کی زبانوں کی اور آپ کے خون کی اور آپ کے پسینے کی ضرورت ہے۔

شریعت یا شہادت کے اس چراغ کو بہت مشکلوں سے بچایا گیا ہے۔ اس چراغ کو بجھانے کے لیے کئی طوفان کھڑے کیے گئے لیکن اس چراغ کی روشنی نے کئی مسافروں کو راستہ دکھایا ہے اور کئی شہدا نے اس چراغ کو اپنے خون سے زندہ رکھا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 40 پر)

[1] گو۔سلو پالیسی عین جہادی پالیسی بھی ہو سکتی ہے۔ جہاد کا مطلب ہر جگہ سرعت دکھانا، محض قتال کے میدان گرم کرنا، خون بہانا، نری جذباتیت سے مغلوب ہو کر عقل و ہوش چھوڑ کر جہد کھپانا نہیں ہے۔ یہ جہاد کہیں 'گو-سلو' کا متقاضی ہوتا ہے اور کہیں 'گو- فاسٹ' کا۔ جہادِ کشمیر میں 'گو-سلو' کی جرنیلی پالیسی کا مقصد استحکام و تدبیرِ جہاد نہیں بلکہ اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے جہادِ کشمیر کو ایک پراکسی وار بنانا اور امتِ مسلمہ، خاص کر کشمیر میں شریعت یا شہادت کی بنیاد پر بیدار ہونے والی شریعت پر عامل، کشمیری و پاکستانی عوام کی حمایت یافتہ تحریک کو ناکام بنانا ہے۔

کشمیر پکار رہا ہے!

میر محب اللہ

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا (سورۃ النساء: ۷۵)

”آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں ان بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کمزور پا کر دبا لیے گئے ہیں اور فریاد کر رہے ہیں کہ خدایا! ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی و مددگار پیدا کر دے۔“

۵ اگست ۲۰۱۹ء، جس دن ہندوستان کی کال کوٹھریاں اور ٹارچر سیل ہزاروں نوجوانانِ کشمیر سے بھر دیے گئے۔ زندانوں کی نذر ہونے والے عزت مآب بزرگ اور عفت مآب خواتین کی تعداد بھی کچھ کم نہیں، نیز باقی کشمیری مسلمانوں کو بھی آزاد نہیں چھوڑا گیا بلکہ جنت نظیر کشمیر کو آر ایس ایس کے غنڈوں اور منحوس و نجس ہندو فوجیوں کے بدترین لاک ڈاؤن نے بدترین قید خانے میں تبدیل کر دیا۔ سیکڑوں نوجوانوں کو گھروں سے اٹھا اٹھا کر جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا اور گزشتہ تیس سالہ جنگ میں بچے کھچے معاشی ذرائع پر، مسلمانوں سے ٹیلیفون اور انٹرنیٹ کی سہولیات چھین کر اور بدترین کرفیو لگا کر کڑا تالا لگا دیا گیا۔ نیز جب پوری دنیا وبا کی لپیٹ میں آئی تو کشمیری مسلمانوں کو طبی سہولیات سے بھی محروم کر دیا گیا۔

اے مسلم نوجوانانِ برِ صغیر اور نوجوانانِ امتِ مسلمہ! مذکورہ بالا مظالم اُس وقت انتہائی چھوٹے لگتے ہیں جب جموں و کشمیر کی ہماری عزیز بہنوں کی درد بھری اور دلوں کو پارہ پارہ کر ڈالنے والی فریاد ہماری سماعت سے ٹکراتی ہے۔ راشدہ، سبا، چودہ اور سولہ سالہ آسیہ اور عشرت، کنن پوش پورہ کی سو سے زیادہ بہنوں کا دل چیر دینے والا واقعہ، بہن نیلوفر اور آصفہ...... کس کس کا نام لیں؟ دل خون کے آنسو روتا ہے۔ میرے بھائیو! یہ پھول، یہ کلیاں مسل دی گئیں۔ کب تک ہم اپنی بہنوں کو ہندو بنیے کے نرغے میں چھوڑے رکھیں گے؟ اور ۵ اگست کے بعد تو حد ہو گئی۔ ہماری ہر ہر عفت مآب بہن کو بھارتی فوج اور آر ایس ایس کے عزت کے لٹیروں کے بُرے عزائم کا سامنا ہے اور کشمیر کی ہر ہر عفت مآب بہن بزبانِ حال یا بزبانِ قال فریاد کر رہی ہے کہ اے امتِ مسلمہ کے ہمارے بھائیو! کب وہ وقت آئے گا جب آپ ہماری فریاد سنیں گے اور ہماری عزت پر بُری نگاہ ڈالنے والے آر ایس ایس کے غنڈوں اور ہندی فوج سے ہماری عزتوں کی حفاظت کریں گے؟ میرے بھائیو! اس بات کا اندازہ آپ غزوۂ ہند کے جون کے شمارے میں چھپنے والے ایک کشمیری بہن کے خط سے لگا سکتے ہیں۔ ہماری ایک کشمیری بہن امرائے جہاد کے نام خط لکھتی ہے کہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں ہندی فوجوں پر فدائی حملہ کروں۔ اگرچہ اس خط کا ایک پہلو کشمیری مسلمانوں کے جذبۂ جہاد کا غماز ہے لیکن اس خط میں امتِ مسلمہ کے نوجوانوں کے لیے پیغام بھی ہے کہ بھائیو! ہماری عزتیں خطرے میں ہیں، اب بہت ہو چکا، ہم ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں، یہاں تک کہ ہم جان کی پروا بھی نہیں کرتیں، لیکن اپنے دوپٹوں پر سنگینوں کے یہ وار......!!! یہ ہم نہیں سہہ سکتیں۔ میرے بھائیو! اگر آپ تعلیم مکمل کرنا چاہتے ہیں، اگر آپ کو دنیا کی رنگینیاں ہماری طرف نگاہ اٹھانے سے روکتی ہیں، اگر آپ اپنی تاریخ بھول چکے ہیں، اگر آپ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین اور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت بھول گئے ہیں، اور میرے بھائیو اگر آپ ہماری عزتیں لٹنے کی صورت میں دنیا کی رسوائی پر اور آخرت میں اللہ ذوالجلال کے سامنے رسوائی اٹھانے کے لیے تیار ہو چکے ہیں تو پھر اس دنیا کی دھوکے بازر نگینیوں میں ہی لگے رہیں۔ رہی عزت کے لٹیروں کے نرغے میں پھنسی آپ کی بہنیں تو انہیں رہنے دیں وہ خود ہی چاقو چھری سے اپنا دفاع کریں گی یا اگر میسر ہوا تو اپنے جسموں پر بارود باندھیں گی لیکن آپ کی بہنیں اس رسوائی کو اپنے قریب نہ آنے دیں گی۔

خط لکھنے والی ہماری عزیز بہن اور دیگر ہماری بہنوں کو ہم مجاہدین یقین دلاتے ہیں کہ ہماری بہنو! ہم اپنے آپ کو میادینِ قتال میں لے کر آئے ہیں، ہم احکام شریعت کے تابع کسی ایسے عمل سے گریز نہیں کریں گے جو ہمارے بس میں ہو اور آپ کی عزت کی جس سے حفاظت ہو رہی ہو۔ ہماری بہنو! ہم نے شریعت یا شہادت کا نعرہ لگایا ہے، ہم اللہ رب العزت کی نصرت سے شریعتِ مطہرہ کے نفاذ سے پہلے پیچھے نہیں ہٹیں گے یا پھر شہادت کا جام پی لیں گے، ان شاء اللہ۔ یقین جانیں شریعتِ مطہرہ کے سائے میں ہی آپ کی عزتیں محفوظ ہیں۔ یا اللہُ، یا رحمٰنُ، یا رحیمُ، یا حیُّ، یا قیّومُ، ہمارے قدموں کو جما دے۔ ہمیں اپنی باتوں میں سچا کر دکھا۔ ہمیں حقیقی معنوں میں اپنی بہنوں کی عزتوں کے محافظ بنا اور ہمیں کفار پر غلبہ عطا فرما۔ آمین ثم آمین۔

میں برِ صغیر کے مسلم نوجوانوں سے عرض کر رہا ہوں کہ ایک وہ مسلمان تھا جو ایک مسلمان خاتون کے چہرے سے چادر ہٹانے پر ایک یہودی کو قتل کرتا ہے اور خود بھی قتل ہو جاتا ہے اور ایک ہم ہیں!! ہم اپنی بہنوں کی عزتیں لٹنے کی خبریں آئے روز سنتے ہیں اور ٹس سے مس نہیں ہوتے۔ ایک ہمارے سامنے نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ ہے اور ایک ہم ہیں کہ ہم نے اپنی آنکھیں بند کی ہوئی ہیں۔ نبی ملحمہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی قینقاع کے خلاف ایک مسلمان خاتون کا پردہ خراب کرنے کی پاداش میں اور ایک مسلمان کے قتل پر اعلانِ جنگ کرتے ہیں اور اس جنگ کی قیادت خود فرماتے ہیں۔ اور ایک ہم ہیں کہ ہماری بہنوں کی عزتیں محفوظ نہیں اور ہزاروں مسلمانوں کا

قتل عام ہو رہا ہے اور ہمارے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ برِصغیر کے میرے عزیز مسلم نوجوان بھائیو! اگر کل قیامت کے دن اللہ رب العزت نے سورۃ النساء کی آیت وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ...... پر عمل کے بارے میں ہم سے پوچھا، اگر اللہ رب العزت نے قیامت کے دن نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی موجودگی میں نبی اکرم ﷺ کا یہ اسوہ ہمارے سامنے رکھا تو ہمارا جواب کیا ہوگا؟ اگر اللہ رب العزت نے لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ پر عمل کے بارے میں ہم سے سوال کیا تو ہمارا جواب کیا ہوگا؟

5 اگست 2020ء جس دن کشمیری مسلمانوں کو بدترین لاک ڈاؤن میں زندگی گزارتے ہوئے ایک سال پورا ہو گیا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت اور سیکولر کہلانے والے ملک کی سرکار کشمیر میں ایک سال کے بعد لاک ڈاؤن ختم کرتی، کشمیریوں کو زندگی کی سہولیات مہیا کرتی لیکن مودی کی فسطائی سرکار نے اپنی ہندوتوا اور مسلم کش پالیسی کو اسی 5 اگست کو بابری مسجد کی پاکیزہ جگہ پر رام مندر کی تعمیر شروع کرنے سے مزید واضح کر دیا۔

یہاں پر میں ایک کشمیری ہونے کی حیثیت سے پاکستان کے اپنے محبوب مسلمانوں سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کا کشمیر سے متعلق جذبہ کیوں کر ٹھنڈا پڑ گیا جبکہ جھیل ڈل کا پانی اب بھی کشمیریوں کے خون سے رنگین ہے؟ اب بھی آپ کی کشمیری بہنیں سفاک ہندوؤں کے نرغے میں ہیں، اب بھی وہاں سے پکاروں اور فریادوں کی صدائیں آرہی ہیں اور بابری مسجد آپ کو اب بھی پکار رہی ہے اور پورا کشمیر پکار رہا ہے!!!

میرے محبوب کشمیری، ہندوستان کے اور پورے برِصغیر کے مسلم نوجوانو!

اٹھیے اور اپنی بہنوں کی طرف اٹھنے والے ان سفاک ہندوؤں کے ہاتھ کاٹ ڈالیے۔ آپ اچھی طرح جانتے ہیں ہندو بنیا طاقت کی زبان سمجھتا ہے۔ یہ کمزوروں پر ظلم پر ظلم کرتا ہے اور طاقت ور کی پوجا کرتا ہے۔ میرے عزیز بھائیو! آیئے! اس سے پہلے کہ قافلہ چھوٹ جائے۔ اس سے پہلے کہ کفار کے مکروہ ہاتھ ہماری مزید بہنوں کی عزتوں کو پامال کریں۔ اس سے پہلے کہ موت ہمیں اپنی آغوش میں لے لے کہ ہم اللہ رب العزت کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے، نبی ملحمہ ﷺ کے اسوہ حسنہ کو تھامتے ہوئے، جہاد کے صفوں میں شامل ہو جائیں اور اللہ پاک کے ہاں سرخ روئی کا پروانہ حاصل کریں۔

وما علینا الا البلاغ!

★★★★★

گوشۂ افکار شاعرِ اسلام علامہ محمد اقبالؒ

ایک مکالمہ

اک مرغ سرا نے یہ کہا مرغِ ہوا سے
پردار اگر تُو ہے تو کیا میں نہیں پردار!

گر تُو ہے ہوا گیر تو ہوں میں بھی ہوا گیر
آزاد اگر تُو ہے، نہیں میں بھی گرفتار

پرواز، خصوصیتِ ہر صاحبِ پر ہے
کیوں رہتے ہیں مرغانِ ہوا مائلِ پندار؟

مجروح حمیت جو ہوئی مرغِ ہوا کی
یوں کہنے لگا سن کے یہ گفتارِ دل آزار

کچھ شک نہیں پرواز میں آزاد ہے تُو بھی
حد ہے تری پرواز کی لیکن سرِ دیوار

واقف نہیں تو ہمتِ مرغانِ ہوا سے
تو خاک نشیمن، انہیں گردوں سے سروکار

تو مرغ سرائی، خورش از خاک بجوئی
ما در صدد دانہ بہ انجم زدہ منقار

(علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

بظاہر سادہ لیکن معنیٰ میں نہایت دقیق و عمیق اس نظم میں اقبال گویا آج کے مسلمان اور دورِ سلف کے بندۂ مومن کے قلب و ذہن اور ہمت و شوق کا موازنہ کر رہے ہیں۔ آج کا مسلمان محض زبان سے 'لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ' کا اظہار کر کے اپنے آپ کو قادسیہ و یرموک اور زلّاقہ و حطین کے فاتح مسلمانوں کا ہم پلہ سمجھ رہا ہے کہ وہ بھی میری طرح 'کلمہ گو' تھے۔ لیکن وہی کلمۂ طیبہ جو اسلاف کو میدانِ جنگ میں جماتا اور خون کے فوارے پھوٹنے پر 'فزت وربّ الکعبۃ' کے نعرے لگواتا تھا، آج ہمارے اعمال کے سبب، ہمارے لیے اتنا بے اثر ہے کہ ہمیں نمازِ فجر کے لیے بیدار بھی نہیں کر پاتا۔ شاہین صفت ہمارے اسلاف ہمیں بتا رہے ہیں کہ 'پرداری' کا تقاضا یہ ہے کہ پروں میں قوتِ پرواز ہو اور دل میں ہمتِ پرواز۔ ورنہ خاک پر رینگنے والے جانوروں کے ساتھ چگنا اور مٹی سے دانہ اٹھا اٹھا کر کھانا ہی مقدر میں رہے گا۔ لیکن جس نے قوت و ہمتِ پرواز پیدا کر لی تو پھر شاہین و شہباز صفت لوگوں کے راستے کہکشاؤں کے برج اور ان 'پرداروں' کی چونچیں بغرضِ اکل طعام ستاروں پر ہوتی ہیں!

مسلمانو! سنبھل جاؤ، سنبھل جانے کا وقت آیا!

محمد راشد دہلوی

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۝ (سورۃ البقرہ:۲۵۱)

"اور اگر (اس طریقے سے) اللہ ایک گروہ کو دوسرے کے ذریعے دفع نہ کرتا رہتا تو زمین میں فساد پھیل جاتا لیکن اللہ تعالیٰ تو تمام جہانوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے (کہ فتنہ اور فساد رفع کرنے کے لیے جہاد کی اجازت دی)۔"

ہندوستان میں آبادی کا وہ بااثر طبقہ جو ملک کی ہندو آبادی کی رائے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منفی تصورات پھیلانے میں پوری طرح سرگرم ہے۔ اس طبقے نے اقتدار ملنے کے بعد میڈیا، پبلک میٹنگز (عوامی ملاقاتوں)، پالیسیوں اور تقریروں کے ذریعے ملک کی ہندو اکثریت کے دلوں میں اسلام اور مسلمان سے نفرت کوٹ کوٹ کر بھر دی ہے اور انھیں اپنے مقصد کے لیے اٹھا کھڑا کیا ہے۔ ہندوستان میں امن و انصاف کے قیام کے لیے یہ ضروری ہے کہ ایسے عناصر سے نمٹا جائے جو انسانیت کے دشمن ہیں۔ یہ لوگ اپنے کفریہ و شرکیہ عقائد و جاہلیت پر مبنی قوانین و نظام کی راہ میں سب سے بڑا خطرہ اسلام کو سمجھتے ہیں ۔ یہ لوگ انسانوں کو انسانوں ہی کا غلام بنا کر رکھنا چاہتے ہیں ۔ یہ ظالم ہندوستان میں بسنے والے لوگوں کے حقیقی دشمن ہیں جو عوام الناس کو ان کے جائز حقوق سے محروم رکھتے ہیں اور پوری زندگی انھیں انسان کے بنائے ہوئے جھوٹے و فریبی دین و نظام کا پابند رکھتے ہیں۔ یہ لوگ حقیقت میں شیطان کے مددگار ہیں، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ انسانوں کو دنیا و آخرت میں رسوا کر کے جہنم میں دھکیلنا ہے۔ یہ لوگ اللہ کے باغی و دشمن ہیں جو شیطان کو اس کا مشن پورا کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

موجودہ دور میں ہندوستان میں ایسی شیطانی قوتیں اقتدار پر قابض ہیں جن کی آنکھوں میں اسلام کانٹے کی طرح چبھتا ہے۔ جسے وہ ایک باہر سے آیا ہوا پرایا دین کہتے ہیں اور ایک لمحہ بھی اسے برداشت نہیں کرنا چاہتے۔ ملک میں اصل قوت و طاقت انھی لوگوں کے ہاتھوں میں ہے جسے وہ اسلام کا چہرہ مسخ کرنے اور اس کی اشاعت میں بادھا (رکاوٹ) ڈالنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہ لوگ بھلا یہ کیسے برداشت کر سکتے ہیں کہ ایسے دین کی دعوت دی جائے یا اس کے لیے مہم چلائی جائے جو ان کے جھوٹ و فریب کا علاج ہو؟

یقیناً مسلمان، ہندوستان میں اسلام کی بہاریں دیکھنا چاہتے ہیں جو ان کا مقصدِ حیات ہے۔ لیکن اگر طریقہ کار وہ اپنایا گیا جو نہ قرآن میں ہے اور نہ حدیث میں، تو سوائے وقت کی بربادی کے کچھ بھی ہاتھ نہیں آئے گا۔ مندرجہ ذیل نکات زیرِ بحث لانا چاہوں گا۔

نور فون بند کر کے کمرے سے باہر آ گئی۔ پورے گھر میں سناٹا چھایا ہوا تھا، بس نیچے ٹی وی لاؤنج سے ہلکی ہلکی باتوں کی آوازیں آ رہی تھیں۔ وہ سیڑھیاں اتر کر نیچے گئی۔ ٹی وی لاؤنج میں سعد ٹی وی کے سامنے قالین پر نیم دراز کچھ دیکھ رہا تھا اور مصعب اس کے بالمقابل بیٹھا فون پر اپنے کسی دوست سے باتیں کر رہا تھا۔
وہ بھی خاموشی سے ان کے برابر میں بیٹھ گئی اور مصعب کی فون کال ختم ہونے کا انتظار کرنے لگی۔
"ابھی تک جاگ رہی ہو؟" مصعب نے فون بند کر کے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔
"بھائی! جنگ عظیم کیوں ہوئی تھی؟"
"کیا؟" مصعب نے حیران ہو کر پوچھا، "تمہیں نہیں معلوم؟"
"ہاں ناں! تم بتا دو!"
"کیا پوچھنا چاہ رہی ہو تم؟"

”پتا نہیں! شاید وہ وجہ جو عام طور پر لوگوں کی نظروں سے اوجھل رہتی ہے“ نور بے بسی سے سے گویا ہوئی۔

مصعب نے حیرت سے اسے دیکھا۔

”یہ دیکھو! اس کتاب میں کیا لکھا ہے“۔

مصعب نے اس کے ہاتھ سے کتاب لے لی اور پھر کچھ سوچتے ہوئے بولا:

”معلوم نہیں! تحقیق کروں گا“۔

”ابو بکر! کیسی طبیعت ہے؟“ علی کمرے میں داخل ہوتے ہوئے بولا۔

”الحمدللہ!“ اس نے نحیف سی آواز میں جواب دیا۔

آج اس کو امریکہ پہنچے دسواں دن تھا اور اس دوران اسے ڈپریشن کا یہ دوسرا اٹیک ہوا تھا۔

”بلڈ پریشر کتنا ہے؟“

”۵۰ اباۓ ۱۰۰“، ابو بکر ہلکا سا منمنایا۔

”تایا ابو کو فون کروں؟“ علی پریشانی سے بولا، ”آخر کب تک چھپاؤ گے؟“

”نہیں!“ وہ بمشکل تکیوں کے سہارے ٹیک لگا کر بیٹھتے ہوئے بولا۔ ”علی! میرا دل یہاں کی گندی اور خود غرض دنیا میں نہیں لگتا۔ میں چاہتا ہوں کہ واپس پاکستان چلا جاؤں...... جہاں اپنوں کی بے لوث محبتیں ہوں، ارد گرد مسلمان رہتے ہوں...... مگر! باباجانی نہیں مانیں گے۔ سمجھیں گے کہ میں پڑھائی سے بھاگنے کے لیے بہانے کر رہا ہوں“۔ ابو بکر کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی۔

”ابو بکر! یار! مومن کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ ڈپریشن بھی تو مایوسی ہی ہے اور مایوسی کفر ہے“، علی اسے سمجھاتے ہوئے بولا۔

پچھلے دو سال سے ابو بکر کی یہی کیفیت تھی مگر نجانے کس اندیشے کے تحت اپنے گھر والوں سے ابھی تک اپنا حال دل چھپائے ہوئے تھا۔

”کل میں تمہیں نیو جرسی کے شیخ عثمان رائٹ سے ملواؤں گا۔ وہ کل ہی نیویارک پہنچے ہیں۔ ان سے تم اپنے دل کی بات کر لینا!“ علی نے اس کے کندھے تھپتھپاتے ہوئے کہا تو وہ واپس بستر پر لیٹ گیا اور سوچوں میں گم ہو گیا۔

”السلام علیکم شیخ! یہ میرا بھائی ہے اور اسے ڈپریشن ہے۔ شروع میں یہاں آکر ٹھیک رہا مگر جیسے جیسے اسے دین کی سمجھ آتی جا رہی ہے اس کا ڈپریشن بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ گھر سے بھی اداس رہتا ہے“۔ علی نے ادب سے شیخ کے سامنے ابو بکر کی حالت زار بیان کی۔ وہ بغور اس کی بات سنتے رہے اور پھر ابو بکر کو بلا بھیجا۔

ابو بکر ہچکچاتا ہوا ان کے سامنے دوزانو بیٹھ گیا۔ شیخ عثمان نے سفید چوغہ پہن رکھا تھا جس کی لمبائی ٹخنوں سے ایک ہاتھ اوپر تک تھی۔ وہ خالص امریکی النسل تھے۔ سرخ و سفید چہرے پر گھنی داڑھی ان کے چہرے کے حسن کو بڑھا رہی تھی۔ خوب صورت آنکھوں سے ذہانت اور شفقت ٹپک رہی تھی۔ انہوں نے ابو بکر سے معانقہ کیا جو ان کی شخصیت کے سحر میں کھو کر رہ گیا تھا۔

”جی بیٹے! آپ کی کیا پرابلم ہے؟“ انھوں نے نرمی سے دریافت کیا۔ ان کا لب و لہجہ مد مقابل کا اعتماد جیت لینے والا تھا۔

”شیخ! میرا اس گندے ماحول میں دل نہیں لگتا۔ گناہ کے دروازے ہر طرف کھلے ہیں۔ چاہنے کے باوجود گناہ سے بچنا مشکل معلوم ہوتا ہے۔ میرے والد چاہتے ہیں کہ میں مستقل یہیں سیٹل ہو جاؤں مگر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سن کر ڈر لگتا ہے جس کا مفہوم ہے کہ وہ ہم میں سے نہیں جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کے بیچ سکونت اختیار کرے۔ مجھے لگتا ہے کہ میں پاگل ہو جاؤں گا“۔ بولتے بولتے ابو بکر کی آواز رندھ گئی اور آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔

”بیٹے! یہ ندامت کے آنسو ہیں یا ڈپریشن کے؟“ انھوں نے نرمی سے پوچھا۔

”شیخ! ندامت ہی کی وجہ سے تو ڈپریشن ہوا ہے“۔

”بیٹا! ندامت تو بہت خوب صورت چیز ہے، لیکن اس کی وجہ سے مایوسی طاری کر لینا غلط ہے۔ ایسی ندامت کا فائدہ ہی کیا جس کی وجہ سے عمل میں بہتری کی بجائے مزید خرابی آئے“؟ وہ اس کو نرم گھمبیر لہجے میں سمجھانے لگے۔ ابو بکر منہ کھولے انھیں تکے گیا۔ ”ندامت کا فائدہ تب ہے جب اس کی وجہ سے آپ اپنے آئندہ عمل میں بہتری لائیں“۔

”مگر شیخ! گناہ ہیں کہ ختم ہو کر نہیں دیتے“؟

”بیٹا! گناہوں کے ختم ہونے کا تو مطالبہ بھی نہیں ہے ناں“، شیخ ہنس دیے۔

”کیا مطلب؟“ ابو بکر نا سمجھی کی کیفیت میں بولا۔

”دیکھو بیٹا! اللہ تعالیٰ کو صرف عزمِ مصمم، کوشش اور جدوجہد مطلوب ہے۔ رہ گئے گناہ تو اللہ پاک خود قرآن پاک میں فرماتے ہیں کہ اگر تم گناہ کرنا چھوڑ دو تو اللہ تعالیٰ ایک ایسی قوم کو پیدا فرمائے گا جو گناہ بھی کرے گی اور توبہ بھی“۔

”اس لیے جب بھی کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً اللہ سے معافی مانگو اور آئندہ وہ گناہ نہ کرنے کا پکا عزم کرو۔ کبھی بھی گناہ پر ڈھٹائی کا رویہ اختیار نہ کرنا؛ ان شاءاللہ گناہوں کو چھوڑنے کی توفیق بھی اللہ پاک عطا فرما دیں گے“۔ وہ دھیرے دھیرے سمجھاتے رہے۔

”اچھا! یہ تو بتاؤ کہ ڈپریشن کی صورت میں دل کس قسم کی چیزوں سے بہلاتے ہو“؟ ان کے اچانک سوال کرنے پر ابو بکر گڑبڑا سا گیا۔

”کمپیوٹر، انٹرنیٹ، موویز......“ وہ خفت سے لسٹ گنوانے لگا۔ ”میوزک سننا چھوڑ دیا ہے...... اسلامک بکس بھی پڑھتا ہوں“۔

”واستعینوا بالصّبر والصلوٰۃ (نماز اور صبر سے مدد حاصل کرو)“ وہ دھیرے سے بولے تو ابو بکر کو سن کر جھٹکا سا لگا۔ ”بیٹا! جن چیزوں کو تم نے گنوایا ان سے انسان وقتی طور پر تو بہل جاتا ہے مگر

ان کے دور رس اثرات بہت برے ہیں، مثلاً ڈپریشن، حسرت، سستی، کاہلی، بلاوجہ تھکاوٹ......وغیرہ"۔

اب بات ابو بکر کی سمجھ میں آنے لگی تھی۔

"الا بذکر اللہ تطمئن القلوب (آگاہ رہو! دلوں کا اطمینان تو اللہ کے ذکر ہی میں ہے)"۔ شیخ نے اس کی طرف دیکھا، وہ مسلسل اپنے سر کو ہلائے جارہا تھا، شیخ بے ساختہ مسکرا دیے۔

"آپ کے بھائی نے بتایا کہ جب سے آپ کو دین کی سمجھ آنے لگی ہے آپ ڈپریشن کا شکار ہو گئے ہیں۔ یہی تو شیطان کے ہتھکنڈے ہیں کہ ان طریقوں سے، اللہ کی رحمت سے مایوس کر کے وہ آپ کو عمل سے روکنا چاہتا ہے۔ آپ کے کرنے کا کام یہ ہے کہ آپ نے خود کو مکمل طور پر اسلامی احکامات کے سپرد کرنا ہے، حیلے بہانے کر کے راہ فرار نہیں تلاش کرنی اور مجھ سے مستقل رابطے میں رہنا ہے"۔ وہ یہ کہہ کر خاموش ہو گئے۔ ابو بکر اور علی نے ان سے مصافحہ کیا اور شیخ سے رخصت ہوئے۔

ابو بکر آج بہت عرصہ بعد اپنی طبیعت میں نشاط محسوس کر رہا تھا۔

ابو بکر روز بروز بہتر ہوتا جارہا تھا۔ شیخ سے وہ سکائپ کے ذریعے رابطے میں تھا۔ پاکستان کے بھی بڑے بڑے علما سے اس نے روابط استوار کر لیے تھے۔ اب اس کی زندگی بدل رہی تھی۔ وہ باقاعدگی سے دن کی پانچوں نمازیں باجماعت ادا کرنے لگا تھا۔ چہرہ سنت نبوی سے سج گیا تھا۔ تصویریں کھنچوانا، کافر دوستوں سے میل ملاپ......سب کچھ چھوڑ دیا تھا اور مسلمانوں کے درس و تدریس کے حلقوں میں وقت گزارنے لگا تھا۔ علی بھی اس کے شانہ بشانہ قدم بڑھا رہا تھا۔ دونوں کے گھر والوں کو ابھی تک تبدیلی کا احساس نہ ہو سکا تھا۔

نور کے حالات کافی ناساز گار تھے۔ عبادہ کا مسئلہ پورے خاندان کا سنگین مسئلہ بن چکا تھا۔ نور سمیت سبھی گھر والوں کے ناچاہنے کے باوجود باباجانی عبادہ سے رشتہ ختم کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ اماں اور امینہ خالہ دونوں ہی بے حد پریشان تھیں مگر باباجانی کو اپنے فیصلے سے ہٹانا کسی کے بس کی بات نہ تھی۔

☆☆☆☆☆

(جاری ہے، ان شاء اللہ)

بقیہ: بنگلہ دیش رپورٹ

پجوش بونڈوپاڈھے کے ساتھ اس تنظیم کا ایک اور رہنما راناداس گپتا ۲۰۱۶ء میں انڈیا گیا اور مودی سے درخواست کی کہ بھارت بنگلہ دیش میں 'ہندوؤں پر ہونے والے مظالم' کو روکنے میں مدد کرے۔

کچھ سال قبل، اس تنظیم کی امریکی شاخ کے رہنماؤں نے ایک پریس کانفرنس میں مطالبہ کیا کہ گائے کو ذبح کرنا بنگلہ دیش میں غیر قانونی قرار دیا جانا چاہیے۔ جب سابق چیف جسٹس سریندر سنہا، عوامی لیگ کی حکومت کے دباؤ پر امریکہ گیا تو اِسی تنظیم نے سنہا کی عوامی لیگ کی حکومت کے خلاف لکھی گئی کتاب کو چھپوانے کا انتظام کروایا۔

بنگلہ دیش کے ہندوؤں نے بالعموم پریاساہا کے بیان کی حمایت کی۔ ان میں معذرت خواہانہ رویہ رکھنے والوں نے کہا کہ جو کچھ ساہا نے کہا وہ اساسی طور پر تو درست ہے لیکن شاید اس نے اعداد و شمار کو کچھ بڑھا چڑھا کر پیش کیا ہے۔ دوسری طرف متشدد ہندوؤں نے یہ پراپیگنڈا شروع کر دیا کہ تین کروڑ ستّر لاکھ بنگلہ دیشیوں نے بھارت میں اور خاص طور پر آسام، تریپورہ اور مشرقی بھارت کے دیگر علاقوں میں پناہ لے رکھی ہے۔ ایک ہندو روزنامہ نے دعویٰ کیا کہ ان تین کروڑ ستّر لاکھ بنگلہ دیشیوں نے آسام میں پناہ لے رکھی ہے۔ اسی پراپیگنڈے نے آسام میں تیس سے چالیس لاکھ مسلمانوں کی منظم بے دخلی کا دروازہ کھولا، اور ان کی شہریت کو بی جے پی نے ختم کر دیا۔

(رپورٹ کا بقیہ حصہ، ان شاء اللہ اگلے شمارے میں)

عالَمِ اسلامی کا پیغام

"آج بھی عالمِ اسلامی کا پیغام خدائے واحد کی عبادت اور اطاعت مُطلق، اللہ کے پیغمبروں کی رسالت، بالخصوص آخری اور سب سے بڑے پیغمبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور آخرت کے عقیدے پر ایمان لانے کی دعوت ہے، اس دعوت کو قبول کرنے کا انعام اور صلہ یہ ہو گا کہ یہ عالم توبر تو تاریکیوں سے نکل کر جن میں وہ صدیوں سے ہاتھ پاؤں مار رہا ہے، روشنی کی طرف آ جائے گا، اپنے جیسے انسانوں کی بندگی سے وہ نجات پا کر خدائے واحد کی بندگی کی نعمت پائے گا، زندگی کے اس جیل خانے سے نجات پا کر جس میں وہ صدیوں سے محبوس ہے، زندگی کے کھلے میدان اور دنیا کی آزاد فضا میں قدم رکھے گا، اعتقادی اور سیاسی مذاہب کی جکڑ بندیوں سے رہائی پا کر وہ دینِ فطرت اور شریعتِ الٰہی کے سایۂ عدل میں جگہ پائے گا۔"

(مفکرِ اسلام حضرت مولانا سیّد ابو الحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ)

سلطانیٔ جمہور

علی بن منصور

نبیلہ بے قراری سے کمرے میں ٹہل رہی تھی۔اس کی سمجھ میں نہ آرہا تھا کہ کیا کرے۔کمرے کے ایک کونے میں بچھے چھوٹے سے قالین پر نور، جویریہ اور فاطمہ بیٹھی اسے بے چینی سے کمرے میں مارچ پاسٹ کرتے دیکھ رہی تھیں۔ ان کے قریب ہی کرسی پر ہادیہ، اپنی گود میں ایک موٹا رجسٹر اور ہاتھ میں قلم اور کیلکولیٹر پکڑے بیٹھی تھی۔

’تم لوگ میری بات کو سنجیدگی سے نہیں لے رہے......!‘، آخر نبیلہ ان چاروں کے سامنے آکر رکتے ہوئے الزامی انداز میں شروع ہوئی۔’آخر کیوں تم سب کو یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ ہمیں اپنے مستقبل کو آزاد، روشن اور محفوظ بنانے کے لیے آج سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ نسرین آپا کا حال تم سب کے سامنے ہے اس کے باوجود تم لوگ ہو کہ ہوش میں ہی نہیں آرہیں......ضرورت تو اس چیز کی ہے کہ اپنا تن من دھن سب کچھ لٹادیں مگر اپنے کاز کو کامیاب بنائیں......‘، وہ ایک بار پھر پرجوش انداز میں ان کے سامنے تقریر کر رہی تھی۔

’آپی......ہم سمجھتے ہیں یہ سب......مگر ابھی ہم کیا کر سکتے ہیں؟میری تو جتنی سیوِنگز (بچت) تھیں، میں نے ساری دے دی ہیں......‘، ہادیہ بے چارگی سے بولی۔

’مگر اس کے باوجود ہم سب کے کل ملا کر بھی پیسے دس بارہ ہزار سے آگے نہیں بڑھ رہے......اتنے تھوڑے پیسوں سے تو کچھ نہیں بنے گا......!‘، نبیلہ مایوسی سے سر ہلاتے ہوئے بولی۔ پھر ہادیہ کی گود سے رجسٹر اٹھا کر اس کے مندرجات پر ایک بار پھر غور و خوض کرنے لگی۔’نور...! تم نے محض ۵۰۰ روپے ڈونیٹ کیے ہیں، کیا تمہارے پاس دینے کے لیے کچھ نہیں ہے......؟‘، اس نے اپنی ناک پر نیچے کو پھسلتا چشمہ پیچھے دھکیلتے ہوئے نور کی جانب دیکھا۔

اس بلا واسطہ سوال پر نور کے چہرے پر شرمندگی کی ایک لہر دوڑ گئی۔’آپی وہ......میں دراصل......کچھ کتابوں کے لیے پیسے جمع کر رہی تھی، اس لیے ابھی فوری تو میرے پاس زیادہ پیسے نہیں ہیں......آپ کہتی ہیں تو ابّو سے لے کر دے دوں گی......‘۔

’کیا......؟ دماغ ٹھیک ہے تمہارا؟ ہمارا بنیادی ترین نظریہ ہی یہ ہے کہ کسی مرد پر ڈپینڈ نہیں کرنا، کسی سے مدد نہیں مانگنی، اور تم ہو کہ کمپین کے لیے چاچو سے پیسے مانگنے کی بات کر رہی ہو......؟!‘، نبیلہ کو تو جیسے بچھو نے ڈنک مار دیا تھا۔

’نہیں......آپی......میں تو ابّو کی بات کر رہی ہوں......‘، نور اس کے غصّے پر بوکھلا گئی تھی۔

’کیوں تمہارے ابّو مردوں کی کیٹگری میں شامل نہیں ہیں کیا......؟‘، نبیلہ طنز سے بولی۔ اسے حقیقتاً نور پر شدید غصّہ آرہا تھا۔ اتنی محنت، اتنی ذہن سازی، اتنی تقریروں کے باوجود وہ کند ذہن وہیں کی وہیں تھی۔’اصل میں سچی بات تو یہ ہے کہ عورت ہی عورت کی سب سے بڑی دشمن ہے۔ عورت ہی اپنے جیسی دوسری عورت کو ہرانے کے لیے مرد کی حلیف بن جاتی ہے۔ ورنہ کسی مرد کی کیا مجال کہ کسی عورت کی حق تلفی کر سکے، اس کے ساتھ زیادتی کر سکے۔اب نسرین آپا کو ہی دیکھ لو، اگر ان کا واسطہ رخشندہ آنٹی جیسی عورت سے نہ پڑتا تو کبھی ان کی زندگی یوں خراب نہ ہوتی۔ اور اب ہم مل کر ان کے لیے کچھ اچھا کرنا چاہتے ہیں تو تمہارے جیسے لوگ ساتھ نہ دے کر اپنی خود غرضی کا اظہار کرتے ہیں۔ تمہیں اپنی کتابوں کی پڑی ہے اور آپا کی کوئی فکر نہیں......بتاؤ ذرا تم میں اور رخشندہ آنٹی میں پھر کیا فرق رہ جاتا ہے......؟‘، اس نے بری طرح اسے رگید ڈالا تھا۔

’شرم کرو نور!......کبھی تو اپنی بہنوں کا ساتھ دیا کرو‘، نور کے ساتھ بیٹھی جویریہ نے اس کی طرف گردن موڑ کر آہستہ سے کہا۔ اس کے لہجے میں دبا دبا غصّہ اور ملامت تھی۔ ہادیہ اور فاطمہ کی بھی ملامت بھری نگاہیں نور کو اپنے چہرے پر چبھتی محسوس ہو رہی تھیں۔ دکھ، شرمندگی اور خفّت سے اس کا چہرہ سرخ پڑ گیا۔ آنکھوں میں نمی اتر آئی۔ وہ نسرین آپا سے بہت محبت کرتی تھی، ان کا دکھ بھی دل کی گہرائیوں سے محسوس کرتی تھی۔ وہ تو ان کے لیے خوشیاں ہی خوشیاں چاہتی تھی، اور یہاں نبیلہ اسے رخشندہ آنٹی سے ملا رہی تھی۔

’آپی......! میں آپا کی دشمن نہیں ہوں......! میں......میں تو آپا سے بہت پیار کرتی ہوں......‘، وہ کانپتے ہوئے لہجے میں بولی۔

’اچھا......! مگر اپنے عمل سے تو تم ان سے صرف اور صرف دشمنی ہی کر رہی ہو‘، نبیلہ نے سخت انداز میں اسے جواب دیا۔ اس سے زیادہ سننے اور برداشت کرنے کی نور میں تاب نہیں تھی۔ وہ تیزی سے اپنی جگہ سے اٹھی اور بھاگتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گئی، اسے ڈر تھا کہ ایک سیکنڈ بھی مزید ان سب کے درمیان بیٹھتی تو پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیتی۔

’یہ ہے وہ نان سیریس ایٹی ٹیوڈ (غیر سنجیدہ طرزِ عمل) جس کی میں بات کر رہی ہوں......‘، اس کے جانے کے بعد نبیلہ دروازے کی سمت اشارہ کر کے غصّے سے بولی، ’اگر تم میں سے کوئی اور بھی اپنے کاز کے ساتھ سچا نہیں ہے تو برائے مہربانی، وہ بھی ابھی اٹھ کر چلا جائے۔ ایسے لوگ نفع پہنچانے کے بجائے ہمیشہ نقصان کرتے ہیں۔ اندر سے تحریک کو کمزور کرتے ہیں، دیمک کی طرح بنیادوں کو چاٹ جاتے ہیں......‘۔

’......کان کھول کر سن لو تم سب! اگر تم میں سے کوئی ایک بھی میرا ساتھ نہ دے تو بھی میں اکیلی ہی اپنے کاز کے لیے لڑتی رہوں گی......! یہاں تک کہ اپنے حقوق منوا لوں یا پھر اس مقصد کی خاطر اپنے آپ کو ختم کر ڈالوں......مگر میں کبھی اپنے نظریہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کروں گی! اب تم میں سے جس نے میرا ساتھ دینا ہے، دے!......کوئی نہیں دے سکتا تو ابھی بتا دے، اس کے لیے یہ دروازہ کھلا ہے......!‘۔

آستینیں کہنیوں تک موڑے، وہ اپنی جگہ پر مضبوطی سے جمی کھڑی تھی۔ اس کا چشمہ ایک بار پھر پھسل کر ناک کی پھنک کی طرف گامزن تھا، ایک انگلی سے چشمے کو واپس اس کی جگہ پر دھکیلتے ہوئے وہ دوسرے ہاتھ سے کمرے کے دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے غصّے سے بولی۔ اس کا لہجہ اس کے عزم کا غماز تھا، اپنے مقصد کے حصول کی خاطر اسے کوئی پروانہ تھی کہ کوئی اس کا ساتھ دیتا ہے یا نہیں، وہ تنہا ہی جان لڑانے پر آمادہ تھی۔ سامنے بیٹھی تینوں لڑکیاں آنکھوں میں عقیدت و مرعوبیت کے جذبات لیے اس کی طرف دیکھ رہی تھیں۔ یہ وہ عظمت کا مینار تھا جس نے انہیں ان کے حقوق سے نہ صرف آگہی اور شعور بخشا تھا بلکہ انہیں حاصل کرنے کے لیے قوت و حوصلہ اور رہنمائی بھی عطا کی تھی۔

'میں آپ کے ساتھ ہوں آپی!...... ہر قدم پر......!'، شدتِ جذبات سے مغلوب ہو کر ہادیہ بے قراری سے بول اٹھی۔

☆☆☆☆☆

اعلانِ عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اہالیانِ ہاشمی ہاؤس، ارشد احمد ولد احمد ضیاءالدین جو کہ سابق بر ایں / قبلِ ہذا / اس سے قبل، ہمارا داماد تھا، سے مکمل اظہارِ لاتعلقی اور براَت کرتے ہیں۔ ارشد احمد ولد احمد ضیاءالدین ایک دغاباز اور جھوٹا شخص ہے اور ہم اعلیٰ حکام سے اس کے جرائم کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کی اپیل کرتے ہیں۔ نیز ہم اس شخص کے ہر قسم کے افعال و اعمال سے مکمل اظہارِ براَت کرتے ہیں۔ آئندہ اس شخص کو کسی بھی اعتبار سے اہالیانِ ہاشمی ہاؤس سے منسوب نہ سمجھا جائے۔

سربراہ،

ہاشمی ہاؤس

☆☆☆☆☆

وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے کتنی دیر سے اس اشتہار کو پڑھ رہے تھے۔ ایک بار، دو بار، سہ بار...... انہوں نے اخبار کا وہ صفحہ علیحدہ کیا اور اسے احتیاط سے تہہ لگا کے اپنے بستر سے اٹھ کھڑے ہوئے۔ لمحہ بھر کو تو پورا کمرا ان کی نظروں کے سامنے گھوم سا گیا۔ انہیں واضح طور پر اپنی ٹانگوں میں کپکپی محسوس ہو رہی تھی۔ اپنی کمزوری پر قابو پاتے ہوئے انہوں نے میز کے ساتھ رکھی اپنی چھڑی اٹھائی اور احتیاط سے قدم اٹھاتے ہوئے دروازے کی طرف بڑھ گئے۔ دروازے کی چولوں کو بہت اچھی طرح تیل لگایا گیا تھا، دروازہ بے آواز کھل گیا۔ سامنے ہی لاؤنج میں صولت بیگم اور سلمیٰ بیٹھی مٹر چھیل رہی تھیں۔ ارد گرد اور کوئی بھی نظر نہ آ رہا تھا۔

'ابو بکر......!!...... عمیر!!'، وہ وہیں دروازے کی چوکھٹ کو پکڑ کر کھڑے ہو گئے اور اونچی آواز میں بیٹوں کو پکارا، ان میں آگے جانے کی ہمت نہیں تھی۔ ان کی آواز پر صولت بیگم نے چونک کر سر اٹھایا۔

'ابّا جی!...... کیا ہوا؟'، وہ سرعت سے اٹھ کر ان کے قریب آئیں، 'کسی چیز کی ضرورت ہے کیا......؟ آپ مجھے آواز دے دیتے......'۔

'نہیں...... ابو بکر کو بھیجو میرے پاس...... کہاں ہے وہ؟'، وہ سنجیدگی سے بولے۔ ان کے سنجیدہ لہجے میں کچھ ایسی گھمبیرتا تھی جس نے صولت بیگم کو ٹھٹکنے پر مجبور کر دیا۔

'میں بلاتی ہوں ان کو، شاید لان میں بیٹھے ہیں......'، یا اللہ خیر! اب کوئی نیا مسئلہ نہ پیدا ہو گیا ہو، وہ دل ہی دل میں دعائیں کرتی ہوئی مڑ گئیں۔ وہ چند ثانیے وہیں کھڑے رہے پھر آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے واپس اندر چلے گئے۔ ہاتھ میں تھاما ہوا اخبار کا صفحہ انہوں نے اپنی میز پر رکھ دیا، اور پھر کرسی گھسیٹ کر وہیں بیٹھ گئے۔

گاڑی کے پے در پے تین چار ہارن دینے پر گھر کے کسی کونے سے سلطان بھاگتا ہوا آیا اور تیزی سے مین گیٹ کھولنے لگا۔ گیٹ کھلتے ہی جاوید صاحب کی گاڑی اندر داخل ہوئی اور پورچ میں جا رکی۔ وہ اندر آتے ہوئے ابو بکر صاحب کو لان میں بیٹھا دیکھ چکے تھے۔ اور ابو بکر صاحب پر نظر پڑتے ہی انہیں وہ چار مختلف کالز یاد آ گئیں جو مختلف اوقات میں انہیں اور عثمان صاحب کو موصول ہوئی تھیں۔ گاڑی لاک کر کے وہ گھر کے اندرونی حصّے کی جانب جانے کے بجائے سیدھا ابو بکر صاحب کی طرف آ گئے۔

'السلام علیکم ورحمۃ اللہ...... آؤ جاوید...... بیٹھو...... چائے پیو گے؟'، انہیں آتا دیکھ کر ابو بکر صاحب نے مسکرا کر استقبال کیا۔

'وعلیکم السلام بھائی جان...... کوئی پلائے گا تو ضرور پئیں گے......'، وہ بھی جواباً مسکراتے ہوئے قریب رکھی کرسی پر بیٹھ گئے۔

'کیوں نہیں پلائیں گے......؟...... حسن!......'، انہوں نے کسی بچے کی تلاش میں ادھر ادھر دیکھتے ہوئے حسن کو آواز دی۔ اسی وقت لاؤنج کا باہر کی جانب کھلنے والا دروازہ کھلا اور صولت بیگم نمودار ہوئیں۔

'سنیے......! آپ کو ابّا جی بلا رہے ہیں'، انہوں نے برآمدے میں کھڑے کھڑے انہیں مطلع کیا۔

'ابّا جی بلا رہے ہیں......'، ابو بکر صاحب نے ہلکی آواز میں دہرایا، پھر جاوید صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے، 'تم آؤ گے اندر......؟'۔

'نہیں...... میں یہیں آپ کا انتظار کرتا ہوں۔ آپ بات سن آئیں'، جاوید صاحب کرسی کی پشت سے ٹیک لگاتے ہوئے بولے۔ ابو بکر صاحب جانے کے لیے مڑ گئے۔ 'بھائی جان! میں نے آپ

سے ضروری بات کرنی ہے، فارغ ہو کر آیئے گا ضرور...... میں انتظار کر رہا ہوں'، انہیں جاتا دیکھ کر وہ یاد دہانی کراتے ہوئے بولے۔ ابو بکر صاحب سر ہلاتے ہوئے اندر کی جانب بڑھ گئے۔

'آؤ...... آؤ...... تشریف لاؤ'، وہ جیسے ہی ابّا جی کے کمرے میں داخل ہوئے، ابّا جی نے تیز لہجے میں انہیں مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ ان کے انداز پر قدرے حیرت سے ابو بکر صاحب نے پہلے ان کی جانب دیکھا اور پھر اپنے پیچھے پیچھے کمرے میں داخل ہوتی صولت بیگم کی جانب۔

'آؤ...... رک کیوں گئے؟...... یہ دیکھو......!'، ابّا جی نے اپنے سامنے رکھی میز سے اخبار کا ایک پرچہ اٹھا کر ان کی طرف بڑھایا۔ ابو بکر صاحب کو سمجھ تو کچھ نہ آیا مگر انہوں نے آگے بڑھ کر اخبار لے لیا۔ ان کی نظریں تیزی سے اخبار کے مندرجات پر پھسل رہی تھیں۔ یہ اشتہارات والا صفحہ تھا، انہیں اس میں قابلِ توجہ کوئی بھی چیز نظر نہ آ رہی تھی۔ وہ ابّا جی سے پوچھنے ہی والے تھے کہ ایک کونے میں بنے بڑے سے ڈبّے میں ثبت ایک مہر کے نشان اور اس کے نیچے لکھے الفاظ 'سربراہ ہاشمی ہاؤس' نے ان کی توجہ کھینچ لی۔ ابّا جی ان کے چہرے پر نظریں گاڑے بیٹھے تھے۔ ان کی نگاہوں سے ان کے چہرے کے بدلتے تاثرات مخفی نہ رہے تھے۔

'اس کا مطلب پوچھ سکتا ہوں میں؟'، وہ اپنے خاص طنزیہ لہجے میں بولے۔

'جی...... ؟ ...... میں...... میں خود نہیں جانتا ابّا جی......!'، ابو بکر صاحب نے چونک کر ان کی طرف دیکھا اور بھرے چارگی سے بولے۔

'گویا کہ تمہیں بھی اخبار سے ہی یہ اطلاع ملی ہے؟'، ابّا جی گویا تصدیق کرا رہے تھے۔

'نہیں...... میں...... '

'سیاق وسباق سے باخبر ہو؟'، وہ ابو بکر صاحب کو بولنے کا موقع دیے بغیر سخت لہجے میں بولے۔

'جی...... مگر...... '

'مگر مجھے بتانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے......؟'

'نہیں ابّا جی...... یہ بات نہیں ہے...... '

'تم نے سوچا ہو گا اخبار سے پتہ چل ہی جائے گا، مجھے کیا ضرورت ہے زحمت کرنے کی۔ گھر کی خبریں جو گھر والوں سے بھی چھپائی جاتی ہیں، ان کا معاشرے میں ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے۔ گھر کے بڑوں کو بتانے کے بجائے، کسی قسم کے صلاح مشورے کے بجائے باہر اعلانِ عام کیے جا رہے ہیں...... شاباش ہے بیٹا! اتنی عمر گنوا دی، عقل کی دو باتیں سیکھ نہ سکے۔ میں تو چلو بڈھا ہو گیا ہوں، مجھ سے کیا مشورہ کرنا، لیکن اخبار میں اشتہار لگوا کر تم نے آباؤاجداد کی عزت اور نیک نامی کو چار چاند لگا دیے ہیں...... '، وہ جلال میں آ چکے تھے، اس وقت ان سے کوئی بھی بات کرنا عبث تھا۔ ابو بکر صاحب بے بسی سے گردن جھکائے ان کی سخت سست سن رہے تھے۔ صولت بیگم اپنی جگہ سن کھڑی تھیں۔ شوہر کی ایسی درگت بنتے انہوں نے کب دیکھی تھی۔ خود ابّا جی کو بھی ایسے شدید غصّے اور طیش کے عالم میں وہ ایک عرصے کے بعد دیکھ رہی تھیں۔ ابّا جی مزاجاً غصّے کے تیز تھے، مگر ریٹائرمنٹ کی زندگی میں وہ رفتہ رفتہ ایک بہت پر سکون اور دھیمی طبیعت کے حامل ہو گئے تھے۔ نجانے اخبار میں ایسا کیا تھا جس کے باعث وہ یوں بھڑک اٹھے تھے۔ غصّے سے تیز تیز بولتے ہوئے ان کا سانس پھول گیا تھا، چہرہ سرخ پڑ گیا تھا، سینے میں بھی شاید تکلیف تھی کہ وہ اونچا اونچا بولتے ہوئے بھی اپنا بایاں ہاتھ سینے پر رکھے ہوئے تھے۔ سانس اس قدر پھول گیا تھا کہ وہ اپنی بات ادھوری چھوڑ کر اپنا سینہ مسلنے لگے۔

'ابّا جی......!'، صولت بیگم نے ان کی حالت دیکھتے ہوئے پریشان ہو کر انہیں پکارا۔ پھر جلدی سے میز پر رکھا گلاس اٹھا کر اس میں پانی انڈیلا اور ابّا جی کے سامنے پیش کر دیا۔ ابّا جی نے کانپتے ہاتھوں سے گلاس پکڑا، مگر ان کے ہاتھوں کی لرزش اتنی زیادہ تھی کہ گلاس بس گرنے ہی والا تھا۔ ابو بکر صاحب نے جلدی سے ان کے قریب آ کر گلاس پکڑ لیا اور ان کے لبوں سے لگا دیا۔ ساتھ ساتھ وہ دوسرے ہاتھ سے ان کی کمر سہلا رہے تھے۔ کچھ دیر بعد ان کی طبیعت کچھ بحال ہوئی تو ابو بکر صاحب نے انہیں سہارا دے کر کرسی سے اٹھایا اور ان کے بستر پر تکیوں کے سہارے لٹا دیا۔ ابّا جی بھی جیسے اپنی ساری توانائی خرچ کر چکے تھے، وہ خاموشی سے نیم دراز ہو گئے۔ ابو بکر صاحب اب ان کے سرہانے بیٹھے آہستہ آہستہ انہیں شروع سے آخر تک ساری کہانی سنا رہے تھے۔ صولت بیگم فکرمندی سے ان دونوں کے قریب ہی بیٹھ گئیں۔

سارا معاملہ ان کے گوش گزار کر کے وہ خاموش ہوئے تو کمرے میں ایک جامد خاموشی چھا گئی۔ ابّا جی سرخ چہرہ لیے بمشکل اپنے اوپر ضبط کیے لیٹے تھے، ابو بکر صاحب اپنی سوچوں میں گم تھے۔ انہیں عمیر کے ساتھ ساتھ اپنے آپ پر بھی غصّہ آ رہا تھا۔ انہوں نے عمیر کو صاف صاف کیوں نہ کہہ دیا تھا کہ نسرین کے معاملے کو وہ خود دیکھ لیں گے۔ کیوں انہوں نے اس پر اور اس کی معاملہ فہمی پر اعتماد کر لیا۔ اور وہ بھی ایسا احمق نکلا کہ اخبار میں اشتہار لگوانے سے پہلے اس نے ان سے پوچھنا تک گوارا نہ کیا۔ انہیں رہ رہ کر اس پر غصّہ آ رہا تھا۔

'بلاؤ اس نانہجار کو...... '، کافی دیر بعد ابّا جی کی آواز گونجی۔

چند منٹ بعد عمیر اور جاوید صاحب اکٹھے ہی کمرے میں داخل ہوئے۔ جاوید صاحب شاید باہر انتظار کر کر کے تھک چکے تھے کہ اندر ہی آ گئے۔ ان دونوں کے پیچھے پیچھے زوار بھی تھا، ہاتھ میں لیپ ٹاپ اٹھائے وہ خاموشی سے عمیر کے پرسنل سیکرٹری کے فرائض انجام دے رہا تھا۔ کمرے میں داخل ہوتے ہی عمیر نے اندر موجود تینوں نفوس کے چہروں کے تاثرات اور کمرے کی فضا سے اندازہ لگا لیا تھا کہ کچھ نہ کچھ گڑبڑ ہے جس کی جوابدہی کے لیے اسے طلب کیا گیا ہے۔ ایسی طلبی کے لیے وہ تیار تھا، بلکہ ایک حد تک منتظر بھی۔

چہرے پر بڑی سی مسکراہٹ سجائے اس نے اونچی آواز میں سب کو سلام کیا۔ پھر میز کے قریب رکھی کرسی گھسیٹ کر اس پر براجمان ہو گیا۔ 'کیا حال ہے ابّا جی؟ آج آپ کو کیسے میری یاد آ گئی؟'۔

ابّا جی کا چہرہ غیظ وغضب سے مزید سرخ ہو گیا۔ 'تم خوب اچھی طرح جانتے ہو کہ تمہاری یاد کیسے آئی...... '، وہ اپنے بستر پر سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور ابو بکر صاحب کے ہاتھ سے اخبار لے کر

عمیر کی جانب اچھال دیا۔ اخبار کا صفحہ اس کے پاؤں کے قریب جا کر گرا۔ 'نالائق......! بد بخت......! سمجھ کیا رکھا ہے تم نے خود کو؟...... کس سے پوچھ کر تم نے ہماری عزت کا اخبار میں اشتہار لگوایا؟'۔

نجانے عمیر اپنی اس خاطر تواضع کے لیے ذہنی طور پر تیار تھا یا نہیں، لیکن اس وقت اس کا چہرہ بالکل سپاٹ ہو گیا تھا، ہر قسم کے جذبات و احساسات سے یکسر خالی۔ اس نے جھک کر اخبار کا چرمرایا ہوا صفحہ اٹھایا اور اس کی تہیں سیدھی کر کے وہ اشتہار بالکل سامنے لے آیا جو اس پورے تنازعے کی جڑ تھا۔

'......میں کہتا ہوں کس نے تمہیں یہ اختیار دیا کہ تم اس طرح اپنی مرضی سے فیصلے کرتے پھرو؟...... کسی سے پوچھنا، مشورہ کرنا، اطلاع دینا...... کسی چیز کی تم نے زحمت نہیں کی...... لے کر اخبار میں تماشا لگوا دیا پورے خاندان کا...... ارے اتنی ہی تمہارے اندر عقل ہوتی، گھر کے فیصلے کرنے کی اہلیت اور قابلیت ہوتی...... تو ہم تمہیں سر آنکھوں پر نہ بٹھاتے......؟...... قطعی احمق...... گدھے ہو تم...... خر دماغ......!'، غصے سے بے قابو ہوتے ہوئے ابا جی کی حالت ایک بار پھر غیر ہو رہی تھی۔

'آپ کا بی پی ہائی ہو رہا ہے ابا جی...... آپ لیٹ جائیں بس آرام سے......'، ابو بکر صاحب نے انہیں کندھوں سے پکڑ کر دوبارہ لٹا دیا۔

'ہٹ جاؤ ابو بکر...... چھوڑو مجھے...... آرام میرے نصیب میں کہاں......؟ جن باپوں کی ایسی نالائق اولاد ہو، انہیں کب آرام ملتا ہے...؟'، ابا جی اپنا ناتواں وجود ابو بکر صاحب کی گرفت سے چھڑانے کی کوشش کرتے ہوئے بولے۔

'آپ لیٹیں ابا جی...... میں خود بات کرتا ہوں اس سے...... آپ بس خود کو ذرا پر سکون رکھیں'، ابو بکر صاحب نے زبردستی انہیں لٹا دیا اور پھر عمیر کی جانب مڑے۔

'بھائی جان! یہ کیا چکر ہے سارا......؟ میں نہیں سمجھا......'، جاوید صاحب جواب تک خاموشی سے دیکھ رہے تھے، آخر کار بول اٹھے۔ ان کے سوال پر عمیر نے متعجب انداسے ان کی جانب دیکھا اور پھر ہاتھ میں پکڑا اخبار کا صفحہ ان کی جانب بڑھا دیا۔

'لیجیے...... آپ بھی دیکھ لیجیے...... کہیں محروم نہ رہ جائیں'۔

'عمیر......! جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے تم نے دعویٰ کیا تھا کہ تم نسرین کے معاملے کو ایسے حل کرو گے جیسے بیٹیوں کے معاملات حل کیے جاتے ہیں۔ اس کے لیے مزید مشکلات پیدا کرنے کے بجائے کوئی سکھ پہنچانے کی کوشش کرو گے...... تم چاہتے تھے کہ میں تم پر اعتماد کروں......! مگر یہ جو کچھ تم نے کیا ہے اس سے نسرین کے مستقبل کو تو جو نقصان پہنچے گا سو پہنچے گا، مگر خاندان کی جو بدنامی ہو گی، وہ بھی کم نہیں ہے۔ میں پوچھ سکتا ہوں کہ کس چیز کا بدلہ لے رہے ہو تم مجھ سے......؟'، ابو بکر صاحب کا لہجہ ہموار مگر سخت تھا۔

'جی...... بتا سکتا ہوں۔ اگر آپ سب مجھے جی بھر کر کوس چکے ہوں اور برا بھلا کہہ کر اپنے سینے ٹھنڈے کر چکے ہوں تو میں بتا سکتا ہوں کہ میں نے کیا کیا ہے اور کیوں کیا ہے......'، عمیر پر سکون انداز میں بولا۔ اس کی بات پر طیش میں آکر ایک بار پھر ابا جی نے اٹھنا چاہا، وہ اسے کوئی سخت سا جواب دینا چاہتے تھے، مگر ابو بکر صاحب نے ایک بار پھر کندھوں سے پکڑ کر انہیں لٹا دیا۔

'تو پھر بولو...... ہم سن رہے ہیں......'۔

'سب سے پہلے تو چند چیزیں...... بلکہ تصورات...... ہیں جو آپ لوگوں کو خود اپنے ذہن میں واضح کرنے کی ضرورت ہے۔ جب تک وہ واضح نہ ہوں گے، آپ لوگ میری حکمت عملی نہیں سمجھ سکتے'، وہ ایک لمحے کو رک کر جانچتی ہوئی نگاہ سے ابو بکر صاحب کی طرف دیکھا، پھر اپنی بات جاری رکھتے ہوئے بولا، 'پہلی بات یہ کہ اس سارے معاملے میں زیادتی ہمارے ساتھ ہوئی ہے...... یعنی نسرین مظلوم ہے اور ارشد ظالم۔ ہمارا مقصد نسرین کے ساتھ کی گئی زیادتی کا ازالہ ہے......'۔

'ہم جانتے ہیں یہ باتیں...... تم مطلب کی بات کرو...'، جاوید صاحب اس کی بات کاٹتے ہوئے بولے۔ اشتہار دیکھ کر ان کا بھی پارہ ہائی ہو گیا تھا۔

'......یہ باتیں سمجھنے کی ہیں۔ آپ لوگوں کا خیال ہے کہ آپ یہ بات سمجھتے ہیں مگر ویسے نہیں سمجھتے جیسا کہ سمجھنے کی ضرورت ہے......'، عمیر اپنی بات پر زور دیتے ہوئے بولا۔

'اچھا...... اور اگر ہم یہ باتیں ویسے سمجھنا شروع ہو جائیں جیسے تم سمجھانا چاہتے ہو تو کیا حاصل ہو گا......؟'، ابو بکر صاحب کسی نتیجے پر پہنچنا چاہتے تھے۔

'تو یہ حاصل ہو گا کہ پھر ہم دنیا کو بھی اپنا نقطۂ نظر سمجھا سکیں گے...... آپ سمجھتے ہیں میں نے یہ اشتہار لگوا کر بڑی حماقت کا کام کیا ہے، مگر میں آپ کو بتاتا ہوں کہ اس کے کیا فوائد ہیں۔...... زوار'، اس نے مڑ کر زوار کو کوئی اشارہ کیا۔ زوار فوراً آگے بڑھا اور ہاتھ میں تھاما سمارٹ سا لیپ ٹاپ تپائی پر رکھ کے آن کر دیا۔ تپائی اس نے اٹھا کر ابا جی کے بستر کے سامنے یوں رکھ دی کہ ابا جی اور ابو بکر صاحب دونوں بآسانی سکرین کو دیکھ سکتے تھے۔ 'ابھی آپ دیکھیں گے کہ ہم نے اور کیا کچھ کیا ہے...... نسرین کا معاملہ سنجیدہ معاملہ ہے اور میں گزشتہ کئی دنوں سے مسلسل صرف اسی کو اپنی واحد ترجیح بنا کر اس کے حل کی کوششوں میں مصروف ہوں......'

چند کلکس کے بعد لیپ ٹاپ کی سکرین پر ایک ونڈو کھلی تھی۔ یہ ہاشمی ہاؤس آفیشیل کے نام سے ایک ٹوئٹر اکاؤنٹ تھا۔ سامنے ہی ایک نیلے ڈبے میں تحریر تھا:

> ''دوسری شادی کرنا کوئی جرم نہیں ہے۔ لیکن بیوی کو دھوکے میں رکھ کر دو دو شادیاں کرنا اور ایک بیوی کو حقوق دینا جبکہ دوسری کو یکسر محروم رکھنا یقیناً ظلم و زیادتی کی انتہا ہے۔ ہم مزید یہ ظلم و زیادتی قطعاً برداشت نہیں کریں گے۔ ظالم کو انصاف کے کٹہرے میں لانا ہو گا!''
>
> #ظالمو جواب دو! ظلم کا حساب دو!

”کینیڈین سونے کی چڑیا سے شادی کرنے کے باوجود ارشد احمد بے اولاد رہا۔ اپنی محرومی دور کرنے کے لیے اس نے سوچا کیوں نہ پاکستان سے کسی معصوم لڑکی کا شکار کیا جائے۔ یوں پاکستان میں اولاد بھی ہو گی جبکہ کینیڈا میں من پسند زندگی اور بیوی بھی......“

#چڑی اور دو دو!

”ارشد احمد کو اپنی دھوکا دہی اور فراڈ کے لیے کینیڈا اور پاکستان...... دونوں ملکوں میں جواب دہی کرنا پڑے گی۔ ہم ہر گز اسے یوں آزاد نہیں چھوڑیں گے!“

#ارشد احمد انصاف کے کٹہرے میں!

عمیر تپائی کے قریب اکڑوں بیٹھا، ایک انگلی ٹچ پیڈ پر رکھے نیچے کی جانب سکرول کر تا جا رہا تھا۔ ہر ٹویٹ کے نیچے لوگوں کی ٹویٹس اور جوابی ٹویٹس کی ایک طویل فہرست تھی۔

’میرے خدا!!......اب میں سمجھا کہ امریکہ تک سے خاندان کے افراد کے فون پر فون کیوں چلے آ رہے ہیں......!‘، جاوید صاحب جو عمیر کے کندھے کے اوپر سے اچک کر دیکھ رہے تھے، اپنا سر پکڑ کر رہ گئے۔ عمیر نے ان کی جانب دیکھا اور پھر یکے بعد دیگرے ابّا جی اور ابو بکر صاحب کی جانب۔ کسی کے چہرے کے تاثرات بھی حوصلہ افزا نہیں تھے۔

’میں آپ لوگوں سے اپنی پوری حکمت عملی سمجھنے اور اس کی کماحقہ قدر پہچاننے کی توقع نہیں کرتا۔ لیکن اس کے باوجود......اس کے باوجود میں آپ سب کو یہ یاد دلانا چاہوں گا کہ آج سے تقریباً ایک سال پہلے ہم جس آئین پر متفق ہوئے تھے، اس آئین نے اور ۳ماہ قبل اس گھر کے افراد کے ووٹس نے مجھے یہ حق دیا تھا کہ میں اس معاملے میں اپنی صوابدید اور اختیار استعمال کروں۔ میں نے کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی، نہ کسی کی حق تلفی کی ہے...... محض اپنا فرض ادا کرنے کی اپنی سی کوشش کی ہے......اور اس کے بدلے میں آپ سے میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ ہمارے گھر کی جمہوری اور آئینی روایات کے مطابق میرا جو حق بنتا ہے، وہ مجھے دیا جائے۔ مجھے بے جا تنقید اور سب وشتم کا نشانہ نہ بنایا جائے، بلکہ میرے طریقۂ سیاست اور حکمت عملی کو غیر جانبداری سے...... تعصب کی عینک اتار کر دیکھیں......پرکھیں...... اور میرا ساتھ دیں‘، وہ ٹھہر ٹھہر کر بول رہا تھا، اس کے لہجے میں خلافِ عادت بہت عاجزی تھی۔

’مگر اس حکمت عملی میں ”حکمت“ کیا ہے......یہ بھی ذرا واضح کر دو......!‘۔

’بھائی جان! یہ اکیسویں صدی ہے۔ کمپیوٹر ایج ہے۔ پراپیگنڈے کا زمانہ ہے۔ جانتے ہیں جب آپ نے یہ سارا معاملہ مجھے بتایا تو میرا کیا کرنے کو جی چاہا تھا؟ میرا جی چاہا کہ میں یہاں سے پہلی فلائٹ پکڑ کے کینیڈا پہنچوں اور ارشد کو گولی مار دوں۔ مگر پھر میں نے غور کیا...... آج کے زمانے میں غیرت کے نام پر قتل کر کے آدمی ہیرو نہیں بنتا، بلکہ مجرم بن جاتا ہے۔ آج کے زمانے میں بدلہ لینے کے طریقے مختلف ہو گئے ہیں۔ اور میں ارشد سے نسرین کا بدلہ لینا چاہتا ہوں۔ یہ نہیں چاہتا کہ وہ چپ چپیتے نسرین کو طلاق دے دے اور نسرین محض اس کے بیٹے کو پالتے پالتے ہی خاموشی سے گھٹ گھٹ کر ساری زندگی گزار دے۔ ایسے میں فائدہ کس کو ہو گا؟ آپ ہی بتائیں......!ارشد کو تو کوئی فرق نہیں پڑے گا، وہ تو آرام سے اپنی زندگی جیتا رہے گا، بلکہ یہی تو وہ چاہتا ہے کہ ایسا ہو جائے۔ ہاں نسرین کے نام کے ساتھ مطلقہ کا اضافہ ہو جائے گا......‘۔

’اب جو کچھ میں نے کیا ہے اس کو آپ لوگ خاندان کی بدنامی کا باعث سمجھ رہے ہیں۔ مگر آپ یہ دیکھ ہی نہیں رہے کہ میں یہ معاملہ پوری دنیا کے سامنے لے آیا ہوں۔ میں نے میڈیا کو ارشد اور اس کے گھرانے کے خلاف کھڑا کر دیا ہے۔ کینیڈا تک اس آگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں۔ اس کی کینیڈین بیوی تک بھی یہ خبر پہنچے گی، وہاں بھی اس کی ساکھ متاثر ہو گی۔ میں نے ہیومن رائٹس والوں سے رابطے کیے ہیں، میں نے معاشرے کو ایک فریق بنا کر ارشد اور اس کے گھرانے کو معاشرے سے علیحدہ کر دیا ہے۔ آپ دیکھیے گا......میں ان کو اتنا بدنام کروں گا کہ لوگ ان کا سوشل بائیکاٹ کر دیں گے۔ اس کے بھائی کو کوئی بیٹی دینے والا نہیں ملے گا۔ لوگ ان سے ملنا جلنا پسند نہیں کریں گے۔ وہ لوگ معاشرے میں دغاباز، فریبی اور فراڈیے کے طور پر جانے جائیں گے، جو کہ وہ ہیں بھی......یہ اکیسویں صدی ہے بھائی جان، اور اس میں جنگ کے اصول بہت بدل گئے ہیں......‘، وہ پرجوش انداز میں بول رہا تھا۔ باقی سب خاموشی سے اسے سن رہے تھے۔ نجانے وہ ٹھیک کہہ رہا تھا یا غلط، مگر جو کچھ بھی تھا، اب تو وہ کر چکا تھا۔

(جاری ہے ان شاء اللہ)

اعلان از ادارہ

مجلّہ ’نوائے غزوۂ ہند‘ کے تمام معزز لکھاریوں سے التماس ہے کہ اپنے مضامین ہر ماہ کی تیس (30) تاریخ تک[1] مجلّے کی مجلسِ ادارت تک (بذریعۂ ای میل یا جو طریقۂ رابطہ کاری آپ سے طے ہو) پہنچا دیا کیجیے۔

شکریہ، جزاکم اللہ خیراً کثیراً!

[1] مثلاً اگر آپ اکتوبر ۲۰۲۰ء کے شمارے کے لیے مضمون بھیجنا چاہتے ہیں تو اسے تیس (30) ستمبر ۲۰۲۰ء تک مجلّے کی مجلسِ ادارت تک پہنچا دیجیے۔

چین میں مساجد کو منہدم کر کے ان کی جگہ پبلک ٹوائلٹس کی تعمیر

ایک عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ۲۲ ملین (تقریباً سوا دو کروڑ) مسلمانوں کی آبادی والے ملک چین میں مساجد کو شہید کر کے ان کی جگہ پبلک ٹوائلٹس، شراب اور سگریٹ کی دکانیں اور انڈرویئر کے کارخانے تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ چین کے صوبہ شنجیانگ / سنکیانگ (مشرقی ترکستان) میں اب تک کم از کم ۱۰ سے ۱۵ ہزار مساجد اور مزارات کو منہدم کیا گیا ہے۔ چین کی اسلام دشمنی کوئی نئی بات نہیں۔ مسلم ریاست مشرقی ترکستان پر قبضے کے بعد وہاں بسنے والے مسلمانوں پر انسانیت سوز مظالم، مسلمان خواتین کے ساتھ جنسی زیادتیاں، مسلمان بچوں کو ذہنوں سے ایمان کھرچنے اور الحاد بھرنے والے مشنری اسکولوں میں زبردستی رکھنا، نبی اکرم محمد ﷺ سمیت معروف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ناموں کے استعمال پر پابندی اور مساجد کے انہدام جیسے واقعات چین کی اسلام دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

چین کی مساجد ہوں، بھارت کی بابری مسجد ہو، پاکستان کے شہر اسلام آباد کی مسجد امیر حمزہؓ یا لال مسجد ہو، مساجد کی بے حرمتی اور انہیں شہید کرنے والے سب ہی اسلام دشمن ہیں چاہے ان کے نام مسلمانوں جیسے ہی کیوں نہ ہوں۔ اگر ایک پڑوس (بھارت) میں شہید کی جانے والی بابری مسجد پر ہمارے دل غمگین ہوتے ہیں تو دوسرے پڑوس (چین) میں ڈھائی جانے والی ہزاروں مساجد پر بھی ہمیں اتنا ہی غمزدہ اور غضب ناک ہونا چاہیے۔ اور سب سے بڑھ کر اپنے ملک میں دین کے خلاف برسرِپیکار اسلام دشمنوں سے نفرت و عداوت ہمارے ایمان کا حصہ ہونی چاہیے۔

ترکی کی تاریخ کی سب سے بڑی دریافت
بحر اسود میں 320 ارب کیوبک میٹر گیس کے وسیع ذخائر

ترکی نے بحر اسود میں قدرتی گیس کے نئے ذخائر دریافت کیے ہیں۔ ۲۶ ٹریلین کیوبک فیٹ یا ۸۰۰ بلین کیوبک میٹرز پر مشتمل ان ذخائر سے ترکی کے اگلے ۲۰ سالوں کی ضروریات پوری ہو سکتی ہیں۔

سعودی عرب، عراق، کویت، سمیت دیگر عرب ممالک میں تیل کے لاتعداد ذخائر موجود ہیں، جبکہ پاکستان سمیت دیگر مسلم ممالک بھی قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں۔ لیکن افسوس کہ یہ خزانے ہم پر مسلط کفار یا ان کے کٹھ پتلی حکمرانوں کے ہاتھ میں ہیں جنہیں یہ خائن حکمران اپنے ذاتی مفادات اور اپنے مغربی آقاؤں کو خوش کرنے کے لیے مسلمانوں اور مجاہدین کے خلاف ہی استعمال کرتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کفار کی جانب سے دنیا کے نقشے پر کھینچی گئی جغرافیائی سرحدوں کو ختم کر کے ایک مسلم امت کا تصور بیدار کیا جائے اور اس امتِ واحدہ کی شیرازہ بندی کے لیے دنیا بھر میں کفار سے نبرد آزما مجاہدینِ اسلام کی اخلاقی اور عملی معاونت کی جائے تا کہ ایک ایسی اسلامی خلافت قائم ہو جو ان وسائل کو اسلام اور مسلمانوں ہی کی فلاح و بہبود میں کھپائے۔

سویڈن اور ناروے میں اسلام مخالف مظاہرے
قرآن پاک کی بے حرمتی اور جلائے جانے کے واقعات

سویڈن کے شہر مالمو میں اسلام دشمنوں نے اسلام مخالف مظاہرہ کیا جس میں قرآن پاک کے ایک نسخے کو آگ لگا دی گئی۔ اس واقعے کے بعد مختلف علاقوں میں اسلام پسندوں اور اسلام دشمنوں کی جانب سے احتجاج و مظاہرے شروع ہو گئے۔ بعد ازاں اگلے ہی روز ناروے کے دارالحکومت اوسلو میں بھی اسلام مخالف ریلی نکالی گئی جس میں مظاہرین نے قرآن پاک کے اوراق پھاڑے، جبکہ پولیس اس وقت تماشائی بنی کھڑی رہی۔ لیکن جب اسلام پسند مظاہرین نے اس اشتعال انگیز عمل کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا تو ان مسلمانوں پر لاٹھی چارج اور آنسو گیس کے شیل فائر کیے گئے اور متعدد مسلم مظاہرین کو گرفتار کر لیا گیا۔

مغربی ممالک سمیت دنیا بھر میں آزادیٔ اظہارِ رائے کی آڑ میں شعائر اسلام کی بے حرمتی کا منظم سلسلہ ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے جاری ہے۔ ۲۰۱۵ء میں جب عالمی جہادی تحریک القاعدہ کی شاخ جزیرۃ العرب سے تعلق رکھنے والے کواشی برادران نے فرانس میں گستاخانہ خاکے شائع کرنے والے اخبار ''چارلی ہیبڈو'' کے دفتر پر حملہ کیا اور اپنے محبوب نبی محمد ﷺ کی شان میں کی جانے والی گستاخی کا بدلہ لیا تو اس کے بعد ان گستاخانہ اور اشتعال انگیز افعال میں واضح کمی دیکھنے میں آئی۔ آج ایک بار پھر جب شعائرِ اسلام کی بے حرمتی کا سلسلہ شروع ہوا ہے تو ایسے میں ان کا علاج تلوار کے علاوہ اور کچھ نہیں۔

اس موقع پر ہم آج پھر اپنے محبوب شیخ اسامہ بن لادن رحمہ اللہ کے وہ الفاظ دہراتے ہیں جو انہوں نے شعائرِ اسلام کی توہین کرنے والے مغربی ممالک کی حکومتوں اور عوام سے فرمائے تھے:

> ''اگر تمہاری اظہارِ رائے کی آزادی کا کوئی اصول نہیں تو پھر ہمارے افعال کے لیے بھی سینے کھلے رکھو...... حقیقی جواب وہ ہوتا ہے جو آنکھوں دیکھا ہو نہ کہ کسی سے سنا ہوا۔''

پس آج ہر غیرت مند مسلمان پر لازم ہے کہ ہمارے محبوب نبی محمد ﷺ اور اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید کے گستاخوں کے خلاف اسلحہ اٹھائے اور کواشی برادران کی طرح ان اسلام دشمنوں کو سخت سبق سکھائے۔

نیوزی لینڈ: ۵۱ نمازیوں کو شہید کرنے والے دہشت گرد کو عمر قید کی سزا

نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ کی دو مساجد میں حملے کر کے ۵۱ افراد کو شہید کرنے والے دہشت گرد برینٹن ٹیرنٹ کو ناقابلِ ضمانت عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ شہدا کے لواحقین عدالت میں بیان ریکارڈ کرواتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے۔

ہمارے پیارے حبیب محمد ﷺ نے فرمایا، ’’اسلحہ مومن کا زیور ہے‘‘۔

جب ہر مسلمان محض رونے دھونے کی بجائے اسلحہ اٹھا کر ان ظالم کفار کے خلاف خون کے بدلے خون کے دینی اصول پر عمل کرنا شروع کردے گا تو خدا کی قسم کفار یہ جرأت نہیں کرپائیں گے کہ کبھی یہاں مسلمان شہید کیا، کبھی وہاں مسلمان شہید کیا۔

پاکستان نے امارتِ اسلامیہ افغانستان کے دو رہنماؤں کو دہشت گردوں کی فہرست میں ڈال کر ان پر پابندی عائد کردی

گزشتہ دنوں پاکستانی دفتر خارجہ کے ایک بیان میں امارتِ اسلامیہ افغانستان کے نائب امیر سراج الدین حقانی اور امارتِ اسلامیہ افغانستان کے سیاسی نائب ملا عبدالغنی برادر پر پابندیاں عائد کی گئیں اور ان دونوں حضرات کو دہشت گردوں کی فہرست میں ڈال دیا گیا تھا۔ بیان جاری ہوتے ہی طالبان عالی شان کے رہنما ملا برادر (جن پر کہ پابندی لگائی گئی تھی) نے پاکستان جانے کا اعلان کیا جسے سنتے ہی پاکستانی فوج و ایجنسیوں کی حالت خراب ہوگئی۔ پھر جب ملا برادر صاحب شیروں کی طرح پاکستان پہنچے تو وزیر اعظم اور آئی ایس آئی سربراہ سمیت کئی چھوٹے بڑے کارندے خوف کے عالم میں ان کا استقبال کرنے کو موجود تھے۔ ملا برادر کے اس دورہ میں پاکستانی حکام مستقل افغان طالبان کی تعریفیں اور ان کے لیے مراعات اور سہولیات دینے کی باتیں کرتے رہے۔

یہ جہاد کی ہی برکت ہے کہ اللہ رب العزت نے اس مبارک راستے کی وجہ سے طالبان کو وہ عزت اور شان بخشی کہ آج طالبان کے ایک اعلان سے ہی کفار اور ان کے غلاموں کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں اور وہ خوف کے عالم میں ان کے آگے بچھے جاتے ہیں۔

پاکستان سمیت برِّ صغیر میں بسنے والے عوام اور خواص کے لیے بھی طالبان عالیشان کی مثال ایک واضح نمونہ ہے کہ اگر اسلام اور مسلمانوں کو عزت اور قوت میں دیکھنا چاہتے ہیں تو دعوت و جہاد کے راستے کو مضبوطی سے تھام لیں اور ان مجاہدین کے دست و بازو بن جائیں جو اس جمہوری نظام کو گرا کر ایک اسلامی نظام قائم کرنے کے لیے میدانوں میں سرگرمِ عمل ہیں اور جو اس امت کے کل پر اپنا آج قربان کر رہے ہیں۔

ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے ظفر آباد میں ’’اصلی‘‘ پولیس مقابلہ

ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مارا جہاں انہیں مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ جوابی فائرنگ میں دو اہلکار، ڈی ایس پی جلیل اور رفیع اللہ نامی سپاہی شدید زخمی ہوگئے اور ’’شدت پسند‘‘ فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق دہشت گرد ’’واقعی‘‘ مسلح تھے اور ان کے ہاتھوں اور پاؤں میں ہتھکڑیاں اور بیڑیاں بھی نہیں تھیں، اسی وجہ سے وہ پولیس کو نقصان پہنچا کر بھاگنے میں کامیاب ہوگئے اور پولیس مقابلہ ناکام ہوگیا!

امریکہ میں آسمانی بجلی گرنے سے خوفناک آگ بھڑک اٹھی، لاکھوں افراد بے گھر

امریکی ریاست کیلیفورنیا میں پہلے سے بھڑکتی ہوئی آگ ہی بے قابو تھی کہ آسمانی بجلی گرنے کے واقعات نے مزید ۶۰۰ مقامات پر آگ بھڑکا دی۔ ریاست کیلیفورنیا کے شمال اور وسط میں لگنے والی آگ نے لاس اینجلس سے تین گنا بڑے رقبے کو راکھ کا ڈھیر بنادیا ہے۔

اور اب جدید ٹیکنالوجی کے نشے میں دھت امریکہ کی حالت یہ ہے کہ قہرِ الٰہی کی ایک چھوٹی سی جھلک کو بھی سنبھال نہیں پا رہا۔ آگ سے ہزاروں گھر جل کر خاکستر ہوگئے ہیں اور اڑھائی لاکھ افراد نقل مکانی کرچکے ہیں۔

دنیا کی آگ سے کئی گنا زیادہ بھڑکتی ہوئی آگ ان شاء اللہ آخرت میں ان امریکی کفار کا مقدر ہے۔

ووہان میں طوفانِ بدتمیزی

کورونا کی ’جائے پیدائش و افزائش‘، چینی شہر ووہان میں لاک ڈاؤن ختم کردیا گیا ہے۔ لاک ڈاؤن کیا ختم ہوا کہ انسانیت سے عاری، حیوانی اقدار سے بھی محروم چینی تنگ دھڑنگ گھروں سے باہر نکلنے لگے اور دنیا کی ہر قسم کی برائی کے عوامی اجتماعات ہونے لگے۔

بے لباس، بلکہ قریباً برہنہ چینی عورتیں اور مرد ہر قسم کی تفریح گاہوں اور عوامی مقامات پر جمع ہیں جہاں گانے بجانے، فحش ڈانس اور کانسرٹس کے میلے ٹھیلے لگائے گئے ہیں۔

ایک بار پھر کتے، خنزیر اور سانپ، بچھو کھانے کھلانے کے لیے دکانیں کھول دی گئی ہیں۔

بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق ’چین کا شہر ووہان ’’زندگی‘‘ کی طرف لوٹ رہا ہے‘۔

سبحان اللہ، یہی تو وہ ’زندگی‘ ہے جس پر الٰہی تنبیہ کورونا اہلِ عالم کو عموماً اور اہلِ چین کو خصوصاً موصول ہوئی تھی۔ یہ زندگی نہیں موت ہے اور افسوس تو ہمارے حکمرانوں پر ہے جو تاریخ انسانیت کی سب سے زیادہ اقدار سے عاری قوم سے دوستی کے خواہاں ہیں بلکہ اس پر گرم جوشی سے کاربند ہیں اور اپنے مستقبل کو چین کے ساتھ نتھی قرار دیتے ہیں!

حاملِ المسکؑ

اشعار: احسن عزیز شہیدؒ

جب کھلی نہ تھیں اِدراک کی کھڑکیاں
فہمِ تازہ کی کرنیں بھی انجان تھیں
ہم نے چہرے پڑھے تھے کتابیں نہیں
ہم نے آنکھوں میں جھانکا تھا دل میں نہیں
چاند چہروں پہ پھیلی ہوئی روشنی
پھول آنکھوں میں کھلتی ہوئی زندگی
خود کتابوں میں لکھے کی تعبیر تھی
اس کو سمجھا تو جب ہی سمجھ پائے ہم
منزلوں کا پتہ، وہ پیامِ حرم
اس کو جانا تو دِل میں جما پائے ہم
بے ثباتی جہاں کی، ثباتِ عدن
اس کو مانا تو پھر ہی بھلا پائے ہم
اپنے خوابوں کی دنیا بکھرنے کا غم
'کیریئر' کی تباہی کا رنج والم
یہ بھلایا تو آخر نبھا پائے ہم
اپنا عہدِ وفا تا بہ ملکِ عدم!

''وادیٔ کشمیر میں عسکری تحریکِ مزاحمت کو جاری رکھنا اب ناگزیر بن چکا ہے، عسکری تحریک کے ختم ہونے کا مطلب (ہے) ہمارا وجود بحیثیت اہلِ ایمان کا خاتمہ...... کیونکہ ہماری دینی زندگی اور ایمان کا تحفظ عسکریت کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ وادیٔ کشمیر میں سرکاری دہشت گردی اب ہر شعبے، محکمے، ادارے اور ہر میدان میں داخل ہو چکی ہے، عسکری مزاحمت کے لیے کوئی اٹھے یا نہ اٹھے قانونِ الٰہی اور قانونِ فطرت کا تقاضا ہے کہ یہ باطل کو زیادہ دیر برداشت نہیں کرتا...... اگر قانونِ الٰہی کے مطابق باطل کا سر نہ کچلا جائے تو پھر عبادت گاہیں تک محفوظ نہیں رہ سکتیں...... اس وقت ہماری جان، ہمارا ایمان، ہماری عزت وعصمت، ہمارا مال وجائیداد، ہر ایک چیز بھارتی فوجیوں کے رحم وکرم پر ہے۔ ہمیں جہاد کو اپنی ہر صلاحیت، اپنا مال، اپنی جان اور اپنا سب کچھ دینا ہوگا...... ہمیں جہاد کو عزت دینی ہوگی پھر جہاد ہمیں وہ کچھ دے گا جس سے ہماری جان، ایمان، مال اور عزت محفوظ ہوگی!''

مجاہدِ اسلام شیخ **افضل گورو** شہیدؒ

[آئینہ (آن لائن نسخہ)، ص ۱۴۳]